TEXT PROBLEM WITHIN THE BOOK ONLY

UNIVERSAL LIBRARY
OU_222512
UNIVERSAL LIBRARY

OUP—67—11-1-68—5,000.

OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY

Call No. Accession No. U 710

Author

Title دیوان رشید

This book should be returned on or before the date last marked below.

ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

کلام بلاغت التیام لطف انجام جناب مولوی حکیم سید امداد امام صاحب مخاطب بہ شمس العلما متخلص بہ اثر سلمہ ربہ

دیوان اثر

۱۸۹۷

بحسن اہتمام و تصحیح تمام جناب سید علی محسن صاحب بلگرامی آرہ مقامی

مطبع منشور دار محمدی ظہور الحق بہاری طبع یافت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ردیف الف

مزین بسم اللہ سی مطلع ہے دیوان کا
الٰہی ہو اثر میرے بیان مین حسن قرآن کا

فزون ادراک سی ہی مرتبہ شاہِ رسولان کا
اوسی سرتاج خالق نی بنایا جن و انسانکا

فقیری مین مجھی بخشا خدا نی اوج سلطان کا
گدا مجھکو بنایا آستانِ شاہ مردانکا

رولاتا ہی لہو آنکھونسے غم شاہِ شہیدانکا
مری گریہ سی دل ہی پانی پانی ابرِ باران کا

نمودِ شکل ہستی کُن فکانکی کارسازی ہے
ظہورِ ہر دو عالم ہی اشارہ تیری فرمان کا

توانائی دہِ ہر ناتوانا دست خالق ہے
جو آنکھین ہون کری کوئی تماشا پیر کنعانکا

تغافل اوسکا رستم کو بنا دی زال سی بدتر
توجہ اوسکی بخشے مور کو رتبہ سلیمان کا

تری معراج سی معراج پائی عرش اعظم نے
فلک کہتی ہین جسکو ہی وہ زینہ تیری ایوانکا

طہارت پنجتن کی آیت قرآن سی ثابت ہے
نجس خود ہی جو منکر ہو کلام پاک یزدانکا

زہی توقیر و شان آستان عرش پیرامن
بلا گردان فلک ہی گنبد شاہ خراسانکا

علی سی تا بمہدی یہ امام ہر دو عالم ہین
ہر اک ائمین ہی حکم حق سی رہبر جن و انسانکا

علی ہی رازدان حق علی ہے ہمزبان حق
علی ہی ترجمان حق علی معنے ہے قرآن کا

سر خیل اماماں ہی امام پاکبازان ہے
امم کا مقتدا ہی پیشوا ہے اہل ایمان کا

پڑھی ناد علی جب حکم رب سی سرور دین نے
کھلا جو ہر احد مین ذوالفقار شاہ مردانکا

شہا جسدم ترا بحر توجہ جوش پر آیا
ہوا غرق فنا دم مین عدو موسی عمرانکا

اوٹھایا پردہ ظلمت کو تیری نور نی ورنہ
نہان تھا خضر کی آنکھوں سی چشمہ آب حیوانکا

اوٹھا دنیا سی عیسی نام پاک مرتضی لیتا
علی نام خدا ہی مومنو ہمنام یزدان کا

ہوا تو حکم حق سی ناخدای زورق نصرت
نہ پہونچا کوئی صدمہ نوح کی کشتی کو طوفانکا

کیا سجدہ ملایک نی تجھے آدم کی صورت مین
ہوا گمراہی شیطانکا باعث عذر شیطانکا

خلیل اللہ کو تیری کرم نی امن مین رکھا
دکھایا آتش نمرود نی جلوہ گلستانکا

علی کی ہاتھ مین کونین کی عقدہ کشائی ہی
امام جنی و انسی ہی مالک جسم کا جان کا

ہمارا طایر دل ہے کباب آتش الفت
نہو کیونکر اثر اوسمین حدیث طیر بریان کا

وہ بلبل ہون کہ باغ منقبت مین شور ہے اپنا
مری نغموں سی دم ہی بند مرغان خوش الحان کا

خدا کیونکر نہ دیتا خرقۂ معراج حضرت کو
گنہگارونکی عیبونکو ہمیشہ آپ نے ڈھانکا

علیؑ ہی باب شہرِ علم و دانای رموزِ حق
علیؑ ہی صاحبِ عرفان علیؑ عالم ہی قرآنکا

نبیؐ سی ای شہِ دین تو نی پای دخترِ ذی شان
کیا حق نی تجھے مورد عطاے تیغِ برّانکا

ولا تیری نہو جسمین مسلمان ہو نہین سکتا
مسلمان کا جو معنے ہی وہی معنٰی ہے سلمانکا

سنا ہی آفتابِ حشر مین گرمی بہت ہوگی
شہا سایہ ہلی روزِ قیامت تیرے دامانکا

بجا ہی گر اثر کی ذات پر نازش کری دوران
فلک سی ہی زیادہ مرتبہ تیری ثناخوان کا

دلِ وحشی ہوا مسکن گزین ایسی بیابانکا
کہ عالم پای مجنونمین جہان ہی بید لرزانکا

سرِ شوریدہ منت کش نہوگا سنگ طفلانکا
سوا کوہ گرانسی ہے اوٹھانا بار احسانکا

فلک تجھکو نہ ہو کیونکر حسد خاکِ شہیدانکا
شفق آلودہ دامن ہوگیا اوس ماہ تابانکا

تصور ہے دمِ گریہ جو تیرے روی خندانکا
مری آنکھین دکھاتی ہین تماشا برق و بارانکا

یہ وحشت رہنما ہے جادۂ دشتِ محبت ہے
دلِ گم گشتہ پر احسان نہین خضرِ بیابانکا

ہر اک نرگس مین عالم چشمِ مجنونکا ہوا پیدا
جو اوس لیلیٰ شمایل نی گلستانکی طرف جھانکا

جو کھینچی آہ سوزان قمری دل نی گلستانمین
ہر اک شمشاد پر عالم ہوا سروِ چراغانکا

مری آنکھون نی دیکھی ہی بہار اوس گل کے کوچہ کی
مبارک ہو تجھے زاہد نظارہ باغِ رضوانکا

گنہگارونکی آنکھین قلزمِ اشکِ ندامت ہین — نہین دشوار ای زاہد چھوڑانا داغ عصیانکا
فلک آئینہ داری جورِ مہرویان کی کرتا ہے — شفق ہی عکس خون آلودہ رخسارِ شہیدانکا
وہی ہی آدمی جو چشمِ عالم مین جگہہ پاوے — کوئی دیکھے کہ دیدہ مین محل ہوتا ہی انسانکا
ہراک مشتاق کی جان کسوت تن سی ہوئی باہر — دکھایا ساعدِ عریان نی عالم تیغ عریانکا
لبِ جان بخش کی الفت مین ہمنی جان شیرین دی — ہوا اپنی لئے زہراب چشمہ آبِ حیوانکا
رکھا خورشید نی بدلی کا رومال اپنی چہرہ پر — تہِ گیسو نظر آیا جو جلوہ روے تابانکا
مری خاکِ قدم کو کیون نہ آنکھونسی ملے مجنون — کہ نورِ چشم لیلیٰ ہی غبار اپنے بیابانکا
ہزارون حسرتونکو آسمان نی خاک کر ڈالا — دلِ مایوس خاکا ہو گیا گورِ غریبانکا
نہین محبوس ہوتی بوی گل دیوار گلشن سے — چلے روحِ روان پر زور کیونکر تن کی زندانکا
کیسیکی دید پر موقوف اپنی زیست ہی ناصح — مرا تارِ نظر انداز رکھتا ہے رگِ جانکا
عدو کو لیکے وہ بُت کیون نہ آئی میری میت پر — مسلمانون جلانا ہی اوسے مردہ مسلمانکا
ہزارون حسرتونکا خون ہوا ہی تیری ہاتھونسے — دل اپنا ای فلک ہمرنگ ہی گنجِ شہیدانکا
اثر قرآن خوانی کا نہین جاتا پسِ مردن — ہماری لوح تربت پر ہی عالم لوح قرآنکا
نہین ہی تنگ چشمی خاکسارونکا کبھی شیوہ — یہ اہلِ شوق آنکھونپر قدم رکھتے ہین مہمانکا
شہادت ہو گئی پیشِ نظر شام جدائی مین — ہلالِ چرخ نی عالم دکھایا تیغ بُرّانکا

تری چاہت نے جیسے یوسفِ دل کو گرایا ہی
تری چاہِ زنخدان پر گمان ہی چاہِ کنعان کا

نہین ہی یہ خونابہ فشانی چشمِ گریان کی
تصور ہی دمِ گریہ کسیکی نوکِ مژگان کا

نظر آئیگی تجھکو حق پرستی مے پرستی مین
کسی دن دیکھ اے زاہد تماشا بزمِ رندان کا

مسلمان ہون اگر کافر قصہ اونکا نہین کوئی
خدا ہی نے عدو تجھکو بنایا دین و ایمان کا

چھپے گا دامنِ محشر مین خورشیدِ قیامت بھی
غضب ہوگا عیان ہونا ہمارے داغِ پنہان کا

اونھین میری نہ کچھ اونکی خبر کیونکر ملے ہمدم
نہ یانکا کوئی وان جائے نہ آئے یان کوئی وانکا

نشان نقشِ قدم کا بھی نہ پایا تا دمِ آخر
عبث ہمنے کیا پیچھا اثر عمرِ گریزان کا

محفل مین اوسکے رات جو تو مہربان نہ تھا
ایسا سبک تھا غیر کہ کچھ بھی گران نہ تھا

وصلِ بتان مین خوفِ فراقِ بتان نہ تھا
گویا کہ اپنے سر پہ کبھی آسمان نہ تھا

پیشِ رقیب پرسشِ دل تمنے خوب کی
دشمن تھا پردہ دار نہ تھا رازدان نہ تھا

عبرت دلا چکی تھی ہماری ستم کشی
مطلق شبِ وصال عدو شادمان نہ تھا

بگڑے ہوئے رقیب سے وہ آئے میرے گھر
اس حسنِ اتفاق کا کوئی گمان نہ تھا

سرگرم نالہ کیون رہی بلبل بہار مین
کیا ہم نہ تھے اسیر کہ ذوقِ فغان نہ تھا

سرشار بیخودی تھے اثر بزمِ یار مین

کیا جانئین ہم رقیب کہان تھا کہان نہ تھا

قید تن سے روح ہے ناشاد کیا — چند روزہ عمر کی میعاد کیا

میری ایذا سے عدو ہو شاد کیا — تجھپہ تکیہ او ستم ایجاد کیا

اونکی خاطر جائین بزمِ غیر مین — آرزوئے جنتِ شداد کیا

پار ہا ہے دل مصیبت کے مزے — آئے لب پر شکوہ بیداد کیا

دل مین جو آئے اوسے کہہ ڈالئے — آپ کی باتین کرینگے یاد کیا

دوستو آئے ہین وہ دشمن کیساتھ — مجھکو دیتے ہو مبارکباد کیا

جب نہین کچھ اعتبارِ زندگی — اس جہان کا شاد کیا ناشاد کیا

جب برنگِ گل ہے پابندِ مکان — باندھتے ہین سرو کو آزاد کیا

کچھ اگر تاثیر رکھتی ہے تو کھینچ — ورنہ اے دل حاصلِ فریاد کیا

ہے ترا پامال ہر نخلِ چمن — تیرے آگے سرو کیا شمشاد کیا

یار کی تصویر دل پر کھینچ لی — کھینچتے ہم منتِ بہزاد کیا

غیر دل سے ایک دم جاتا نہین — ہم تجھے آئین ستمگر یاد کیا

مجھ سے پہلے سن چکے ہین غیر کی — وہ مرے حق مین کرین ارشاد کیا

کوہکن کی آنکھ مین ہلکے بنین — سر پہ لین ہم منتِ جلاد کیا

سر پٹکتے ہین اسیرانِ قفس
ہے چمن کی اے صبا روداد کیا

عاشقی ہے سر پہ لینا کوہ غم
نازشِ سربازی فرہاد کیا

عرض اپنی ہے جو ہے عرضِ عدو
دیکھئے کرتے ہین وہ ارشاد کیا

سرکشی تجھسے کرے کیا تاب ہے
آدمی کی اے خدا بنیاد کیا

بیحقیقت جان کر دل کو ارشؔ
تونے اے نادان کیا برباد کیا

تیر اپیکان مری سینہ سی نہ تنہا نکلا
لختہای دلِ مجروح کو لیتا نکلا

اوسکے کوچہ سے جنازہ پہ جنازہ نکلا
عشق بھی قہر الٰہی کا نمونہ نکلا

حق بھٹھر جائیگا واعظ کا بیانِ محشر
تو اگر گورِ غریبان کیطرف جا نکلا

شوق آوارگی منت کشِ رہبر نہوا
خضرِ رہ اپنے لئے جادۂ صحرا نکلا

عمر بھر کوچۂ ظالم سے نکلنے نہ دیا
دردِ دلداریٔ غم سلسلہ پا نکلا

ہم مسلمان ہین مگر دل ہی بلا کا کافر
آنکھین بھر آئین جہان ذکر بتونکا نکلا

اپنی ہُو حق سے نکر محفلِ رندان برہم
توہی ای شیخ بڑا حق کا شناسا نکلا

دم مین معدوم ہوئی صورتِ یکتائی حسن
آئینہ خانہ مین باطل ترا دعوی نکلا

شوق نے حسرتِ دید بنایا کس کا / شعلۂ طور مرا داغ تمنا نکلا
تول کر رہ گئے شمشیر دودم کیا معنی / حوصلہ اسمین تمہارا نہ ہمارا نکلا
عشق کو ملکِ عدم تک نہ ملا کوئی سراغ / دہر مین نام وفا صورتِ عنقا نکلا
عین وقعت ہی محبت مین ہے سر خود داری / حرف مطلب مری منہ سی کبھی دیکھا نکلا
خلشِ تیر مژہ دل سے نجانے پاے / پھر کہان لذتِ ایذا جو یہ کانٹا نکلا
کیا بیان کیجئے منہ بند ہوا جاتا ہے / کچھ غضب کا دہنِ یار معما نکلا
اپنے مرنے سی عدو موردِ بیداد ہوا اب / تجھ سے ای مرگ بڑا کام ہمارا نکلا
حسدِ غیر سے کیا کم ہو مری شہرتِ عشق / نام جس شخص کا جس بات مین نکلا نکلا
وای تقدیر کہ اوس دشمنِ ایمان کی حضور / مین بد اندیش عدو چاہنے والا نکلا

مر گیا ہاے اثرؔ پھوڑ کے سر پتھر سے
عشق گیسوی صنم جان کا سودا نکلا

دل سنگ نہین ہے کہ ستمگر نہ بھر آتا / کرتے نہ اگر ضبط تو منہ تک جگر آتا
تو فاتحہ خوانی کو اگر قبر پر آتا / مرنے سے مرے غیر کا مطلب نہ بر آتا
سو بار تجھے ناقۂ لیلےٰ نظر آتا / اے قیس اگر دشت مین تو راہ پر آتا
تخصیص نہ تھی طور کی ای حضرتِ موسےٰ / ہر سنگ مین وہ نور تجلےٰ نظر آتا

ہوتا جو خبر کچھ بھی مری سوزش دل سے
دوزخ سے مجھے واعظ نادان نہ ڈراتا

ہوتی چمن آرائے ازل کی جو مشیت
اپنے شجرِ عشق کا وقت ثمر آتا

بیکار نہ کر رات بسر منتظری مین ؎
آنا اوسے ہوتا تو وہ ابتک اثر آتا

جان دینا عاشق جانباز کو مشکل ہی کیا
لیکن اس سی بیوفا تو ہی بتا حاصل ہی کیا

دار ہستی مین عذابِ غم اوٹھاتا ہی رہا
تیرے جاندادہ کو ظالم گور کی منزل ہی کیا

ہے مری تردامنی عبرت دہِ طوفان نوح
میری دامن کے برابر دامنِ ساحل ہی کیا

مرگئی جنکو پڑی تیری لبِ شیرین کی چاٹ
سچ بتا اس انگبین مین زہر بھی شامل ہی کیا

بر سرِ حق رہ دلا حق کو ہمیشہ ہے فروغ
حق کی آگے مدعی کا دعویِ باطل ہی کیا

مانعِ دیدِ رخِ لیلے نہین کوئی حجاب
قیس تیرا پردۂ دل پردۂ محمل ہی کیا؟

خاک سی ہوتی ہین پیدا خاک مین ملتی ہین گُل
لفظ گُل ای اہل معنے درحقیقت گِل ہی کیا

کیون رہا کرتا ہی ای ظالم ہمہ دم بیقرار
تیرے پنجہ مین کسی آزارکش کا دل ہی کیا

خط مین لکھتی ہین کہ آئینگے کہین ہوتی ہوئے
اس عنایت مین مرادِ غیر بھی شامل ہی کیا

دل ہی سینہ مین کہ ہی سیماب بر آتش اثر
ماہی بے آب ہی یا طایرِ بسمل ہے کیا

اوسکے دل مین اثر ذرا نہوا
آہ اے نالہ تو رسا نہوا

تیری جانب سی مجھپہ کیا نہوا
خیر گزری کہ تو خدا نہوا

کیون ترا آشنا عدو ٹھہرے
جب ترے غم سے آشنا نہوا

مرکے اوسکی گلی کی خاک ہوا
مین فنا ہوکے بھی فنا نہوا

عشق کا رنگ کچھ نرالا ہے
خون دل رو کشِ حنا نہوا

مایۂ ناز تھا جو اپنا دل
ناوکِ ناز کا نشانہ ہوا

مار ڈالا مجھے عدو کے لئے
حیف تو صبر آزما نہوا

پھر نہ چھوٹے گا تیری ہاتھونسے
خون اہلِ وفا حنا نہوا

کتنے عاشق پڑے ہین مست و خراب
میکدہ تیرا آستانہ ہوا

آنکلتا ہی میرے کوچہ مین
تجھسے اتنا بھی اے دعا نہوا

کوئی پروا نہین کمینون کی
آسمان مہربان ہوا نہوا

تیرے پنجہ سی اے فلک انسان
زندہ جب تک رہا رہا نہ ہوا

تھا جو عاشق تمھارا پا برکاب
سوے ملکِ عدم روانہ ہوا

اب ستم غیر پردہ کرتے ہین
میرا مرنا مجھے برا نہ ہوا

خوبیان وہ ہزار رکھتے ہون
اونسے کوئی مرا بھلا نہ ہوا

مت برا مانئے کہ الفت مین
لطف کیا ہے اگر گلا نہ ہوا

کچھ تو درکار تھی نمک ریزی
زخم کھایا مگر مزا نہ ہوا

اے اثر تجھکو پھر گلا کیا ہے
جب کسیکا وہ بیوفا نہوا

بہت آسان ہی تجھکو شاد کرنا
سمجھکر غیر پر بیداد کرنا

مبارک ہو دلا تجھکو اسیری
نہین وہ جانتے آزاد کرنا

دل اپنا ہو رہا ہی غم کا خوگر
مری خاطر عدو کو شاد کرنا

ہے اپنا امتحان دشمن کی عبرت
جہانتک ہو سکے بیداد کرنا

توقع دادرِ محشر سے کیا ہے
نہین آتا ہمین فریاد کرنا

اثر بعدِ فنا کیا کام آے
مجھے رو رو کے اونکا یاد کرنا

نالہ ہائے شب فرقت کا اثر کچھ نہوا
مہربان حال پہ وہ رشکِ قمر کچھ نہوا

نخل الفت مین نمودار ثمر کچھ نہوا
بارور باغ جہان مین یہ شجر کچھ نہوا

معجزی کا تیرے کشتہ پہ اثر کچھ نہوا
چرخ چارم سے مسیح آئے مگر کچھ نہوا

ہی خدا دوست تو دشمن کہین باز دبیگا
دست فرعون سے موسیٰ کو ضرر کچھ نہوا

غیر کی شب کو شب قدر بنایا تو نے
تجھ سے میرے لئے ای رشک قمر کچھ نہوا

ہے سفر شکل سقر یار اگر ساتھ نہین
ہم سفر وہ جو نہ تھا لطف سفر کچھ نہوا

کرلے خونابہ فشانی بھی اگر دل چاہے
اشک ریزی سی تو ای دیدۂ تر کچھ نہوا

مشق تصویر ادسے میشق تصور مجھکو
پیش بہزاد عیان اپنا ہنر کچھ نہوا

تھا رحیمی خدا کا جو تیقن دل کو
عرصۂ حشر مین اعمال کا ڈر کچھ نہوا

صاحب فیض ہین شمشیر ستم سی محفوظ
بارور نخل کو آزار تبر کچھ نہوا

دولت عشق ازل ہی سی نصیب دل تھی
اسلئے میل مجھے جانب زر کچھ نہوا

شب خدا جانی کہان یار رہا بزم فروز
رات سامان طرب غیر کے گھر کچھ نہوا

یاس سی دیدۂ عیسی مین لہو بھر آیا
رو بصحت جو مرا زخم جگر کچھ نہوا

حشر مین اور بھی اک حشر مچیگا ظالم
میرا تیرا وہان انصاف اگر کچھ نہوا

چل گئی وصل کی شب گردن عاشق پہ چھری
تیرا نقصان تو ای مرغ سحر کچھ نہوا

بیخطر کعبۂ دل تو نے ستمگر ڈھایا
بت ترسا تجھے اللہ کا ڈر کچھ نہوا

لاکھ سمجھایا اثر کو کہ ندی عشق مین جان
ناشنو تھا اوسے کہنے کا اثر کچھ نہوا

شورش غم سے مرا دل رات کیا بیتاب تھا
اشک جو آنکھونسے نکلا رُو کشِ سیماب تھا

صحبتِ اغیار مین خندان تھا وان وہ برقِ وش
روبرو یان چشم ترکے زہرۂ ابر آب تھا

یان لگی تھی آتشِ غیرت سی اپنی دل مین آگ
شمع بزم غیر وان وہ غیرتِ مہتاب تھا

پردہ ہای گوش تھی وان محو آہنگِ رباب
یان الم تارِ نفس کی واسطے مضراب تھا

یان در و دیوار سی تھا کام سر کو اور وان
غیر کا زانو بجاے بالشِ کمخواب تھا

حلقۂ گیسو تھی وان عنبر فروشِ دست غیر
یان سراپا دیدۂ تر حلقۂ گرداب تھا

خون دل پیتا رہا مین شام سی یان تا سحر
وان بکام دشمنان جامِ شرابِ ناب تھا

کچھ نہ پوچھو ای اثر طوفان رنج ہجر یار
جوششِ گریہ سی بستر اک کفِ سیلاب تھا

جفا پرور سے امیدِ وفا کیا
عدو کے جور کا تجھسے گلا کیا

غرض دل دادگی کی جانتی ہین
کرون مین اوسنسے عرضِ مدعا کیا

نہین جب جوہرِ مردم شناسی
ستایش ہای دشمن کا گلا کیا

نہین شایان روح پاکبازان
دلا حسی لذاید مین مزا کیا

سپاسِ طالعِ نیکو چہ معنے
شکایت ہای بخت نارسا کیا

عدو سنکر نہ چوحی دست قاتل
دہانِ زخم شورِ مرحبا کیا

سراپا جلوۂ رنگِ وفا ہے
دل خون گشتہ کی آگی حنا کیا

صبا آوارہ و گل نذرِ صرصر | چمن کی ہوگئی اگلی ہوا کیا
فروغِ جلوۂ گل عارضی ہے | تماشاے بہارِ بے بقا کیا
عبث کرتی ہے بلبل ماتمِ گل | غمِ بربادیِ اہلِ فنا کیا

اثرؔ موہوم ہے مضمونِ ہستی
نہین معلوم ہے کیا اور بقا کیا

جھوٹے وعدو نپر تمھاری جائین کیا | جانتے ہین تمکو دھوکا کھائین کیا
پرسشِ اپنے قتل کی ہونے لگی | داورِ محشر کو ہم بتلائین کیا
اونکی محفل حیرتِ عالم سہی | غیر ہم پہلو جہان ہو جائین کیا
خونِ دل کھانے سے کچھ انکار ہے | جب نہین اے لذّتِ غم کھائین کیا
ناصحِ مشفق کو سمجھانا پڑا | اس سمجھ پر ہمکو وہ سمجھائین کیا
غیر نے رہکر جہنّم کر دیا ؔ | ہین مسلمان تیرے گھر ہم آئین کیا
ہم سے اوسنے بات کیا باقی رہی | ہم کہین کیا اور وہ فرمائین کیا
ہے پشیمانی مین اقرارِ خطا | قتل کرکے مجھکو وہ پچتائین کیا
آئینگے پھر بھی وہی عشرت کے دن | انقلابِ دہر سے گھبرائین کیا
مرہی کر اوٹھینگے تیرے در سے ہم | آکے جب بیٹھے تو پھر اوٹھ جائین کیا

دل کو کھوئے ایک مدت ہو گئی
اے اثر اب ڈھونڈھنے سے پائین کیا

جاہل کا بکھیڑا ابھی ہے مشکل کا بکھیڑا
طے ہو نہین سکتا کبھی جاہل کا بکھیڑا

سر لیتے ہین عاقل بھی کہین دل کا بکھیڑا
یہ سارے بکھیڑو سے ہے مشکل کا بکھیڑا

پردہ سے نکل سینۂ مجنون مین سما جا
لیلے نہ رہے پھر کوئی محمل کا بکھیڑا

شب آئی جہان ہو گئی شب باش خوشی سے
درویش کو ہوتا نہین منزل کا بکھیڑا

کیا سیر کرون نازکی طبع ہے مانع
پھیلا ہی گلستان مین عنادل کا بکھیڑا

عشاق کا ہنگامہ تیرے در پہ ستمگر
ہے روز قیامت کے مقابل کا بکھیڑا

خود کاٹ گلا مر گئے جو مرگ طلب تھے
کیا رکھتے لگائے ہوئے قاتل کا بکھیڑا

ہنگامہ محشر سے ہے باللہ نہین کم
زاہد مجھے اوس حور شمائل کا بکھیڑا

کیونکر نہ بیابان کو نکل بھاگتا مجنون
زندان مین تھا دزات سلاسل کا بکھیڑا

دانا سے اثر رتبۂ مولی نہین پنہان
نادان ہی جو کرتا ہے فضائل کا بکھیڑا

کسی گل کا جو انتظار رہا
اپنی آنکھون مین خار خار رہا

گل رخون سے ملا نہ دلکو فراغ
عشق اپنے گلے کا ہار رہا

تیرے ہاتھوں سے ای جنون ہر دم
پیرہن اپنا تار تار رہا

دیر تک اپنا سر کہان قاتل
تہِ شمشیر آبدار رہا

شکل آئینہ دیدۂ حیران
محو نظارۂ نگار رہا

دست قاتل کو کب ہوئی تکلیف
خنجرِ غم سے دل فگار رہا

عمر بھر پانو مین رہی زنجیر
سر مین سودای زلف یار رہا

وعدۂ یار نے دیا کب چین
بعد مردن بھی انتظار رہا

آتشِ ہجر سے دلِ بیتاب
شکل سیماب بیقرار رہا

اے اثر عشق لالہ رویوں سے
اپنا دل غم سے داغدار رہا

ہوا ہے غم سے یہ عالم ہمارا
کہ کرتا ہے عدو ماتم ہمارا

نہ کیونکر غم سے ہو ہمکو مسرت
مسرت آپکی ہے غم ہمارا

دل و دیدہ سے ہوتی رازداری
کوئی انمین بھی تھا محرم ہمارا

قصور اس عاشقی مین حضرتِ دل
زیادہ آپکا ہے کم ہمارا

کوئی بھرتا نہین اب عشق کا دم
غنیمت ای اثر تھا دم ہمارا

جو یون خاک مین دل مرا مل گیا — تجھے ای فلک اس سی کیا مل گیا
مقدر مین زاہد جو تھا مل گیا — مجھے تو بتون مین خدا مل گیا
تری زلف پر دست بیعت ہوی — نصیبونسے یہ سلسلہ مل گیا
ادسے جان شیرین کی پروا نہین — جسے درد دل کا مزہ مل گیا
ذرا دل کو دیکھو تو اے ہمدمو — کدھر جاکے یہ بیوفا مل گیا
پہونچ ہی گئے ہم خدا تک صنم — ترا عشق وہ رہنما مل گیا
جدائی مین روتا ہون آٹھون پہر — مجھے خوب یہ مشغلہ مل گیا
وہ اگلا مزہ مے کا جاتا رہا — تو غیرونسے کیا ساقیا مل گیا
بتونکے محبت مین زاہد ہمین — تجھے کیا بتائین کہ کیا مل گیا

ترا شعر کوئی سنا جب اثر
مزا امیر کے شعر کا مل گیا

یون تو ہونی کو کیا نہین ہوتا — تیرا وعدہ وفا نہین ہوتا
غیر بد بین سوا نہین ہوتا — جو برا ہے بھلا نہین ہوتا
ایک پل دیکھکر تری آنکھین — ہوش پہرون بجا نہین ہوتا
رنگ گورا سہی فرنگن سا — بے نمک کچھ مزہ نہین ہوتا

یہ بتانِ حسین کہان ہوتے — تو اگر ای خدا نہین ہوتا
نالہ جاتا ہے عرش سی آگے — تو بھی اوس تک سا نہین ہوتا
عیب رندان اگر نکرتا شیخ — اپنے حق سے ادا نہین ہوتا
کرہ برائی سوای عدو پرہیز — کہ برے کا بھلا نہین ہوتا
تو ہے وہ ایک ای خدا میرے — جسکا پھر دوسرا نہین ہوتا
ملک مال و منال کا طالب — تیرے در کا گدا نہین ہوتا
سنگ طفلان جو یاد آئے ہین — ہاتھ سر سے جدا نہین ہوتا
دم جو نکلا تھا خیر نکلا تھا — غیر کا مدعا نہین ہوتا
عیب چینی کی تھی مجال کسے — تو اگر بیوفا نہین ہوتا
اوسکی زلفون سی دل اگر ڈرتا — مبتلائے بلا نہین ہوتا
کہدی گل کو پیام بلبل کا — تجھ سے اتنا صبا نہین ہوتا

آدمی کون ہے اثر جسکا ؎
بیٹھ پیچھے گلا نہین ہوتا ؎

اثر عمر غفلت مین کھوتا رہیگا — بہت سو چکا اب بھی سوتا رہیگا
خدا کی خدائی ہمیشہ رہیگی — جو ہوتا رہا ہے وہ ہوتا رہیگا

وفائین مری یاد آئینگی تجھکو | مرے واسطے یار روتا رہیگا

کہانتک دلا رہیگے غافل خدا سے | بتونمین تو اوقات کھوتا رہیگا

دم آخری تک ترا عشق مژگان | کلیجے مین برچھی چبھوتا رہیگا

جگائین نہ کیونکر شب وصل اوسکو | جوانی کی ہے نیند سوتا رہیگا

نہ ہوگا اثر اس سی کچھ تجھکو حاصل | اگر عمر بھر یون ہی روتا رہیگا

مٹیگا نہ اک حرف تیری مٹائے | لکھا بخت کا لاکھ دھوتا رہیگا

اثر دل ہے جبتک یہ کمبخت ہر دم
تجھے بحر غم مین ڈبوتا رہیگا

دل نہ بیوجہ رات مضطر تھا | اوسکے زانو پہ غیر کا سر تھا

اپنے گھر اونکو کیا بلاتے ہم | بوریا بھی نہین میسر تھا

ضبط دل پر بھی اوسکی محفل مین | اپنا رومال اشک سے تر تھا

یہ شرف ہے بتونکی صحبت کا | ورنہ کعبہ بھی ایک پتھر تھا

جان دینے مین سوچ کیا کرتے | مفلسی پہ بھی دل تونگر تھا

خوب و زشت جہانکا فرق نہ پوچھ | موت جب آئی سب برابر تھا

ہمسے خط لیکے بے نشان ہوا | کیا ہی عنقا صفت کبوتر تھا

آپ جبتک نہ رہے تھے دل
کچھ مزاج اور بندہ پرور تھا

ہجر لاحق ہوا وصال کے بعد
کیا ہی اولٹا مرا مقدر تھا

جور اعدا کی تاب کیا لاتا
دلِ کمبخت ناز پرور تھا

صحبت حور سے ہوئی وحشت
مین جو تیری ادا کا خوگر تھا

ہے اثر یا نہین خدا جانے
سُنتے ہین اوسکا حال دیگر تھا

جب خدا کو جہان بسانا تھا
تجھکو ایسا نہین بنانا تھا

میرے گھر تیرا آنا جانا تھا
وہ بھی اے یار کیا زمانا تھا

پھر گئے آپ میرے کوچہ سے
دو قدم پر غریب خانا تھا

جو نہ سمجھے کہ عاشقی کیا ہے
اوس سے بیکار دل لگانا تھا

آئے تھے بخت آزمانے ہم
آپکو تیغ آزمانا تھا ؟ !

اے ستمگار قبر عاشق پر
کچھ بھی آنسو تجھے بہانا تھا

تو نے رہنے دیا پسِ دیوار
ورنہ اپنا کہان ٹھکانا تھا

جس جگہہ اب ہی شیخ کی مسجد
پہلے وان پر شراب خانا تھا

دخل اہلِ ریا نہ رکھتے تھے
پاک بازونکا آنا جانا تھا

بزم میں غیر کو نہ بلواتے — آپ کو جب ہمیں بلانا تھا
اب نہ گل ہیں نہ وہ چمن شاداب ق — بلبلوں کا جہاں ترانا تھا
سنتے ہیں وہ شجر بھی سوکھ گیا — جسپہ صیاد آشیانا تھا

دل نہ دیتے اوسی تو کیا کرتے
اے اثر دکھ ہمیں اوٹھانا تھا

تمھیں اے بلبلو وقتِ اماں موسم ہے پت جھڑ کا — نہ اندیشہ ہے گلچیں کا نہ ہے صیاد کا دھڑکا
تری کی شکل پیدا ہو چکی تھی چشم گریاں سے — مگر جب سی جگر بہنے لگا نقشہ ہے کیچڑ کا
کسی خورشید طلعت سے گھر اپنا ایسا روشن ہے — کہ ہے تاریک شب میں بھی نمایاں نور کا تڑکا
نیا کچھ رنگ نکلا روئے آتشناک دھونے سے — تماشا ہے بجھانے سے یہ شعلا اور بھی بھڑکا
ہمیشہ صبح کا دھوکا رہا دل کو نہ چین آیا — دکھایا عارضِ جانان نے شب بھر نور کا تڑکا
میں کیا جاؤنگا صحرا کو رہا ہے مجھ میں کیا باقی — جنون زنجیر پا میری نہ اتنا زور سے کھڑکا
ہم اپنی زندگی میں سیر میدانِ محبت تھے — ترا توسن جو آ قاتل ہماری قبر سے بھڑکا
زبان دی ہے خدا نے آدمی کو نطق کی خاطر — وہ دیوانہ ہے جو ہو معتقد مجذوب کی بڑ کا
بلندی و پستی ہر قدم پر ملتی جاتی ہے — مسافر ملک دنیا کا ہے یارہ رو ہے بیہڑ کا
مقید طایرِ رنگِ چمن ہے تیری مٹھی میں — تو وہ صیاد ہے مرغ صبا کا جسپہ دم پھڑکا

مری جوہر شناسی کیا کرینگی شالی قبا والے
شکستہ پیرہن مین ہو رہا ہون لعل گودڑ کا

محقق ہیچ کن کو اہل دانش کب سمجھتے ہین
درختونکو گرا دیتا ہی جڑ سے کھودنا جڑ کا

وہی انسان جو لڑکا تھا جوان ہوکر ہوا بڈھا
بڑھاپی کو جہان پہونچا سر نو سی بنا لڑکا

گرے جاتی ہین دندان صورت برگ خزان سب ہی
بڑھاپی کا زمانہ ہی کہ موسم آیا پت جھڑ کا

صبا سی آمد فصل بہاری کی خبر سنکر
ہر اک مرغ قفس کیا کیا پے سیر چمن پھڑکا

کرین روباہ بازی مدعی ہمسے تو کیا ڈر ہے
کہین شیر دلاور بھی خطر رکھتے ہین گیدڑ کا

اثر تونے بھی پایا ہے مزاج حضرت آتش
جوانونمین جوان بڈھونمین بڈھا لڑکونمین لڑکا

زندگانی کا مزا اوس دم مجھے حاصل ہوا
جب گلو سیراب آب خنجر قاتل ہوا

عین وقت دید مجنون کو ہوا کیا اضطراب
اشتیاق روی لیلی پردۂ محمل ہوا

جب جنون طوفان پہ لایا چشم دریا بار کو
دامن صحرا بھی کوسون دامن ساحل ہوا

دل نہ دینا ای اثر بے فیض ہوتی ہین حسین
ماہ کے خرمن سی کسکو فائدہ حاصل ہوا

شیشہ سی کہان بادۂ احمر نے اوٹھایا
جو لطف کہ لب سی تری ساغر نے اوٹھایا

ہم ہو گئے مرنے پہ سلیمان کے برابر
تابوت بتان پری پیکر نے اوٹھایا

عشاق کے آگے جو ہوا یار قد آرا
غل پڑ گیا سر فتنۂ محشر نے اوٹھایا

اس عمر دو روزہ مین سبکدوش بھا رہنا
کیون بار جہان سر پہ سکندر نے اوٹھایا

سامان تعیش کیلئے چاہیے دولت
عشرت کا مزا کب کسی بوذر نے اوٹھایا

اوس داغ کی صورت بھی نہین لالہ نے دیکھی
ای گل جسے میری دل مضطر نے اوٹھایا

قم کہنے کی حاجت نہوئی اہل لحد کو
مردون کو تیری پانونکی ٹھوکر نے اوٹھایا

انگشت نمائی سے بچی اونکی نزاکت
الزام کمر زلف معنبر نے اوٹھایا

کچھ پوچھیے یوسف سی ذرا اسکی حقیقت
جو رنج برادر سے برادر نے اوٹھایا

کیا چاندنی چھٹکی مری گھر مین شب وصل
چہرہ سی نقاب اوس مہ انور نے اوٹھایا

اب دیکھیے کیا تازہ بلا آتی ہی سر پر
انداز نیا یار کے تیور نے اوٹھایا

کیا محو ترے خال دہن کا ہوا جاکر
دانہ کوئی ابتک نہ کبوتر نے اوٹھایا

مومن کی سوا اور اثر کون اوٹھائے
جو رنج علی کیلئے بوذر نے اوٹھایا

خنجر سفاک پر جوہر عیان ہوجائیگا
اپنی جان بازی کا جسدم امتحان ہوجائیگا

آہ سوزان کا اگر بالا دھوان ہوجائیگا
آسمان اک اور زیر آسمان ہوجائیگا

بیکہے راز نہان سب پر عیان ہوجائیگا
پردۂ دل آہ عارض سی کتان ہوجائیگا

کچھ سمجھکر اوس مہ خوبی سی کی تھی دوستی — یہ نہ سمجھے تھے کہ دشمن آسمان ہو جائیگا

بے خبر بیمار غم کی ورنہ ای رشک مسیح — تیری فرقت مین فراق جسم و جان ہو جائیگا

خاک کر دیگا مجھے آخر سیہ چشمون کا عشق — جسم خاکی گرد پائے آہوان ہو جائیگا

جب ادا سے قتل مجھکو وہ کریگا اے **اثر**
کشتۂ شمشیر حسرت اک جہان ہو جائیگا

عمر بھر کرتا رہا ہی کام جب مزدور کا — زاہدا اجرت طلب خواہان نہو کیون حور کا

جب خیال آیا صنم تیرے رخ پر نور کا — میری دل پر رشک ہوا موسیٰ کو شمع طور کا

ہے یہ نقشہ آتش غم سے دل محرور کا — جل اوٹھا جب داغ پر چھالا رکھا کافور کا

بستر غم پر یہ نقشہ ہے ترے رنجور کا — پانون پھیلانا بھی اب وسکو سفر ہی دور کا

عارض گردون پہ اک خال سیہ بنجا ماہ — دیکھ لی چہرہ اگر میری شب دیجور کا

اوس پری کا ہو رہا ہون کسقدر مین محو یاد — اپنی دل مین آ نہین سکتا تصور حور کا

فکر بینائی ہے لازم طالب دیدار کو — چاہیے سرمہ مری آنکھون مین کوہ طور کا

عشق ہی مجھکو خط لبہای شکر بار سے — کیا عجب اپنا تن لاغر ہو طعمہ مور کا

بعد مردن بھی رہیگا اے صنم تیرا خیال — نالہ ناقوس ہوگا مجھکو نالہ صور کا

زار و لاغر جب ہی ایسا کیا عجب مرنیکی بعد — مور کھینچے سانس سی لاشہ ترے رنجور کا

اپنے داغِ دل سے محشر مین کرینگے سب گریز — آفتابِ حشر ہو جائیگا تارا دور کا

ٹھوکرین کھاتی ہین اہو مین کوئی کیونکر کہی — کون سر درویش کا ہی کون ہے فغفور کا

عقدِ پروین پر نہو ای آسمان تو محوِ ناز — یہ تو خوشہ ہے کسیکے باغ کے انگور کا

کیا تمنا ساغرِ مے کی ہو مجھ سرشار کو — ساقیا ہون مست تیری نرگسِ مخمور کا

کوہکن محروم ہو خسرو کو ہو عشرت نصیب — عبرتِ اہلِ وفا ہے عشق بے مقدور کا

کسطرح مانون کہ انسان فعل مین مختار ہے — فعل انسان کا صریحاً فعل ہی مجبور کا

غم نہین لاتا ہے اونکو پھر گریہ وقتِ شام — آئی ہین وہ دیکھنے ہنسنا چراغِ گور کا

کسقدر اہلِ جہان کو یاوہ گوئی ہی پسند — قولِ لایعنی سے شہرہ ہو گیا منصور کا

مرگئی بھی موذی ہوا کرتا ہی ایذا کا سبب — کرگدن کی شاخ سے دستہ بنا ساطور کا

کیون نہ ہو جائے بپا بزمِ سخن مین شورِ حشر — کام لیتے ہین صریرِ کلک سے ہم صور کا

ہمسے لائی مدعی کیا تابِ پیکارِ سخن — جنگ شاہین سی کری زہرہ نہین عصفور کا

خاک اُگائی ہمدمو اوسمین محبت کا شجر — حکم رکھتا ہی دلِ دشمن زمینِ شور کا

نالہ ہم اگر لاؤن زبان پر ہجر مین — دم مین کر دون سینۂ دشمن کو گھر زنبور کا

برقِ حسنِ یار کا جلوہ ہر اک پتھر مین ہے
ای اثر ہر گز نہ کرنا قصد کوہِ طور کا

چاندنی مین دَور ہو جامِ شرابِ ناب کا
ہے غنیمت ساقیا عالم شبِ مہتاب کا

آتشِ فرقت مین جلنا اس دلِ بیتاب کا
اسطرح ہے جیسے ہونا آگ پر سیماب کا

گر تری بالی کی مچھلی کا پڑے دریا مین عکس
موج مین ہو جاے عالم ماہیِ بی آب کا

کسکو آے نیند میرے نالۂ شبگیر سی
ہر ستارہ مین ہی نقشہ دیدۂ بیخواب کا

جوششِ غم مین چلی آتی ہین بیتابانہ اشک
چشمِ گریا مین ہی عالم معدنِ سیماب کا

یاد دلواتا ہے مجھکو نالۂ شبگیرِ ہجر
بولنا دریا کنارے رات کو سرخاب کا

سرکشونکی عاجزی ویسی ہی جیسے ای اثر
پانو پر دیوار کے سر مارنا سیلاب کا

کہون گر بزمِ جانا مین فسانہ سوزشِ دل کا
زبانمین صاف عالم ہو زبانِ شمعِ محفل کا

تصور ہر گھڑی رہتا ہی کس لیلیٰ شمایل کا
جو اپنی دل کا پردہ بن گیا ہی پردہ محمل کا

نشانہ ہو گیا ہی ناوکِ مژگانِ قاتل کا
نہ کیونکر طایرِ دلمین ہو عالم مرغِ بسمل کا

لکھون گر وصفِ تیغِ ابروے خونخوار قاتل کا
دکھاے طایرِ مضمون تڑپنا مرغِ بسمل کا

فریب او دلنے کھا شیرین زبانی ہاے قاتل کا
اثر اوسکی لبِ شیرین مین ہی زہرِ ہلاہل کا

نکلکر دشتِ غفلت سی تماشا دیکھ اے مجنون
جنون انگیز ان روزون ہے صحرا وحشتِ دل کا

چھری کی تھونسی اپنی پھیر دے غیرونکی گردن پر
تماشا تیری محفل مین ہو قاتل رقصِ بسمل کا

کہان اب ضعف سے طاقت کہ جاؤن کوی جانان تک
اوٹھانا اک قدم کا مجھکو طے کرنا ہی منزل کا

زمین بھی مرغ بسمل کیطرح ہر دم تڑپتی ہے
یہی قاصد نشان ہی کوچۂ خونریز قاتل کا

عبث اپنی تجلی پر ہی نازان وادیِ ایمن
ہراک ذرّہ ہی رشک طور موسیٰ وادیِ دل کا

اثر صورت رہائی کی نہین دشمن کی پھندے سے
مگر مشکلکشا عقدہ کرین حل میری مشکل کا

فتنہ زا اوس سی جو تیرا گیسوئے پرخم ہوا
دست شانہ ای مسیحا پنجۂ مریم ہوا

کسقدر ساقی تری فرقت سی دل کو غم ہوا
جام مے اپنی نظر مین دیدۂ پرنم ہوا

زاہدا ابرو نگون سر چشم ساقی پر نہین
میکدہ کی روبرو سجدہ مین کعبہ خم ہوا

شب جو وہ خورشید رو آیا نظر بالای بام
ایک عالم کو گمانِ نیّرِ اعظم ہوا

تو بھی ہو جا واعظا جا کر گدای میکدہ
جام مے جسکو دیا پیرِ مغان نے جم ہوا

عین مستی مین بھی واعظ دل مرا غافل نہین
جب لگایا جام مے منہ سی خیالِ جم ہوا

کر دیا ہی کسقدر لاغر جنون نی جسم کو
طوق گردن ای پریرو حلقۂ خاتم ہوا

روی آتشناک کا کسکے ہوا سوداعشق
داغ سوزان دلمین رشکِ نیّرِ اعظم ہوا

غم نہ کھا مکر عدو سے گر تجھے پہنچے گزند
مبتلای کید شیطان سے اثر آدم ہوا

جوشِ وحشت مین ہر اک کام کو آسان سمجھا
دامنِ دشت کو مین اپنا گریبان سمجھا

شکل تکلیف کو بھی عیش کا سامان سمجھا
داغ ہای تنِ سوزان کو چراغان سمجھا

مرگ ز کشمکشِ رنج سے راحت بخشی
ہے بجا گورِ سیہ کو جو شبستان سمجھا

مجھے دیکھا جو کبھی دیر کبھی مسجد مین
گبر نے گبر مسلمان نے مسلمان سمجھا

جزو و کل دیدۂ وحدت مین ہوئے جب یکسان
دل ہر اک ذرّہ کو خورشید درخشان سمجھا

بعد مردن بھی رہا کوچۂ جانان کا خیال
ہمنے رضوان کو درِ یار کا دربان سمجھا

وسعتِ شوق جہانگردیِ وحشت مت پوچھ
دشت کو بھی مرا دل گوشۂ زندان سمجھا

دلِ مجروح ہے کس درجہ حریصِ آزار
دست قاتل کو جو دیکھا تو نمکدان سمجھا

بحقیقت نظر آئی جو بقاے موہوم
اپنی ہستی کو عدم کا سر و سامان سمجھا

کلر خون کی لکھے اوصاف یہانتک اثر
جسنے دیکھا مری دیوان کو گلستان سمجھا

چنگا نہو مسیح سے بیمار عشق کا
کیا ذرد لا علاج ہے آزار عشق کا

سن لو تو یہ جرم خدا کو بھی ہے پسند
کب قابلِ سزا ہے گنہگار عشق کا

ہم خاکیون کے سر پہ یہ بارِ گران گرا
روحانیون سے جب نہ اٹھا بار عشق کا

دل دیکھیے قید رنج سے آزاد ہو گیا
چھوٹا جہان کی غم سے گرفتار عشق کا

ٹھنڈھی پڑے ہین جتنے خریدار حسن تھے
دم سی ہماری گرم تھا بازار عشق کا

تو ہی بتا کہ کچھ تجھے راحت نصیب ہے
ای دل ہوا ہی جب سی طلبگار عشق کا

آنکھین زبان ہین حال دلِ زار کے لئے
لب ہی سی کچھ ضرور ہے اظہار عشق کا

دونون جہان کی رنج والم کا ہی نام عشق
ای دل نہ نام لیجیو زنہار عشق کا

ہر سر نہین جو بارِ محبت اوٹھا سکے
ہر دل نہین بنا ہی سزاوار عشق کا

ہر دم ہمارے دل سی رہی گلرخونکو چھیڑ
خون آرزو کا کرتا رہا خار عشق کا

زاہد خدا و عشق کا مفہوم ایک ہے
مذہب مین اپنے کفر ہے انکار عشق کا

آنکھونسی خون جو آتا ہی آنسو کیساتھ
کاری لگا ہے دلپہ اثر وار عشق کا

شوق لیلیٰ دلِ مجنون مین جو کامل ہوتا
ای مہِ حسن کتان پردہ محمل ہوتا

زاہدا پاس جو وہ حور شمائل ہوتا
لطف جنت مجھے دنیا ہی مین حاصل ہوتا

کیون کسی زہرہ شمائل پہ مین مائل ہوتا
ہون فرشتہ کہ اسیر چہِ بابل ہوتا

تہِ خنجر جو طپان مین دمِ بسمل ہوتا
حشر مین محضرِ خون دامنِ قاتل ہوتا

جوش وحشت مین جو مین گریہ پہ مائل ہوتا
دامنِ دشت جنون دامنِ ساحل ہوتا

مرنیوالا تھا مین ای خضر غمِ جانان مین
آبِ حیوان بھی مجھے زہر ہلاہل ہوتا

لذتِ عشق سے انکار نہ رکھتا نادان
مُنہ مین ناصح کی اگر جای زبانِ دل ہوتا

مژدۂ مرگ اگر یاس نہ دیتی مجھکو
ہون وہ بیمار کہ جینا مجھے مشکل ہوتا

تیری بیداد سے ای بت کوی نقصان نہوا
ہم خدا تک نہ پہونچتے جو تو عادل ہوتا

ذبح صیاد نکرتا تو خزان کے آتے
رنگ بربادیِ گل خون عنادل ہوتا

شکل میری شبِ فرقت کی جو دیکھی ہوتی
ماہ کامل سیر رخسار فلک تل ہوتا

خیر گزری نہ ہوی مہر و فا تم مین بتو
ورنہ کوی نہین اللہ کا قایل ہوتا

تیری چہرے کی صفا اور کہان آئینہ
مُنہ کی کھاتا جو ترے مُنہ کی مقابل ہوتا

دشت کی سیر تجھے قیس میسر آی ہے
ہوتا زندان مین تو پابند سلاسل ہوتا

وہ اگر لکھتے بھی مضمون عنایت کوی
کچھ نہ کچھ ذکر عدو نامہ مین شامل ہوتا

مر گیا تیری ہوا مین جو اثر خوب ہوا
آخر اک روز تو اے گُل وہ تہِ گل ہوتا

غم اوٹھانے سے عشق کم نہوا
کارگر غیر کا ستم نہوا

غیر کب موردِ کرم نہوا
ہم پہ کس دم ترا ستم نہوا

اپنے مرنے کا غم نہین مجھکو
غم یہی ہے کہ تجھکو غم نہوا

سنگدل کو نہین ہی عشق سے کام
شیخ دیوانۂ صنم نہوا

جام جم ہے اثرؔ ترا دیوان
پھر نہ کہنا کہ جام جم نہ ہوا

فرشتون نی شرف کیا کیا نہ پایا — مگر انسان کا رتبہ نہ پایا
اونھین پایا مگر تنہا نہ پایا — جو یون پایا تو کیا پایا نہ پایا
جسے دیکھا ترا سرشار دیکھا — جسے پایا ترا دیوانہ پایا
وہ زخمی خنجرِ غم کا ہون قاتل — کہ زخمِ دل کو بھی ہنستا نہ پایا
ہجومِ غم سے اپنی آہ دل نے — زبان تک آنیکا رستا نہ پایا
تری تصویر سے یوسف کی تصویر — ملائی پر ترا نقشہ نہ پایا
نہین ایسا کوئی دارِ عمل ہین — کہ جس نی یان کیا اپنا نہ پایا
گیا کن پانون اے عہد جوانی — ترا کوئی نشانِ پا نہ پایا
جب آئے لوٹکر دشمن کے گھر سے — وہ تھے جیسے اُنھین ویسا نہ پایا
ہزار افسوس اے غنچہ کہ تو نے — دہن پایا مگر گویا نہ پایا
خیالِ دامنِ قاتل نے رُوکا — مزا ہم نے تڑپنے کا نہ پایا
نہ کچھ پوچھو خدائی کی ہین جھوٹے — بتون مین ایک کو سچا نہ پایا
مری بیتابیان سُنکر شبِ وصل — عدو نے بھی قرار اصلا نہ پایا

ملے رنج والم حرمان وحسرت
محبت کرکے ہمنے کیا نہ پایا

کمالِ حسن عارض کے مقابل
مہ کامل کو بھی پورا نہ پایا

رہائی پاکے بلبل نے چمن مین
جہان تھا آشیان تنکا نہ پایا

الٰہی کیا مری گم گشتگی ہے
نہ پایا تو سراغ اپنا نہ پایا

خدا کیواسطے قاصد یہ بتلا
مرا خط اوسنے پایا یا نہ پایا

فلک سے کچھ نہ تھی ملنے کی امید
یہ کیا کم ہے کہ غم تھوڑا نہ پایا

غلط پردازیان ہین شاعرون کی
دہانِ یار کو عنقا نہ پایا

بہت بازارِ عالم مین پھرے ہم
کہین بھی بے ضرر سودا نہ پایا

خدا کہکر پکارین بیخودی مین
تو ہمنے تمھین اتنا نہ پایا

جسے دیکھا اوسے دیکھا پرایا
جسے پایا اوسے اپنا نہ پایا

جگر کے واسطے جیسا کہ دل ہے
کسی نے ایسا ہمسایہ نہ پایا

جلی اے شمع لیکن تو نے کچھ بھی
مزا سوزِ محبت کا نہ پایا

نہین ملتی سبھی نعمت خدا کی
مسیحا نے یدِ بیضا نہ پایا

رہے محشر مین سر پر اوسکا سایہ
کہ جسکے جسم نے سایہ نہ پایا

بہت ہشیار سنتے تھے اثر کو

مرہٹے اوسے دیوانہ پایا ؏

ہمخواب [illegible] مہ تابان نہوا تھا
ایسا تو ستم اے سبِ ہجران نہوا تھا

ای عشق تو جب [illegible] سلسلہ جنبان نہوا تھا
دل معتقدِ گیسوئے جانان نہوا تھا

کیا روز جزا مانگتا [illegible] سے جنت
زاہد کیطرح مین تو مسلمان نہوا تھا

کہنے سے عدو کے [illegible] بنا دشمنِ جانی
پہلے تو کبھی جان کا خواہان نہوا تھا

ای عشق [illegible] خانہ دلمین
اس گھر مین ابھی تک کوئی مہمان نہوا تھا

وہ رات [illegible] داغ جگر دیکھنے آئے
ایسا تو کبھی لطفِ چراغان نہوا تھا

ہے شور زمانہ [illegible] زخم جگر کا
یون صرف نمکدان پہ نمکدان نہوا تھا

جیسا کہ ہوا خانۂ دل عشق مین برباد
یون گھر کسی کمبخت کا ویران نہوا تھا

ای چرخ بڑی [illegible] حیات پہ گزری
گریہ سے مرے نوح کا طوفان نہوا تھا

کیا داغ محبت کی [illegible] خبر تھی
جب مصر مین وارد مہِ کنعان نہوا تھا

سر توڑکے دشمن کو ترے گھر سے نکالا
فرہاد سے یہ کام نمایان نہوا تھا

اے رشک [illegible] ترا دیوانہ ازل سے
اوسوقت سلیمان بھی سلیمان نہوا تھا

یون آپ کیا [illegible] پہ انکار
گویا کہ کبھی وصل کا پیمان نہوا تھا

اشکو نپہ مرے [illegible] ہوا جوش
زاہد ابھی تر گوشۂ دامان نہوا تھا

کیا عذر مرے قتل مین لاتا وہ ستمگر
جو اپنے گناہون سے پشیمان نہوا تھا

اللہ کرے خیر برا وقت ہے اے دل
وہ دشمنِ جان دشمنِ ایمان نہوا تھا

کیون چارہ گرو کھینچ لیا جلد جگر سے
تر خون [illegible] ابھی یار کا پیکان نہو تھا

آوارہ وحشت تھا مین اوسوقت کہ ابھی قیس
آباد غزالون سے [illegible] بیابان نہوا تھا

تھا کافرِ بدکیش اثرؔ پوچھتے کیا ہو
کہنے کو مسلمان تھا مسلمان نہوا تھا

دم بھر کا بھی آرام مقدر نہوا تھا
ہم پر وہ [illegible] کسی پر نہوا تھا

جب تک کرم ساقیِ کوثر نہوا تھا
ساغر مین مرے بادۂ اطہر نہوا تھا

کیا جانین لکھا کرتے تھے کیا کاتبِ اعمال
دنیا مین تہ [illegible] کوئی محشر نہوا تھا

جو حرص کی بندے ہین غنی ہو نہین سکتے
قارون بد انجام تونگر نہوا تھا

جنت کی مرے کیون نہون تعذیب کے اسباب
زاہد [illegible] معشوق کا نوکر نہوا تھا

خمخانے کیے کس نے تہی قاضیِ محشر؟
اک جام بھی مجھکو تو میسر نہوا تھا

جز خضرِ تمنا دلِ وحشی کو ہمارے
صحراے طلب مین کوئی رہبر نہوا تھا

ناچیز کو افتاد بنائی ہے گرامی
گوہر بھی کبھی قطرہ تھا گوہر نہوا تھا

کیون مجھ سے وفادار سے بدظن ہوا صیاد
اک پر بھی قفس سی کبھی باہر نہوا تھا

اے داورِ محشر تری احسان کی صدقے
واعظ کا بیان کچھ ہمین باور نہوا تھا

اے تاجورِ و تاجورِ عرصۂ گیتی
دارا نہوا تھا کہ سکندر نہوا تھا

کیون شکوۂ تکلیف اثر لائے زبان پر
آرام کی خاطر دلِ مضطر نہوا تھا

باے موحدہ

دل مین زاہد کی بھری ہی ہوسِ جامِ شراب
بو الہوس کہیے اوسے یا مگسِ جامِ شراب

محتسب توڑ نہ یون شیشۂ دل رندونکا
ہونگے آخر یہی فریادرسِ جامِ شراب

تیزیٔ دور کو ہمیز ہے موجِ بادہ
بزم مین پھرتا ہے چکر فرسِ جامِ شراب

ساقیا توبہ سے اب توبہ لگا مین کرنے
فصلِ گل آئی ہوئی پھر ہوسِ جامِ شراب

میکشو چاٹ نہ زاہد کو دلا دے مے کی
ہے تنک ظرف بنیگا مگسِ جامِ شراب

ساقیا رند بلا نوش ہون پی جاونگا
دُرد ہو یا کہ ہو خاشاک و خسِ جامِ شراب

قافلہ رند و نکا جاتا ہے پئے سیرِ چمن
بانگِ زن کیون نہین ہوتا جرسِ جامِ شراب

موجِ مے دام ہی ڈر اُس سی تو اے طایرِ دل
نرہا ہو کبھی بندِ قفسِ جامِ شراب

محتسب راہزنِ قافلۂ عیش ہوا
نہین آتی جو صدای جرسِ جامِ شراب

یاری مے پینے کو کہتا ہے پس و پیش نکر
ای اثر خوب نہین پیش و پسِ جامِ شراب

آپ کیون ہم سی ہین خفا صاحب
کچھ تو فرمائی خطا صاحب

تاب لائے دلِ حزین کب تک
ہے ستم کی بھی انتہا صاحب

خونِ دل جم گیا ہے عاشق کا
نہین ہاتھون مین یہ حنا صاحب

سنتے ہی میرے نالۂ دل سوز
ہو گئے کیون چراغ پا صاحب

سمجھین تب آپ قدر عاشق کی
جب کسیکے ہون مبتلا صاحب

رنج کیا کیا نہین اوٹھائے ہین
آپ نے کیا اوٹھا رکھا صاحب

روبرو میرے کس غرض سی آپ
ذکر کرتے ہین غیر کا صاحب

ہم نے کب غیر کی شکایت کی
ہمین غیرت نہین ہی کیا صاحب

ہم نہ ہوتے تو کیا برا ہوتا
کیون بنایا ہمین خدا صاحب

غیر سے بھی نہین غرض تمکو
تم ہو مطلب کے آشنا صاحب

غیر اچھا ہزار بار اچھا
خیر ہم ہی برے بھلا صاحب

مر نہ جاتا اثر تو کیا کرتا
غیر سا بیحیا نہ تھا صاحب

تاے مثناۃ

عبث ہی یہ شورِ سلامت سلامت
سلامت رہا کون حضرت سلامت

نہین کوئی پروا اگر جان جائے
ولیکن رہے جگ مین عزت سلامت

تو نسے ہے زینت زمین و زمان کو
الٰہی رہین تا قیامت سلامت

عدو کیلئے ہر گھڑی کی خلش ہے
رہی ہم سے اونکی عداوت سلامت

گئے بھول بندی کی سب خدمتونکو
ہمارے خداوند نعمت سلامت

زمانہ کی نعمت اگر ہے تو کیا ہے
رہی جبتک انسان کی صحت سلامت

نہین کوئی پروا اثر بے زری کی
ہے جبتک قناعت کی دولت سلامت

کسیکا دل کو رہا انتظار ساری رات
گھڑی کو دیکھا کیے بار بار ساری رات

تڑپ تڑپ کی تمنا مین کروٹین بدلین
نہ پایا دل نی ہمارے قرار ساری رات

خیال شمع رخِ یار مین جلے تا صبح
لیا قرار نہ پروانہ وار ساری رات

ادھر تو شمع تھی گریان ادھر تھے ہم گریان
اسیطرح پہ رہے اشکبار ساری رات

نہ پوچھ سوز جدائی کو مجھسے ای ہمدم
جلا کیا یہ دل داغدار ساری رات

تصورِ گلِ عارض مین نیند کب آئی
کھٹکتا رہگیا آنکھو مین خار ساری رات

خیال زلف سیہ مین بہاکیے آنسو
بندھا رہا سیہ روئی کا تار ساری رات

نہ پوچھ ہم سے اثر رات کسطرح کاٹی
عجب طرحکا رہا انتشار ساری رات

ہے ازل ہی سے دل وحشت زدہ شیدائے دوست
تاقیامت سر سے جانیکا نہین سودائے دوست

یا تھے ہم راحت گزینِ بسترِ دیبائے دوست
یا نصیبِ عیش دشمن ہو گئین شبہائے دوست

عرش اعظم کیا ہے پیشِ رتبۂ والائے دوست
دل جسے کہتے ہین اہلِ دل وہی ہے جائے دوست

غم نہین گر کشتۂ دشمن کرے تو اے فلک
خاک ہو کر بھی ہمین رہنا ہے زیر پائے دوست

آشنائے لب کرون کیون راز غمہائے نہان
اپنی حالِ دل سے واقف ہے دلِ دانائے دوست

تو جو واعظ خوبیٔ طوبیٰ بیان کرنے لگا
پھر گیا اپنی نظر مین قامتِ بالائے دوست

جسطرف چاہے نگاہِ شوق نظارہ کرے
شش جہت مین ہے عیان حسنِ جہان آرائے دوست

بار پایا آج کیا تونے حریم یار مین
تجھسے آتی ہے صبا بوے روان افزائے دوست

بلبلِ دل فرط حسرت سے نہ کیون نالان رہے
برگ گل سے بھی سوا خوشرنگ ہے لبہائے دوست

خانۂ سینہ مین دل کیونکر نہ غم سے بیٹھ جائے
جب سر محفل عدو کو شوق سے بٹھلائے دوست

بزم شاہانہ مین اپنا بار پانا تھا محال
ہم گدا کسطرح ہوتے قابل پروائے دوست

یہ صفائی آدمی کے جسم مین ہوتی نہین
نور کی سانچے مین کیا ڈھالی گئی اعضای دوست

شاد کیا ہون رشک سی ہی اپنے مرجانیکی بات
مرگ دشمن پر وہ فرمای زبان سی ہای دوست

عاشق سرباز کو ہوتی نہین پروای جان
سرکشا دون شوق سی پاؤن اگر اپنای دوست

روح پراس سی زیادہ ہو نہین سکتا عذاب
ہمرہ دشمن جو مدفن پر گزر فرمای دوست

دیدۂ باطن سی گھر بیٹھے تماشا کیجیے
پردۂ دل مین نہان ہی چہرۂ زیبای دوست

آسمان ہی آئینہ جس مین بشکل آفتاب
پرتوافگن ہی جمال چہرۂ زیبای دوست

چشم نظارہ ہوئی ہی دکش صد آئینہ
ہے تماشا گاہ حیرت چہرۂ زیبای دوست

دار کا طالب نہونا ای اثر روز جزا
کچھ تو لازم ہے خیال عزت فردای دوست

ثاے مثلثہ

مجھ پہ ہے آپکا عتاب عبث
یہ جفائین ہین ای جناب عبث

آتش روی یار پر ہم نے
اپنے دل کو کیا کباب عبث

فائدہ کیا ہے بیقراری سے
دل کو رہتا ہے اضطراب عبث

عشق بیگانگی کا دشمن ہے
مجھسے کرتے ہین وہ حجاب عبث

نہین آنیکی نیند ہجر کی شب
آنکھین کرتی ہین میل خواب عبث

اپنے رونے پہ یار ہنستا ہے
دیدہ سے رکھتے ہین ہم پُرآب عبث

پھنسکے گیسو مین اے دلِ نادان
اب تو کھاتا ہے پیچ وتاب عبث

کیا عدم مین کوئی تماشا ہے
روز جاتے ہین شیخ وشاب عبث

سمجھے پیری مین یہ کہ صد افسوس
ہم نے ضایع کیا شباب عبث

زاہدون کو پڑے گا مے سے کام
آج ہے اونکو اجتناب عبث

غیبتِ مے کشان سے اے واعظ
سر پہ لیتا ہے تو عذاب عبث

منتخب ہین ہمارے سب اشعار
لوگ کرتے ہین انتخاب عبث

اردگرد اوسکے گھر کے آپ اثر
پھرتے ہین خستہ وخراب عبث

جیم عربی

کس شعلہ رو کی عشق مین ہون اشکبار آج
آنسو نکل رہے ہین برنگِ شرار آج

اوس گل کی ہجر مین جو ہون خونابہ بار آج
ہی آب آب شرم سے ابرِ بہار آج

مدفن کی سمت آتا ہی وہ شہسوار آج
پہونچے گا آسمان کو میرا غبار آج

تیر نگاہ کسنے کیے دل کے پار آج
آلودہ خون سے ہے مژہ اشکبار آج

آنکھوں مین اشک آتے ہین یان بار بار آج
اونکو ہے دان عدو کا مگر انتظار آج

رقصان ہے بزم شوق مین طاؤس وار آج
جوبن دکھا رہا ہے دل و اعذار آج

آتی ہے بوی مشک ہے ہر دم دماغ مین
ہے کیا نسیم شانہ کش زلف یار آج

ساقی علی الحساب چلے ساغر شراب
ہے روز میکشی نہین روزِ شمار آج

پہنچا دے میری خاک صبا کوے یار تک
لیجا اُڑا کے ساتھ یہ مشتِ غبار آج

رنگ جہان کو ایک طرح پر نہین قرار
گلشن مین گل خزان ہے اگر ہے بہار آج

دولت کے ساتھ لیگئے تشریف آشنا
افلاس مین نہین ہے کوئی دوستدار آج

کی ہے جو تیز آتشِ حسرت کو شوق نے
ہے التہاب مین نفس شعلہ بار آج

محشر مین ہم خدا سے کرینگے یہ التجا
وہ بت نہو ہمارے لیے شرمسار آج

وہ آفتاب شام سے ہے مایل شراب
ساقی فلک سے ساغر مہ کو اوتار آج

شاید وہ آکے پھولونکی چادر چڑھائینگے
خندان برنگ گل ہے چراغ مزار آج

کیا تمکو انتظار کسیکا ہے اے اثر
در کی طرف جو دیکھتے ہو بار بار آج

چشم ساقی کر رہی ہے گردشِ مستانہ آج
میکشو ہرگز نہو منت کشِ پیمانہ آج

ہی شب مہتاب مین ساقی مہوش جلوہ گر
پای توبہ کر رہا ہے لغزشِ مستانہ آج

ق
قصر و ایوان جنکے دم سی کل تلک آباد تھی
اونکی مسکن کی لئی ہے گوشۂ ویرانہ آج

مینے دیکھا تھا جنھین افسانہ سنتے وقتِ خواب
اپنی کانون سے اونھین کا سنتے ہین افسانہ آج

ای پری زلفِ مسلسل مین مسلسل کر اوسے
توڑتا ہی دوہری زنجیرین ترا دیوانہ آج

عشق کی بندی نہین رکھتے کسی مذہب سے کام
داخلِ کعبہ تھی کل ہین ساکنِ بتخانہ آج

جب زمانہ پھر گیا احباب دنیا پھر گئے
کل وہی جو آشنا تھی ہوگئی بیگانہ آج

تو جو ہی رونق فروزِ بزم ای رشکِ قمر
شمع کی پروا نہین رکھتا کوئی پروانہ آج

ایک مدت پر اثر وہ بت ہوا ہی مہربان
جا کی مسجد مین ادا کر سجدۂ شکرانہ آج

حاے حطی

جس گلی مین گئے صبا کیطرح
اب وہان ہم ہین نقش پا کیطرح

کیون نہ پہونچی وہان صدا کیطرح
غیر ہے نالہ رسا کیطرح

چاہیے ہو جفا جفا کیطرح
نہ کہ جورِ وفا نما کیطرح

زندگی ہے حباب کیصورت
جسم مین جان ہی ہوا کیطرح

خبر لایا ہے وصل کا پیغام ۔ ہے وفا بھی تری جفا کیطرح
اسمین بھی کچھ ضرر ہے ای واعظ ۔ ہم جو پیتے ہین مے دوا کیطرح
زلف اُس آفتِ زمانہ کی ۔ دل کے پیچھے پڑی بلا کیطرح
اوسنے وعدونسے کیا نکالی ہی ۔ کرم صبر آزما کیطرح
جبکہ تم دل کی مدعا ٹھہرے ۔ دل مین رہتے ہو مدعا کیطرح
زندہ درگور ہو رہا ہون مین ۔ ہے بقا بھی مری فنا کیطرح
وادئی تشنگانِ عشق نہ پوچھ ۔ ہے یہ بے آب کربلا کیطرح
کشتئ فقر کے سوار ہین ہم ۔ ناخدا اپنا ہے خدا کیطرح
تیری محفل مین کیون نہ مرجاتے ۔ تھا عدو بھی وہان قضا کیطرح
دونون جانب وجود کی ہی عدم ۔ ابتدا بھی ہے انتہا کیطرح
یون تو دیکھے بہت ادا والی ۔ ہے نرالی تری ادا کیطرح
کیون نہ نرگس پہ میری آنکھ پڑے ۔ ہے تری چشم سرمہ سا کیطرح
عمر بھر کاروانِ عمر کے ساتھ ۔ دلِ نالان رہا درا کیطرح
تم پہ عشاق کیون نہ مرجائین ۔ ہے تمھاری ادا قضا کیطرح
پیش اغیار تیری آنکھو مین ۔ چھپکے رہتے ہین ہم حیا کیطرح

کشتۂ عشق بوتراب ہون مین
خاک اپنی ہے کیمیا کیطرح

رنج کش غمزدہ ستم دیدہ
کون ہے تیرے مبتلا کیطرح

تیرے بیمار غم کے حق مین دوا
بے اثر ہے مری دعا کیطرح

آسمان تیری در کا سایل ہے
ماہ ہے کاسۂ گدا کیطرح

اے جو کبر کرتے ہو بیکار
کبر سے ہوگے کبریا کیطرح

بیدلی ہے فراغ غم کا سبب
ہے جفا بھی مجھے وفا کیطرح

کسوتِ گل کو چاک کرتی ہے
کیا غضب ہی تری قبا کیطرح

غیر بھی چشم اہل وحدت مین
نظر آتا ہے آشنا کیطرح

خاکساری ہے نسخۂ اکسیر
بندگی بھی ہے کیمیا کیطرح

کوئی دیکھے کہ رند کیسے ہین
ہین **اثر** یون تو پارسا کیطرح

چھٹتا نہین چھوڑا ہی ظالم کسی طرح
اٹکا ہے تجھسے کیا دلِ نادان بُری طرح

پہلو مین آکی بیٹھتے ہو دوست کیطرح
دل لینے کی نکالی ہی تمنے نئی طرح

سمجھا نہ میرے درد کو ظالم کسی طرح
دل کی کہانی اوسکو سنائی کئی طرح

سینہ مین دل ہی قطرۂ سیماب کیطرح
لیتا نہین قرار ذرا بھی کسیطرح

چھوٹا چمن قفس مین پڑی آشیان جلا
بلبل ہوئی اسیر خرابی سبھی طرح

وہ گل کہان چھپا ہی کہ جسکی تلاش مین
آوارہ پھر رہی ہے صبا بھی مری طرح

اہلِ فرنگ نوح کی کشتی بنائینگے
روتی رہے جو دیدہ گریان اسیطرح

حسرت بہت ہی کوچۂ دلدار کی نسیم
پہونچا یہ مشت خاک وہان تک کسیطرح

جب سی لیا ہی تو نے دلِ مضطرب مرا
تو بھی ہی بیقرار ستمگر مری طرح

کیا پوچھتے ہو حال مری دل کا دوستو
تھا جیسا پہلے دشمنِ جان ہے اوسیطرح

ایسا بھی کوئی کرتا ہے اہلِ وفا کیساتھ
تم ہم سے پیش آئی نہایت بُری طرح

معلوم ہو تجھی کہ دلِ خون شدہ ہی کیا
ای ابرُرو کے دیکھ لے دم بھر مری طرح

ق

شاعر کو پیش آتی ہین کیا کیا نہ دقتین
مومن کی ہوتی ہی جو نکالی ہوئی طرح

اوستاد کی غزل پہ غزل کیا کوئی لکھی
دعوی ہمسری نہین مجھکو کسی طرح

شاعر نہین کہ زور طبیعت دکھاؤنمین
لکھے دو چار شعر ہی جب کبھی طرح

دنیا سے دُور گوشۂ عزلت مین بیٹھکر
اوقات کاٹتا ہون بھلی یا بُری طرح

دشمن نہ ذوق کا ہون نہ ناسخ کا دوست ہون
عادت نہین کہ چھیڑ نکالون کوئی طرح

جھگڑون سے شاعرونکی ہمیشہ رہا الگ
شاید نہ صلحِ کُل کوئی ہوگا مری طرح

غالب کو مانتا ہون کہ اوستاد دہر تھا
کافر ہون ہمین ہو جو مجھے شک کسی طرح

لیکن اثرؔ جو دیدۂ حق بین سے دیکھئے
کوئی غزل سرا نہوا میر کی طرح

خائے معجمہ

اگر ہی لالہ و گل سے جنون گلستان سرخ
ہماری خون کف پا سی ہی بیابان سرخ

بہار آئی ہوا چشم خونفشانکو جوش
برنگ گل ہین مری جیب سرخ دامان سرخ

خیال عارض رنگین مین چشم ہین خونبار
برنگ پنجہ مرجان ہین مری مژگان سرخ

وہ سرخ پوش پئے سیر بوستان جو گیا
ہر ایک نخل ہوا مثل نخل مرجان سرخ

حنا کا رنگ جمی کسطرح رسائی پاے
برنگ پنجۂ مرجان ہین دست جانان سرخ

اثر ترے تن رنگین کا جلوہ افگن ہے
لباس سرخ ترا یار ہی دو چندان سرخ

تو اپنے دیدۂ تر سے اثرؔ بہا خون
بہار لالہ و گل سی ہوا گلستان سرخ

دال مہملہ

مرے گھر وہ آئے ہین مدت کے بعد
سو کس آرزو اور منت کے بعد

مصیبت مین اے دل نہ گھبرائیو — کہ ہوتی ہے راحت مصیبت کی بعد
جدائی ہے کیا ہی عذابِ الیم — قیامت ہی کیا اس قیامت کی بعد
رہا شمع کے گرد دم بھر پتنگ — نہ تھا کچھ بھی جز خاک ساعت کی بعد
خلش کچھ نہ کچھ اونکے دل مین رہی — وہ کیا دوست بنتی عداوت کی بعد
ذرا صبر لازم تھا اے کوہکن — عبث جان دی اتنی محنت کی بعد
ترا عاشقِ زار آخر موا — مگر بیوفا کس اذیت کے بعد
نہو وصل کے بعد فرقت نصیب — خدا دے صعوبت نہ راحت کی بعد
نہین ہمکو معلوم کب وہ گئے — ہوئے ہوش مین اونکی رخصت کی بعد

وہ غیروسے آخر کنارہ ہوئے
مگر اے اثر کس قباحت کے بعد

ہاے ابتک نہین پھرا قاصد — نہین معلوم کیا ہوا قاصد
شوق کی تازگی نہ کچھ پوچھو — روز درکار ہے نیا قاصد
جو نہ خط کا کبھی جواب لکھے — بھیجون ایسے کی پاس کیا قاصد
کسقدر جلد لایا خط کا جواب — مرحبا تم مرحبا قاصد
ہمنے جو کچھ ادسے لکھا قاصد ق — پڑھکے تجھکو سنا دیا قاصد

وجہ آزردگی بتایئں کیا | بےسبب وہ ہوا خفا قاصد

ای اثرؔ ہم بھی اوسکے ساتھ چلے
اپنا خط لیکے جب چلا قاصد

توںنے جب میرا خط دیا قاصد | لیکے خط اوسنے کیا کیا قاصد
بے پڑھے پرزی پرزے کرڈالا | یا ستمگار نے پڑھا قاصد
گرپڑھا پڑھکے رہگیا خاموش | یا مرے حق مین کچھ کہا قاصد
گرکہا کچھ تو غیر کیا بولے | غیر بولے تو بولے کیا قاصد
یہ جو بولے تو پھر وہ کچھ بولا | یا اونہین سنکے چپ رہا قاصد
گرنہین چپ رہا تو پھر توںنے | اوسکو کیا بولتے سنا قاصد
آخرِ امر کیا مجھے کہکر | اوسنے رخصت تجھے کیا قاصد
ای اثرؔ بات بھی ہو کہنی کی | توکرے اپنے منہ کو وا قاصد

ہین یہ سب پوچھ مات لایعنی
کیا کہے دان کا ماجرا قاصد

رامہملہ

کھلتی نہین زبان دہنِ یار دیکھکر
چپ ہوگیا ہون عالمِ اسرار دیکھکر

موسیٰ نہ لائے تابِ رخِ یار دیکھکر
نازان ہون اپنی طاقتِ دیدار دیکھکر

سیری نہین نصیب ہمین تیری دید سے
پھر تجھکو دیکھ لیتی ہین ہر بار دیکھکر

ہمراہِ شیخ خوب ہی کعبہ چلے تھے ہم
رستے مین رہگئے درِ خمار دیکھکر

کیا کیا ہوا نہ گرم نگہبانِ قصرِ یار
ٹھہرے ذرا جو سایۂ دیوار دیکھکر

مجنون نے ہمسے دشت مین دامن اٹھا لیا
تن کو ہمارے خار سے بھی زار دیکھکر

کہتا ہی کوئی گبر مسلمان کوئی ہمین
گردن مین ساتھ سبحے کے زنار دیکھکر

کیا آئے مارے خوف کے اٹھتا نہین قدم
لرزان ہی حشر یار کی رفتار دیکھکر

لیتے ہین اپنے ہاتھ مین جب زلفِ یار ہم
کیا پیچ و تاب کھاتی ہین اغیار دیکھکر

کیا کیا مجھے سناتی ہین وہ لن ترانیان
مثلِ کلیم طالبِ دیدار دیکھکر

جوشِ جنون نے راہ کو ہموار کر دیا
وحشت بھی دل کو وادیِ پرخار دیکھکر

پھر دل کو ذوقِ لذتِ ایذا ہوا اثرؔ
اوس دلشکن کو درپے آزار دیکھکر

شبِ فرقت بسر کرین کیونکر
نہ کٹے تو سحر کرین کیونکر

اونکی تیغِ نگہہ کا مارا ہون
میری جانب نظر کرین کیونکر

کچھ ہم اپنی خبر نہین رکھتے | اونکو اپنی خبر کرین کیونکر
عشق خوبان کا ترک ای ناصح | ہے تو اچھا مگر کرین کیونکر
دل پہ کھینچی ہے یار کی تصویر | اوسپہ ظاہر ہنر کرین کیونکر
تجھکو بھیجین جہان ہو جانکا خوف | کام یہ نامہ بر کرین کیونکر
کچھ گمان اور ہو نہ بلبل کو | آنکھین گلشن مین تر کرین کیونکر

گو ستمگر سہی پہ یار تو ہے
اوسکا شکوہ اثر کرین کیونکر

کیا بتاؤن اثر کہان ہی گھر | جہان رہتا نہین وہان ہی گھر
بلبلو گل سے شوخیان کر لو | آج کمبخت باغبان ہی گھر

کیا یہان کر رہا ہے غربت مین
چل وہان اے اثر جہان ہی گھر

شوریدگی قیس کے عالم پہ نظر کر | لیلی کوی دن وادی مجنون مین گزر کر
واقف نہ ہوا کوی کہ کیا ہوتا ہی مر کر | جاتا ہے کہان آدمی دنیا سی گزر کر
نادان تجھے دنیا مین ہمیشہ نہین رہنا | یہ عمر دو روزہ کوی صورت سی بسر کر
دل ٹکڑے ہوا جاتا ہی پھٹتا ہی کلیجا | للہ زبان بند تو ای مرغ سحر کر

تا دشت کو خونِ کفِ پا سے کرے گلزار — مجنون کو صبا آمدِ لیلےٰ سے خبر کر

ہم بزمیِ اغیار اثر خوب نہین ہے
ہوتی ہے بُری صحبتِ ناجنس حذر کر

پھر مرے دل کو ہوئی وحشت بیابان دیکھکر — تلوے کھجلانے لگے خارِ مغیلان دیکھکر

درہم و برہم ہوئے یکسر مرے ہوش و خرد — اے پری پیکر تری زلفِ پریشان دیکھکر

دشت ہی دامن کشیدہ ہے مرے جسمِ زار سے — خار کھاتے ہین مجھے خارِ مغیلان دیکھکر

کشتۂ چشمِ حسینان جانتے ہین سب مجھے — سبزۂ تربت مرا وقفِ غزالان دیکھکر

ابر ہی آیا ترے گیسوئے شبگون کا خیال — روے روشن یاد آیا ماہِ تابان دیکھکر

کچھ لبِ اعجاز سے فرما تو اے رشکِ مسیح — چپ ہین عیسیٰ صورتِ بیمارِ ہجران دیکھکر

نقش پردازِ ازل کی دستِ قدرت چومیے — ایک عالم محو ہے تصویرِ جانان دیکھکر

وحشتِ دل کا سبب ہے مکر اربابِ جہان — منزلون ہم بھاگتے ہین شکلِ انسان دیکھکر

بیقراری سے نہین پاتا کوئی پہلو قرار — گوہرِ غلطان ہوا ہون تیرے دندان دیکھکر

صبر کر تو مصر مین ہونیکو ہے ہر دل عزیز — یوسفِ کنعان نہ گھبرا شکلِ زندان دیکھکر

بتکدہ ہوکر جو مسجد مین گزر کرتا ہون مین — جانتا ہے گبر مجھکو ہر مسلمان دیکھکر

بل بڑا ہے دیدۂ خوننابہ افشانکی بہار — پانی پانی ہوگیا ابرِ بہاران دیکھکر

کسقدر ہی اپنی دل کو لذتِ ایذا کا شوق
زخمونکی مُنہ کھل پڑی قاتل نمکدان دیکھکر

ہر صنم کا مُنہ تکا کرتا ہون شکلِ آئینہ
رہتے ہین حیران مجھے گبر و مسلمان دیکھکر

جذبہ شوقِ شہادت کا اثر ہر رگ مین ہی
سر جھکا جاتا ہی قاتل تیغ بُران دیکھکر

مایۂ ہمدردی جان ہی درونِ اہل درد
ہی بجائے ہو جو نالان دلکو نالان دیکھکر

برق دیتی ہی بڑھا دل کی طپش برسات مین
جوش پر رہتی ہین آنکھین زورِ باران دیکھکر

کیون نہین ہوتی تم اپنی زلف سی پریشان حال
پوچھتے ہو مجھسے کیا مجھکو پریشان دیکھکر

شام فرقت مین نظر آتی ہین تاری چشم غول
آج دل بیتاب ہی وحشت کا سامان دیکھکر

زخم حسرت دلپہ کھا کر بلبلین بیدم ہوئین
خاک مین گل مل گئے قاتل کا دامان دیکھکر

آرزو لاکھون ہون جس دل مین وہ دل ہو بحرِ خون
رو دیا تقدیر نی مجھکو پُر ارمان دیکھکر

کیون نہ ای سرو روان ہو صید دامِ نقشِ پا
تیر اندازِ روش کبکِ خرامان دیکھکر

دشت کو بھاگی تھی ہم مفتون چشمِ یار ہو
اور بھی وحشت بڑھی چشمِ غزالان دیکھکر

ہر روش پر کبک و قمری نی رکھی ہین اپنی دل
پانون رکھنا باغ مین سرو خرامان دیکھکر

کیا سمائیگی نظر مین باغ رضوانکی بہار
ہم کہان جائین الٰہی کوی جانان دیکھکر

آفتابِ حشر کو کہدو کہ ہو وہ چند گرم
جاتی ہین محشر مین ہم داغِ عزیزان دیکھکر

ہو نہ بدظن ہم سی ای صیاد جاتی ہی بہار
پھر قفس مین آئینگے سیرِ گلستان دیکھکر

کیا حقیقت ہی عدو کی وہ تو اک روباہ ہی
دُم دباتی ہین ہمین شیر نیستان دیکھکر

تاب کیا لاتا کلام برق دم کی ای اثرؔ
ہو گیا فی النار حاسد اپنا دیوان دیکھکر

ہے سرو کہان قامتِ جانان کی برابر
قُمری بھی نہین ہی دلِ نالان کی برابر

کب گل ہی تری عارضِ خندان کی برابر
سنبل بھی نہین زلفِ پریشانکی برابر

اک رات بھی آرام سی ای ماہ نگزری
سہتے رہی صدمے شبِ ہجرانکے برابر

ای حور لقا میری زیارت کے لئے آ
روضہ ہی مرا روضۂ رضوانکے برابر

ہنس ہنسکے لگائی ہی جو اوس شوخ نی تلوار
ہر زخم بدن ہی گلِ خندان کے برابر

ہی عشق مجھے مصحفِ رخسارِ صنم سے
زاہد ہے مرا کفر بھی ایمان کے برابر

ای آتشِ فرقت نفسِ سرد جو کھینچون
ہو موسمِ گرما بھی زمستان کی برابر

درکار ہے شمشیرِ کرم قتلِ عدو کو
سیفی کا عمل بھی نہین احسانکی برابر

عشاق کی دل چشمِ سیہ سے رہی خستہ
کافر نے کئے خون مسلمانکے برابر

قاتل مرے زخمون پہ یہانتک ہو نمکریز
ہر زخم نمک سی ہو نمکدانکے برابر

کافر ہون اگر ملتی ہو کچھ روح کو راحت
دنیا ہی مرے واسطے زندانکے برابر

منت کشی خضر کی حاجت نہین دل کو
لب یار کی ہین چشمۂ حیوانکے برابر

سجدے کو حاضر ہین تری سر کی قسم ہم
ای جان ہمین سر ترا ہی قرآن کی برابر

فردای قیامت سے ڈرون کس لئے زاہد
کیا روز جزا ہی شب ہجران کے برابر

ای گل ہی تیری عزت و توقیر دو روزہ
گلشن مین سمجھ آپ کو مہمان کی برابر

کیا ایسی مسلمان کو مسلمان کہے کوئی
جبتک کہ مسلمان نہو سلمان کی برابر

یار اپنا اگر روزنِ دیوار سے جھانکے
ہر ذرہ بنے مہر درخشان کے برابر

آرام ملا بعد فنا فضل خدا سے
ہے گور سیہ مجھکو شبستان کی برابر

جب داورِ محشر کو دکھانا ہی رحیمی
زاہد کی ہی طاعت مری عصیان کی برابر

گر جان بھی جائیگی تو ایمان کی کہینگے
ہوئی ہی اثر جان بھی ایمان کے برابر

پڑ گئی شب کیا نظر مہ کی رخ دلدار پر
چاندنی تھی عرش مین تا وقتِ سحر دیوار پر

مر گئی ہی عاشق نہین ہی قامتِ دلدار پر
کبک بھی دیتی ہین جان اوس سروِ خوش رفتار پر

ہو دل نادان نہ مایل ابروی خمدار پر
منہ کی کھائی جو گرے اس خنجرِ خونخوار پر

ناتوانی کا ہی احسان میری جسم زار پر
بام پر پہونچا مین چڑھکر سایۂ دیوار پر

شب جو آنکھین پڑ گئی زلفِ سیاہ یار پر
تار سنبل کا ہوا عالم نگہ کے تار پر

فصل گل مین یہ ہجوم لالہ ای شیرین نہین
داغ خون کوہکن ہین دامن کہسار پر

اوس فرنگن زاد کو حالِ دلِ سوزان لکھون
پہر خامہ دی مجھے لاکر جو موسیقار پر

زاہدونکے سر جھکے ہین پہر طاعت ای صنم
طاق کعبہ کا ہے عالم ابروی خمدار پر

ہین جو لکھتا ہون غزل اوصافِ چشمِ یار مین
اہلِ بینش صاد کرتی ہین مری اشعار پر

تیری کوچہ مین جو بیٹھا استراحت کیلئے
سرو ای پہر سایہ چڑھ گیا دیوار پر

ظالمون کو شادمان رکھتا ہی چرخ ظلم دوست
خندہ ہی آیا نظر ہر دم لبِ سوفار پر

میری مژگان پر نہین یہ اشک ہین ای حضور
سامنے خورشید کی لرزان ہی شبنم خار پر

قیس و لیلی کی نہین اب اس زمانے مین تمیز
عاشق و معشوق سب مرتے ہین میری یار پر

چشم کی گردش جو شمشیرِ نگہہ کو ہی فسان
باڑھ کی حاجت نہین قاتل تری تلوار پر

کعبہ سجدہ مین ہو جیسے روبروی بتکدہ
ابروی خمدار یون ہی چشمِ مستِ یار پر

بلبلِ شیدا تو اپنی عشق کی تاثیر دیکھ
گل ہنسا کرتے ہین تیرے نالہ ہای زار پر

رفتہ رفتہ خاکسارونکو ہوا کرتا ہی اوج
سایہ چڑھ جاتا نہین اکبارگی دیوار پر

خرمنِ ہستیِ عدا کو جلا دیتا ہون مین
ہے گمانِ برق میری آہِ آتشبار پر

قدردان ہوتا تو کرتا قدردانی سی نثار
آسمان عقدِ ثریا کلکِ گوہربار پر

رات بھر رہتے ہین عاشق چشم کوکب کیطرح
آنکھ کھولا اعتبار وعدۂ دیدار پر

دیکھ ای گل پیرہن کیا کیا جوانِ جامہ زیب
ہین گریبان چاک تیری لٹپٹی دستار پر

ہمسے رندونکو جہان ہو حضرت واعظ کا ساتھ
ایسی جنت وار پھینکین خانۂ خمار پر

یان ہوا کرتا ہی سودا نقد جانکا ہر گھڑی
فوق ہی تیری گلی کو مصر کے بازار پر

گردشِ ایام سوا ای غافلو ڈرتے رہو
اعتماد اصلا نہین اس گنبدِ دوّار پر

ہون نوا سنج گلستانِ علیؑ مرتضےٰ
فوق ہو مجھکو نہ کیونکر بلبلِ گلزار پر

پاس اپنے اور کیا ہی جو کرون اونپر نثار
جان و دل قربان ہین آلِ احمدِ مختار پر

دامن اوس ماہِ رسالت کا ہی میری ہاتھ مین
آسمان صدقے ہو جسکے گنبدِ دستار پر

آسرا ہم اور کوئی ای اثر رکھتے نہین
صرف تکیہ ہے جنابِ حیدرِ کرار پر

رائے منقوطہ

وصل کی شب مین ہی یون مرغِ سحر کی آواز
جسطرح ہو ملک الموت کے پر کی آواز

فصلِ گل یاد دلاتا ہے خزانکا موسم
حسرت انگیز ہے اوراقِ شجر کی آواز

شام ہی سی تھا شبِ وصل مین نالان موذی
آج آتی نہین کیون مرغِ سحر کی آواز

اٹھتے پیری مین ہین اسطرح ہمارے نالے
صبحدم جیسے کہ ہو کوسِ سفر کی آواز

ہاتھ ٹوٹین ترے گھڑیال بجانیوالے
یار پہلو سے اوٹھا سنکے گجر کی آواز

خانۂ یار مین کیا غیر ہین سرگرم کلام
آتی ہی خلد سی کیون اہل سقر کی آواز

کب تلک تمکو پکارا کرین یارانِ عدم
کیا اُدھر کو نہین جاتی ہے ادھر کی آواز

نوک دم بھاگے جو میدان سخن سی اعدا
دادا حباب نی دی طبل ظفر کی آواز

تھوڑی شب رہتی ہوی گرم فغان تھا کوئی
ہو نہو تھی وہ شرربارہ اثر کی آواز

سین مہملہ

جب نسیم صبح کہتی ہی کہ ای مرغِ قفس
جوش پُر فیضِ بہاری ہی چمن مین اس برس

کیا تمنا سیر گلشن کی تری جی مین نہین
کیا تری دلمین نہین ہوتی رہائی کی ہوس

اوس سے تب رو کر یہ کہتا ہون کہ ای باد صبا
ہون گرفتارِ قفس چلتا نہین کچھ اپنا بس

دور از گلشن فتادہ در ہوای دید گُل
دست حسرت لحظہ لحظہ میزنم ہمچو مگس

ہر دم و ہر لحظہ گریہ میکنم در شوق اُو
اشکِ غم از چشم تر جاری چون رود ارس

جب قلق بڑھتا ہی اپنی دل کو یہ کہتا ہون مین
سیر گلشن کے لیے اتنا نہ ای نادان ترس

پا نہادن در رہِ پرخار حسرت ابلہی ست
چون بدامانِ گلِ مطلب نباشد دسترس

بیبسی ہین جز تحمل اور کچھ چارہ نہین
فایدہ فریاد سی کیا جب نہو فریادرس

ہے اسیری مین اثر ورد زبان یہ قول رند
دل گرفتہ ہون مجھے یکسان ہے گلزار و قفس

یار کیونکر نہ رہے غیر دل آزار کے پاس
گل کو فطرت نے جگہہ دی ہے سر خار کے پاس

ہے زحل چہرۂ مہتاب کا پہلو دابے
نقطۂ خال ہے یا عارض دلدار کے پاس

دیکھکر مایل بیداد تجھے اے ظالم
عذر کوئی نہ رہا تیرے گنہگار کے پاس

ہین جو خورشید قیامت کے نمونے روزن
سایہ دیکھا نہ کبھی یار کی دیوار کے پاس

جان دیدیگا پھڑک کر ہوس گلشن مین
پھول صیاد نہ رکھ مرغ گرفتار کے پاس

ہم سے آزردہ تم اے شیخ و برہمن کیون ہو
دیکھ لو سبحہ بھی گردن مین ہے زنار کے پاس

اوڑتی ناگن کا گمان ہوتا ہے ڈر جاتا ہون
زلف آئی ہے ہوا سے جو رخ یار کے پاس

مذہب عشق مین تخصیص نہین صحبت کی
کبھی زاہد کے قرین ہون کبھی میخوار کے پاس

کس خرابی سے اگر پہونچے بھی گرتے پڑتے
گر پڑے صورت دیوار در یار کے پاس

جب مرے پاس نہین میرے لئے ہے یکسان
ساتھ دشمن کے ہون آپ کہ دو چار کے پاس

ق

حرکت مین ہے رگ شوق شہادت میری
سر جھکائے جو کھڑا ہون تری تلوار کے پاس

قتل مین دیر نہ کر کھینچ کمر سے تلوار
یا مجھے بھیجدے جلاد جفاکار کے پاس

چشم بیمار کسیکی جو اثر یاد آئی

ہم اعادت کو گئے نرگس بیمار کی پاس

ہاتھوں میں تری ہاتھ لیں اغیار صد افسوس
حسرت سی ملیں ہاتھ ہم ای یار صد افسوس

تو مجھ سی رہا برسر انکار صد افسوس
نکلی نہ تمنائے دل زار صد افسوس

عیسیٰ بھی مداوا کے لئے آئی فلک سے
تو بھی نہ جیا ہجر کا بیمار صد افسوس

کیا ہوتا اگر غیر کو ہمراہ نہ لاتے
تم آئے مری دید کو بیکار صد افسوس

کس شوق سی ہم سر کو جھکائے رہی قاتل
نکلی نہ کمر سے تری تلوار صد افسوس

جس سے کہ کہین اہل جہان تمکو ستمگر
تم کام وہی کرتے ہو ہر بار صد افسوس

اغیار کی خاطر وہ ستمگار ہمیشہ
رہتا ہی مری درپئے آزار صد افسوس

لگ جای نہ ٹھوکر کہین دشمن کی لحد کو
ای یار بری ہی تری رفتار صد افسوس

کھڑکی سے ذرا دیکھ اثر مر گیا شاید
اک لاش پڑی ہی پس دیوار صد افسوس

شین معجمہ

نہین کچھ غم تو تم ہو جو ناخوش
تمہاری ناخوشی مین ہی خدا خوش

خدا آباد رکھے ای شہ حسن
بہت تو نی فقیرونکو کیا خوش

فقیری بھیس آخر کام آیا ٭ صدا سنکر ہماری وہ ہوا خوش
بتو کیا تم رکھو گے خوش کسیکو رہے وہ خوش جسے رکھے خدا خوش
نہین معلوم کچھ مرضیِ مولے وہ خوش کس سی ہی کس سی ہی وہ ناخوش
مبارک ہو خوشی اوسکو کہ جس سی خدا خوش مصطفےٰ خوش مرتضےٰ خوش
رقیب آیا ہے لیکر نامۂ یار کوئی ایسی عنایت پر ہو کیا خوش
عدو کے سامنی کی پرسشِ حال کیا تمنے ہمین بڑا انتہا خوش
کوئی دم کا ہے مہمان موسمِ گل نہو رنگِ چمن پر اے صبا خوش
مرے غمخوار ہین لقمان حیدر الٰہی رکھ اونھین جگ مین سدا خوش

یہ دنیا اے اثر دار المحن ہے
کوئی خوش یان نہین سب ہی ہین ناخوش

صاد مہملہ

دیکھکر اوس شوخ کا محفل مین معشوقانہ رقص
اپنے سینہ مین لگا دل کرنے بیتابانہ رقص
کر رہا ہے مست کو زاہد نکرتا دل مین یاد
ہاتھ مین اوسکے نکرتا سبحۂ صد دانہ رقص
دست رنگین سی اگر تو نے لیا گل بزم مین
شمع اے گلرو کریگی صورتِ پروانہ رقص

صاحبِ عقل و خرد کی ہوش کو چکر مین لائے
ای فرنگن زاد محفل مین ترا مستانہ رقص

مستیٔ توحید اپنی گرد کھائین ہم تجھے
وجد مین آ کر کرے ای برہمن بتخانہ رقص

تیری آمد کی خبر ساقی جو پہونچی بزم مین
شیشہ قہقہہ کر اوٹھا کرنے لگا پیمانہ رقص

مستیٔ وحشت جو اوسکی جوش پر ہے اے پری
گردبادون کو دکھاتا ہی ترا دیوانہ رقص

تو اگر جائے گلستان کو کہ آئے بزم مین
کرتی ہین تیری خوشی مین بلبل و پروانہ رقص

جنبش پا یار کی کرتی ہی خون اہل بزم
ای اثر کیونکر نہ کہئی اسکو سفاکانہ رقص

صاد معجمہ

عاشقونکو واعظا کیا باغ رضوانسی غرض
روح کو بعد فنا ہی کوئی جانانسے غرض

دشت و صحرا چاہیے کوہ و بیابان چاہیے
کیا مری وحشت زدہ دل کو گلستانسی غرض

پھر مری دل کو ہوا ہی لذتِ ایذا کا شوق
پھر مین رکھتا ہون کسیکی نوک مژگانسی غرض

کیا وطن کی آرزو مری دلِ نالانکو ہو
کب سُنائی کو کہ رکھتی ہی نیستانسے غرض

ہین لبِ جان بخش جانان چشمۂ آبِ حیات
ہو مبارک خضر تمکو آبِ حیوانسی غرض

موسمِ گل ہو کہ ہو عہدِ خزان ای ہمصفیر
ہم اسیرانِ قفس کو کیا گلستانسی غرض

تجھکو اے رشک مسیحا چھوڑ کر جاؤن کہان — مین ہون بیمار محبت مجھکو درمانسے غرض
اہل دولت سے ہین مستغنی ترے در کے فقیر — سو رہین لیکن نہین رکھتے سلیمان سے غرض
زندگی کرتے ہین سیدا مین کبھی زیر شجر — ہم فقیرونکو نہین ایوان و بستانسے غرض
کیون سنے تیری عبث کرتا ہے واعظ قیل و قال — کافر عشق صنم کو دین و ایمانسے غرض
اوسکی چشم کفر پرور کو ہو کیا پرواے دل — نا مسلمانکو نہین ہوتی مسلمانسے غرض
زاہد جنت طلب کو آدمی سے ہے گریز — ورنہ انسانکو ہوا کرتی ہے انسانسے غرض
سینۂ شانہ کی صورت ہو رہا ہے چاک چاک — ہے دل غمناک کو گیسوے جانان سے غرض
پاس تیری عارض روشن کے ہے خال سیاہ — ہندوے کفر آشنا رکھتا ہے قرآنسے غرض
اہل عصیانسے ہوا ہے رحمت حق کو ظہور — رحمت حق کیون نہ رکھے اہل عصیانسے غرض
پا کے ثروت گھر نہ بھولے آدمی پردیس مین — مصر مین باقی رہی یوسف کو کنعانسے غرض
کہدو میری چشم تر لیجاے اپنی کشت مین — مردم دہقان عبث رکھتا ہے بارانسے غرض
پھر کہان عاشق فروغ حسن جب زایل ہوا — ہوتی ہے پروانہ کو شمع فروزانسے غرض

سر جھکے شوق شہادت مین نہ کیونکر اے اثر
گردن خم گشتہ کو ہے تیغ جانانسے غرض

طاے مہملہ

شوق مین ہم تو لکھین سَو بار خط
ایک بھی ہمکو نہ بھیجے یار خط

کب پہونچنے دیتے ہین اغیار خط
ق
لکھتے ہین ہم یار کو بیکار خط

ہونہو قاصد ہمارے ہین ضرور
غیر پڑھتے ہین سرِ بازار خط

کیا لکھا ہمنے بحالِ اضطراب
ہو گیا بیزار پڑھکر یار خط

صحنِ گلشن مین ہوئی کانٹے نمود
نکلا آخر بر سرِ رخسار خط

سوزشِ دل کے مضامین ہین لکھے
جاے لیکر مرغِ آتشخوار خط

اوسکے کوچہ مین ہے اک کاغذ کا ڈھیر
پھینک دیتا ہے پسِ دیوار خط

رازِ دل کیونکر لکھین ہم یار کو
ڈر یہی ہے پڑھ نہ لین اغیار خط

ایک کا بھی تو کبھی دیگا جواب
روز لکھتے ہین اوسے دو چار خط

جانتا ہے سر برابر نامہ بر
لیچلا رکھکر تہِ دستار خط

تارِ مسطر ہوگئی ہین اونگلیان
لکھ نہین سکتا ترا بیمار خط

یہ دعا رہتی ہے ہر دم ہجر مین
لاے یا رب قاصدِ دلدار خط

پھر نہ دکھلاے کہین گردن عدو
دے اگر اوسپر تری تلوار خط

لکھتے ہین یون خط اوسی ہم مست شوق
جسطرح لکھّے کوئی میخوار خط

غیر کو لکھے ہین زہریلے کلام
جائے قاصد لیکے جائی مار خط

تو نہین لکھتا کلامِ التیام
کیا لکھین تیرے جگر افگار خط

اک قلم پایا نہین کوئی جواب
بھیجے ہمنے کتنے نامے تار خط

بڑھ گئی سبزہ سی گلشن کی بہار
جلوہ فرما ہے سرِ رخسار خط

شرح غم سے مثل ناسخ ای اثر
ہو گیا ہے نامہ بر پر بار خط

طائے معجمہ

تیرے بکنے نے کیا مجھکو تہی سر واعظ
اثرِ وعظ ہوا خاک نہ دلبر واعظ

دیکھ ہوشیار ہو غصہ مین کرین ہاتھ نہ صاف
رند تجھسے نظر آتے ہین مکدر واعظ

ذکرِ حوران بہشتی کا ذرا چھیڑ تو دے
ابھی میخانہ سی ہم آئے ہین پیکر واعظ

اس توقع پہ کہ جنت مین ہین مے کی نہرین
تارکِ بادہ کشی کوئی ہو کیونکر واعظ

مے کا کیا ذکر کرے آب بھی تو اونپہ حرام
رند شامت سی جو مہمان ہون ترے گھر واعظ

گھوم پھر کر جو سُناتا ہی ہمین حور دنگی
مئے جنت سی تری سر مین ہے چکّر واعظ

نہ ڈرا آتشِ دوزخ سے اثرؔ کو نادان
وہ تو ہے سید و مداحِ پیمبر واعظ

عین مہملہ

ہے تیرے آنے جانے کی دشمن کو اطلاع
رہرو کی کیون نہ یار ہو رہزن کو اطلاع

ہی بوالعجب کہ جان کی نہین تن کو اطلاع
راکب کی ورنہ ہوتی ہی توسن کو اطلاع

اصنام دیر کلمہ توحید پڑھتے ہین
ابتک نہین ہی اسکی برہمن کو اطلاع

لیتا کبھی نہ نام منیزہ کی چاہ کا
ہوتی جو قید چاہ کی بیژن کو اطلاع

واقف نہین ہین آہ شرربار سی رقیب
پہونچی نہین ہی برق کی خرمن کو اطلاع

دو چار دن ہین فصل بہاری کا کوچ ہے
اسکی نہین ہی بلبل گلشن کو اطلاع

سرشار کو ہے طوق نہ زنجیر کی خبر
اسکی نہ پا کو اوسکی نہ گردن کو اطلاع

مستی ملی ہی بال سنوارے ہین یار نے
سنبل کو ہی خبر نہ ہی سوسن کو اطلاع

کیا کیا فتنے اوٹھ رہی ہین زمانہ مین ہر طرف
اسکی نہین ہی یار کے جوبن کو اطلاع

رو تا ہمارے واسطے وہ دوست کس طرح
ہوتی جو اپنے حال سی دشمن کو اطلاع

سینہ کو چاک کرکے اثرؔ کیا دکھائے

ہے داغ دل سے اوس مہ روشن کو اطلاع

رہتے تھے جس زمین پہ انسان جمع
اے فلک اب وہان ہین جن جمع

ق

کیون نہو خاطر پریشان جمع
آج ہین میخوری کی سامان جمع

شب مہ مین ہین ماہتابی پر
ساقی و مطرب خوش الحان جمع

جام و مینای مے پہ جوبن سے ہے
میکشی کو ہوئی ہین خوبان جمع

ہین حلقہ کئے ہین تجھکو حسین
تارے ہین گرد ماہ تابان جمع

کیا خدائی بتون نے دکھلائی
ہین صنم خانہ مین مسلمان جمع

زخم دلکی خبر جو لینا ہو
پہلے کر لیجیے نمکدان جمع

ہم سے کیا پوچھتے ہو اے صاحب
دل مین ہین ہر طرح کے ارمان جمع

چشم بد دور بزم مین خوش چشم
آج ہین صورت غزالان جمع

جب سے سودای زلف یار ہوا
نہوئی خاطر پریشان جمع

اے اثر گو رہی پریشانی
ہوگیا تو بھی اپنا دیوان جمع

غین معجمہ

کیا کہون کسقدر اوٹھائی داغ
دل بنا تھا مگر برائے داغ

ہجر مین گرچہ مینے کھائی داغ
دشمنون سی مگر چھپائی داغ

داغ دل کم نہین ہین انجم سی
تجھسے کیا کیا فلک نہ پائی داغ

ای طبیبو تمھین نہین معلوم
مرہم وصل ہی دوائے داغ

داغ تازہ کہان جگہہ پائین
اب نہین دل مین اور جائی داغ

گل سمجھکر وہ دیکھنے آیا
کیون دلا کچھ تو کام آئی داغ

ہے اثر کی دعا یہی کہ خدا
دوستونکا نہین دکھائی داغ

روشن کوئی کری نہ کری گور پر چراغ
کنج لحد مین ہین مری داغ جگر چراغ

بلبل کا ہو ہجوم ہمارے مزار پر
وہ گل جلائے ہاتھ سی اپنی اگر چراغ

یون تیری روبرو نظر آتا ہی آفتاب
بے نور جیسے ہوتا ہے وقت سحر چراغ

اوڑکر پہونچتا اوس گل خندان کی روبرو
بلبل کیطرح رکھتا اگر بال و پر چراغ

جلتا ہی ساتھ ساتھ شب ہجر یار مین
کیونکر جلے نہ میری طرح رات بھر چراغ

رکھتا ہی لو لگی کسی شعلہ عذار سے
بیوجہ رات بھر نہین دھنتا ہی سر چراغ

ہے میرے روز وصل سی روز عدو سیاہ
شب کیطرح جلای نہ کیون اپنی گھر چراغ

جنگِ اُحد کی رات عبادت مین کر بسر
نادان جلاتی ہین در و دیوار پر چراغ

ہم اپنی داغ دل کیطرف کرتی ہین نگاہ
جسدم کسیکی گور پہ آیا نظر چراغ

بادِ سموم مرگ سے جان کو نہین گریز
دستِ ہوا سے پا نہین سکتا مفر چراغ

مومن کیطرح سوز جدائی سے ای اثر
جلتے ہین تا بصبح ادھر ہم اُدھر چراغ

ردیف فا

پھر چلے ہم جوشِ وحشت مین بیابان کیطرف
پانون پھر اوٹھنے لگے خارِ مغیلان کیطرف

پھر جنون نے سر اوٹھایا پھر وہی وحشت ہوئی
ہاتھ پھر بڑھنے لگے جیب و گریبان کیطرف

پھر تصور مین کسیکے ابروی خمدار کے
اپنا سر جھکنے لگا شمشیرِ بُران کیطرف

پھر وہی سودا ہوا گیسوئی جانانہ کا ہمین
سیر کو جانی لگی پھر سنبلستان کیطرف

یاد پھر آئی کسیکی نوکِ مژگانِ دراز
خون دل بہنے لگا پھر جیب و دامان کیطرف

پھر کسیکی چشمِ شہلا آنکھین دکھانی لگین
یاس سے تکنی لگی پھر نرگستان کیطرف

پانی پانی پھر لگی کرنے کسی یوسف کی چاہ
پھر چلا گرنیکو دل چاہِ زنخدان کیطرف

ذوق ایذا پھر لگا کرنے جگہ دل مین اثر

دیکھتے ہین پھر کسیکی نوک مژگان کیطرف

نہ دل کی طرف ہین نہ تیری طرف — ستمگر نہین ہم کسیکی طرف
ہمین کیا ہی شیخ و برہمن سی کام — نہین انکی جھگڑے مین کوئی طرف
کھلا ہی ہماری کہ ہے آپ کی — ذرا دیکھیے اپنے جی کیطرف
سراسر ہی صاحب عدو کا قصور — غضب کی نظر کیون ہی میری طرف

کمینون پہ غصہ نفرمائے
اثر دیکھیے آپ اپنی طرف

مظہر ذات خدا ہی شہ والای نجف — نہین معلوم کہ کیا ہی شہ والای نجف
ہی رضا اوسکی وہی جو ہی رضا خالق کی — مالک ملک رضا ہی شہ والای نجف
ہم نصیری تو نہین ہین کہ کہین اوسکو خدا — پر نہین حق سی جدا ہی شہ والای نجف
وہ نہوتا تو فنا روح کو لاحق ہوتی — سبب شکل بقا ہی شہ والای نجف
اوسکی تلوار ہوئی ماحی کفر و بدعت — حامی دین ہدا ہی شہ والای نجف
خدمت عقدہ کشائی اوسی حق نی بخشی — دافع رنج و بلا ہی شہ والای نجف
جب کیا حق نی اوسی نائب شاہ دارین — مالک ہر دو سرا ہی شہ والای نجف
درگزر کرتی ہی اعدا سے کریمی اوسکی — عافی جرم و خطا ہی شہ والای نجف

لافتی روز اُحد جن و ملک بول اُٹھے
مرد میدان وغا ہی شہ والای نجف

اوسکے در سی کبھی محروم نگزرا سایل
مخزن جود و عطا ہی شہ والای نجف

عیب پوشی سی ملا خرقۂ معراج اوسے
منبع شرم و حیا ہی شہ والائی نجف

جوہر پاک بنایا ہی خدا نے اوسکو
معدن صدق و صفا ہے شہ والای نجف

عرض کر حال دل زار اثر اوسکی حضور
درد عالم کی دوا ہے شہ والای نجف

ق

کیا بتائے کوئی کہ کیا ہی عشق
درد ہے رنج ہی بلا ہے عشق

دونوں عالم کی بیقراری کا
نام لوگوں نے رکھ دیا ہی عشق

دشمن عصمت زلیخا ہے
چاک پیراہن حیا ہے عشق

اسکا عالم سمجھ سے باہر ہے
ساری عالم ہی سی جدا ہی عشق

کون و تکوین کا ہوا ہی سبب
ہر دو عالم کا مدعا ہے عشق

جان گزا ہے کبھی کبھی جانسوز
کبھی جان بخش و جان فزا ہی عشق

ہے کبھی شکل صدمۂ روحی
درد دل کی کبھی دوا ہی عشق

کبھی شکر و عطا و صبر و رضا
کبھی شکوہ کبھی گلا ہے عشق

کبھی مرگ و قضا و درد و الم
کبھی درمان کبھی شفا ہی عشق

کبھی شکلِ فنا و معدومی
کبھی صورت دہِ بقا ہی عشق

ہادی و رہبر و پیمبر ہے
دونون عالم کا رہنما ہی عشق

اسکا رتبہ کوئی بتائے کیا
حق تو یہ ہے کہ خود خدا ہی عشق

ڈوبتونکو نجات کی صورت
کشتی دین کا ناخدا ہی عشق

مرضِ جان گسل اسے کہیے
اے اثر درد لا دوا ہی عشق

عبرت آگین ہی ماجرائے فراق
ہو نہ دشمن بھی مبتلای فراق

اپنے ہمدم ہے غم و حرمان
مین ہوا جب سی آشنای فراق

لذتِ غم بتا کہ کیا کھائین
خون دل ہوگیا غذای فراق

وعدۂ وصل حشر ہی پہ سہی
خیر اک دن ہی منتہای فراق

انتہا وصل کی فراق ہی جب
کیون نہین وصل انتہای فراق

نقد جان تک نہین دریغ ہمین
مول لا دی کوئی دوای فراق

جب دعا کو ہے صد اثر کیساتھ

کیون نہ مانگا کرے دعاے فراق

جب کبھی آئی پے سیرِ گلستان عاشق
کر گئے گل کیطرح چاک گریبان عاشق

صرف رنگت پہ نہین بلبلِ نالان عاشق
تری آواز پہ ہین مرغ خوش الحان عاشق

جوش پر لائی اگر دیدۂ گریان عاشق
کردی عالم مین بپا نوح کا طوفان عاشق

عمر بھر مردۂ ہندو کیطرح جلتا ہے
بت پہ اللہ نہو کوئی مسلمان عاشق

کیا دمِ سیر نئی داغ دئی تونی زاد نہین
شکل طاؤس گلستا مین ہین رقصان عاشق

استخوان جسم کو فرقت مین بنا رکھا ہی
سگِ جانان تجھے کرنیکو ہی مہمان عاشق

عزتِ رتبۂ معشوق سی محروم رہی
ای زلیخا نہوا یوسفِ کنعان عاشق

تو جو فرمائے ابھی سر تہِ خنجر رکھدین
ہین شہِ حسن ترے تابعِ فرمان عاشق

تیری ہر ظلم کے پہلو کو سمجھ جاتا ہے
تو سمجھتا ہے ستمگر کہ ہی نادان عاشق

کیون تری قدر نہو سارے پریزادون مین
وہ پری تو ہی کہ تجھ پر ہی سلیمان عاشق

تم وہ معشوق کہ دشمن ہی تمھارا معشوق
مین وہ عاشق کہ ہی مجھپر شبِ ہجران عاشق

مین کہین جاؤن نہین چھوڑتی مجھکو وحشت
مین وہ مجنون ہون کہ مجھپر ہی بیابان عاشق

دیکھکر صحنِ چمن مین تری رفتار کی سیر
کبک کیونکر نہوا ای ترے خرامان عاشق

بلبل و گل ہی نہین تیری فدائی نکلے
ہوگیا تجھ پہ گلستانکا گلستان عاشق

بزم مین دیکھکر ای مہ ترے رخسارونکو
شکل پروانہ ہوئی شمع فروزان عاشق

روی معشوق مین کیا اونکو نظر آتا ہی
شکل آئینہ رہا کرتے ہین حیران عاشق

عشق مین حالت انسان سی گزر جاتا ہے
تو بھی انسان پہ ہوا کرتا ہی انسان عاشق

نہ بیابان مین اوسی چین نہ گلشن مین قرار
چھوڑ کر جای کہان کوچہ جانان عاشق

مدتون تک جو اوٹھاتی رہی فرقت کی مزے
وصل کی نام سی ہوتی ہین گریزان عاشق

کھیل ہی اونکی لئے دار فنا سے جانا
زیست سی جانتی ہین مرگ کو آسان عاشق

مثل فرہاد فدا کرتی ہین جان شیرین
سر پہ لیتی نہین جلاد کا احسان عاشق

منع کرتی تھی نکر جور خدا ہے منصف
تو پشیمان ہی ستمگر کہ پشیمان عاشق

دلبری تیری سخن مین ہی کچھ ایسی کہ اثر
تیرے انداز سخن کی ہین سخندان عاشق

کاف

ہے ساتھ اشک کی لخت جگر تک
نہ کی اوسنے مری جانب نظر تک

رہا سر مین تری زلفون کا سودا
پریشان ہی رہے ہم عمر بھر تک

عبث صیاد کو ہے بدگمانی
نہین بازو مین اپنے ایک پر تک

خبر آئی مریضِ دردِ غم کی
کوئی کردی خبر اوس بیخبر تک

نزاکت سی لگی بل کرنے کیا کیا
ابھی زلفین نہ پہونچی تھین کمر تک

جلے جاتی ہین شکلِ شمع سوزان
ہمین باقی نپاؤگے سحر تک

اگر ہم یاد ہوتے تو نہ آتے
وہ آنکلے تھی بھولے سے ادھر تک

دمِ گریہ تھی غالب ناتوانی
پہنچتے لختِ دل کیا چشمِ تر تک

خدا جانے اثر کو کیا ہوا ہے
رہا کرتا ہے چپ دو دو پہر تک

بت رہین بر سرِ جفا کب تک
انکا یہ زور اے خدا کب تک

عمر رکھتی ہے یار کا انداز
دیکھئے کرتی ہے وفا کب تک

پرسشِ حال روز کرتے ہو
کرمِ صبر آزما کب تک

بے نیازی کی حد نہین ملتی
کوئی مانگا کرے دعا کب تک

امتحانِ جفا تمام کرد
ستمِ صبر آزما کب تک

ہجر کی ہر گھڑی قیامت ہی
دیکھئے آتی ہے قضا کب تک

شکر کا کام لے زبان سے اثر
شکوہ بخت نارسا کب تک

ردیف گاف

بدلا ہوا ہی جبسے چمن کی ہوا کا رنگ
اچھا نہین ہی بلبلِ رنگین نوا کا رنگ

خوشتر کہین ہی گل سی تری دستِ پا کا رنگ
ای شوخ اسکی سامنے کیا ہے حنا کا رنگ

رنگین مزاج رکھتے ہین ہر بات کی تمیز
ہم جانتے ہین آپکے ناز و ادا کا رنگ

پہنی ہزار رنگ کی پوشاک دہر نے
بدلا نہ آسمان نے اپنی قبا کا رنگ

رنگت مین میرے بخت سی رکھتی ہی ہمسری
پایا ہی زلفِ یار نے کیا ہی بلا کا رنگ

جبسے بہار آئی ہی اترائی پھرتی ہے
کچھ اندنون ہی اور ہی بادِ صبا کا رنگ

کیونکر نہ غیر ای گلِ خندان ہنسا کرے
ملتا ہی زعفران سی تری مبتلا کا رنگ

سنتے ہی میری عرض ہوا لال اونکا منھ
بگڑا شبِ وصال مرے مدعا کا رنگ

لالہ شہید ہی تری دستارِ سرخ کا
گل غرق خون ہی دیکھکے تیری قبا کا رنگ

بیشک کوئی ولی تھا اثرؔ میر نکتہ سنج
سب شاعرونسے خاص ہی اوس باخدا کا رنگ

ردیف لام

انسان کو کیون خالقِ عالم نی دیا دل — معلوم نہین کون مرض کی ہی دوا دل

اک آفتِ جانکاہ مری حق مین ہا دل — دشمن کو بھی اللہ نہ دی ایسا بُرا دل

اچھا ہوا تم لیگئی اوس آفتِ جان کو — آرام مری روح کو ہی جب سی گیا دل

جس دل پہ ہمین ناز تھا ظالم وہ کہان ہی — تیری ستمِ ناز کی قابل نہ رہا دل

ای جانِ جہان اور کوئی جب نہین تجھسا — پھر تو ہی بتا چاہی کسی تیری سوا دل

اک روز ہی جانا تجھی اِس دارِ فنا سی — دنیا کی کسی چیز سی نادان نہ لگا دل

بیداد تو کرتا ہی مگر اسی بتِ ظالم — کچھ اسکی خبر بھی ہی کہ اللہ ہی عادل

جز عشقِ بتان اوسمین نہ پایا کسی شی کو — مشہور جہان مین ہی گزرگاہ خدا دل

وہ اور ہی کچھ آگ تھی ای حضرتِ موسیٰ — پروانہ صفت جسکی تجلی پہ جلا دل

دل توڑ نہ میخوار کا ای واعظِ نادان — لازم ہی تجھے پاس بُرا یا ہو بھلا دل

جاتی نہین دم بھر تری کوچہ کی تمنا — جنت مین پسِ مرگ لگی خاک مرا دل

ہم عقل کی کہتی ہین تو وہ عشق کی کہتا — ہم دل سی ہین آزردہ تو ہمسی خفا دل

دنیا کی بکھیڑے ہین اثر جان کی جنجال
پھر چھوٹنا معلوم اگر انمین پھنسا دل

سببِ عشقِ زلفِ یار ہی دل — تیرہ بخت و سیاہ کار ہی دل

غم فرقت سے داغدار ہی دل　　ای گل اندام لالہ دار ہے دل
کیون نہ رکھے صفای حیرت خیز　　آئینہ دار روے یار ہے دل
کسکے عکس عذار رنگین سے　　غیرت عارض بہار ہے دل
غرق دریای خون نہو کیونکر　　اپنے کردہ سی شرمسار ہی دل
اوسکے پہلومین غیر بیٹھا ہے　　ورنہ کیون آج بیقرار ہی دل
جیسا جی چاہتا ہے کرتا ہے　　سخت کمبخت و نابکار ہی دل
اونکی تیغ مژہ کو مت پوچھو　　سینہ مجروح ہے فگار ہی دل
ہے خبر گرم کسکی آمد کی　　آج سرگرم انتظار ہی دل

غم سے پاتے نہین فراغ اثر
اک نہ اک رنج سے دوچار ہی دل

گرمی ہجر سے بیتاب ہی دل　　شعلہ رو صورت سیماب ہی دل
کثرت داغ سواے مہر جمال　　روکش چہرۂ مہتاب ہے دل
مضطرب ہے غم تنہای سے　　طالب صحبت احباب ہی دل
دیکھ طوق تری گردن مین　　خونکا حلقۂ گرداب ہے دل

جب سی اوس بحر ملاحت سی چھپا

اے اثر ماہی بے آب ہے دل

میم

ہو رہے ہیں مبتلائے گردشِ ایام ہم
ایک مدت سے نہیں ہیں واقفِ آرام ہم

مل گئے ہیں خاک میں اسپر بھی عالی ہے نظر
روزنِ مدفن سے تکتے ہیں کسیکا بام ہم

دیر و مسجد میں یہی کہتا ہے جلوہ یار کا
برہمن ہم بت شکن ہم کفر ہم اسلام ہم

طوف کعبہ میں نکر عجلت خدا کے واسطے
زاہدا زمزم پہ دھولیں جامۂ احرام ہم

ناصحِ مشفق وہی کر جو فرماتے ہیں آپ
ابتدا ہی جانتے گر عشق کا انجام ہم

دم میں ہو جاتی ہیں آسان اپنی ساری مشکلیں
اے اثر لیتے ہیں جب مشکلکشا کا نام ہم

کرو تم نہ اتنا ستم پر ستم
میں کھینچوں کہانتک الم پر الم

نہیں اونکے وعدہ کا کچھ اعتبار
اگر لاکھ کھائیں قسم پر قسم

ہمارا بیابان ہے کچھ اور قیس
نہ رکھنا ہمارے قدم پر قدم

ہے اُمڈی ہوئی آہ و نالہ کی فوج
نشان پر نشان ہیں علم پر علم

کریں آپ اغیار پر ہر گھڑی
نوازش عنایت کرم پر کرم

جو اہلِ وفا ہم ہین ہم پر مدام / جفا پر جفا ہو ستم پر ستم

علیؔ نے نکالا اونھین ای اثرؔ
تھے کعبہ مین ورنہ صنم پر صنم

بسر کرتی تھے کس فراغت سی ہم / پر اب تنگ ہین اپنی حالت سی ہم

ترے فتنۂ قامتِ ناز کو / فزون دیکھتے ہین قیامت سی ہم

عدو پر ہوئی گردہ تیغ آزما / عجب کیا کہ مر جائین حسرت سی ہم

نہ راحت چمن مین نہ صحرا مین چین / بہت تنگ ہین دلکی حالت سی ہم

یہ کیا جانتی تھے کہ ہی غیر شوم / تری بزم مین آئی شامت سی ہم

بٹھاتی رہی وہ عدو کو قریب / رہی دور اونکی عنایت سی ہم

جفائے عدو کو نہ خاطر مین لائین / اگر کام لین صبر و ہمت سے ہم

کیا عشق نے ہمکو خانہ خراب / گزر ہی گئے آدمیت سے ہم

تری بار فرقت کو ای نازنین / فزون پاتی ہین اپنی طاقت سی ہم

بنین کسکی رحمت کے امیدوار / جو مایوس ہون تیری رحمت سی ہم

عدو کیطرف محفلِ یار مین / نظر کرتی ہین کیسی حسرت سے ہم

بہت چین سی ہین گیا جبسے دل / سبک جان ہوئی اوسکی رحلت سی ہم

وہ کیونکر ملاتے ہین غیرونسے آنکھ
نہین دیکھتے اونکو غیرت سے ہم

اثرؔ جسقدر ہمنے تحقیق کی
ہوے کچھ نہ واقف حقیقت سے ہم

ردیف نون

آہ سے شکر جفا ہم تو ادا کرتے ہین
اے ستمگر نہ سمجھنا کہ گلا کرتے ہین

خاک ہوکر درِ جانان پہ رہا کرتے ہین
مرگئے پر بھی وفا اہلِ وفا کرتے ہین

وہ دمِ ذبح جو مونھہ پھیر لیا کرتے ہین
ہای عشاق سے کس وقت حیا کرتے ہین

جان و ایمان دل و دین سب ہی فدا کرتے ہین
بیوفا کیا نہین اربابِ وفا کرتے ہین

زور روحی سے نہین طالبِ زر کو بہرہ
نفس کو زیرِ حکومت فقرا کرتے ہین

حشر کا نام نہ لو اونکی گلی کے آگے
ایسے فتنہ تو وہان روز اوٹھا کرتے ہین

اے بتو تم مری تربت پہ نہ آئے نہ سہی
باخدا طوف مزارِ شہدا کرتے ہین

کچھ مقدر سے بھی اعمال ملا لیتے ہین
یہ فرشتے جو سرِ دوش لکھا کرتے ہین

آپ رندونکو برا کہتے ہین اے واعظِ شہر
کہین آلودہ زبان بھی صلحا کرتے ہین

گر ملین حضرتِ عیسیٰ تو مین اتنا پوچھون
مرضِ عشق کی بھی آپ دوا کرتے ہین

ای ستمگر نہ برا مان مرے نالو نکا
یہ تو در پردہ تقاضاے جفا کرتی ہین

کوئی پنہان ہی پسِ پردہ سامان بہا
گل چمن مین نہین بیوجہ ہنسا کرتی ہین

ہی جو قسمت مین لکھا ہجر تو سایہ کیطرح
ساتھ رہنی پہ الگ اونسے رہا کرتی ہین

روبرو اونکے فرشتونکی زبان کٹتی ہی
ہی بشر کیا جو کہے آپ یہ کیا کرتی ہین

خوبرویونکی بُری بات بھی ہوتی ہی بھلی
آپ بیجا بھی جو کرتے ہین بجا کرتی ہین

دست و پا گل سی بھی خوشرنگ ملے ہین جنکو
کیا غضب ہی کہ تمنای حنا کرتی ہین

اونکی محفل مین نہین جلتی ہی تو ہی ای شمع
بیٹھو بائین کیطرف ہم بھی جلا کرتی ہین

بار آور شجرِ عشق جو ہوتا ہے دلا
نا امیدی کی ثمر اوسمین لگا کرتی ہین

ہم فقیرونسے نہ ای خسروِ خوبان مُنہ پھیر
ایک مدت سی ترے حق مین دعا کرتی ہین

ایسی نقشونکے بنانیکی ضرورت کیا ہے
جب بگڑنیکو آہی یہ بنا کرتے ہین

نیک و بد اونکو جتانی سے مجھے کیا مطلب
کیا وہ سنتی ہین مری میرا کہا کرتے ہین

کیا خبر ہے تجھے ای طالبِ دنیای دنی
کام کیا کیا نہین مردانِ خدا کرتی ہین

خوبرویونسے محبت نہین کرتے عاقل
اے اثر آپ جو کرتے ہین بُرا کرتی ہین

اپنے در سے جو اوٹھاتی ہین ہمین
خاک مین آپ ملاتی ہین ہمین

ہے جو منظور جفا در پردہ
مونہہ کو غیرو ہمین دکھاتی ہین ہمین

غیر کو پاس بلا رکھتے ہین ؟
جب کبھی آپ بلاتے ہین ہمین

عشق کی پردہ دری کی ڈر سے
تیرے گھر والی چھپاتی ہین ہمین

گرمیان غیر کو دکھلا دکھلا
بزم مین آپ جلاتے ہین ہمین

شبِ فرقت مین فلک کی تارے
داغ دل یاد دلاتے ہین ہمین

اونکی اندازِ سخن ہین معلوم
غیر کو کہکے سناتی ہین ہمین

پھر کسی گل پہ ہوا دل مایل
داغ تازہ نظر آتے ہین ہمین

چھوڑ دین آپ کی ہمراہی ہم
واہ کیا راہ بتاتے ہین ہمین

تو ہمین راہ بتلے جس سے
غیر وہ راہ بتاتے ہین ہمین

عطر گل سے نہین جب دل بھرتا
اپنا رومال سنگھاتی ہین ہمین

شب کو افسانۂ دل کہکے اثرؔ
آپ روتے ہین رلاتی ہین ہمین

دیا تونے وہ دل خدایا ہمین
لہو جسنے ہردم رلایا ہمین

موئے پر کسی نے نہ پایا ہمین
یہانتک تری غم نے کھایا ہمین

رخِ گور دل نے دکھایا ہمین
اسی نے ٹھکانے لگایا ہمین

یہان تک بتون نے ستایا ہمین
کہ آخر خدا یاد آیا ہمین ؞ ؞

نہین دل کو پروا مرے درد کی
یہ اپنا ہوا ہے پرایا ہمین

ترا نام لیکر رکھا دل پہ ہاتھ
کسی دم اگر ہوش آیا ہمین

ترے در پہ دم بھر جو بیٹھے تھے
کہ دربان نے اوٹھکر اوٹھایا ہمین

موے پر اگر ساتھ دل بھی گیا
تو پھر گور مین چین آیا ہمین

اونھون نے سمجھکر ہمین بے زبان
زبان پر جو آیا سُنایا ہمین

بہت اسکے ہاتھون سی تنگ آگئے
کوی اور دل دے خدایا ہمین

تری غم نی اے ماہ فرقت کی شب
ذرا بھی جو سوے جگایا ہمین

ملوگے کبھی تو بھلا راہ مین
بہت تمنے رستہ بتایا ہمین

یہ بے تابیان غیر کیواسطے
تجھے دیکھکر صبر آیا ہمین

خدا یاد آیا جسے دیکھکر
وہ جلوہ بتون نی دکھایا ہمین

ابھی نیند آئی تھی مرغ سحر
کہ نالون سی تو نی جگایا ہمین

مسیحا نگاہ مردہ جلاتے نہین
مگر تونے زندہ جلایا ہمین ؞

سمجھنے کی باتین تو کیا کیا تھین
مگر کچھ سمجھ مین نہ آیا ہمین ؞

اثر شکل اپنی ہوی میر کی

رہا دیکھا اپنا پرایا ہمین ؛

وہ سروِ خرامان جو ادھر آئی تو جانین
طوبای تمنا مین ثمر آئی تو جانین

ای جذبۂ دل اوسکو بلاتی تو ہین لیکن
کھچکر وہ مری پاس اگر آئی تو جانین

یون تو دلِ شیدا مین تمنا ہین ہزارون
اینمین سی اگر ایک بھی برآئی تو جانین

یعقوب صفت منتظرِ یار ہین لیکن
وہ یوسف گم گشتہ جو گھر آئی تو جانین

ہم آہ تو کرتی ہین مگر اے اثرِ آہ
دل اوسکا اگر درد سی بھر آئی تو جانین

ای اہلِ نظر دیر سی ہو آنکھ لگاے
لیکن وہ کمر تمکو نظر آئی تو جانین

اوصاف کمر لکھنے ہین کہتی شعرا کو
ہاتھ اونکی جو مضمون کمر آئی تو جانین

مرغانِ قفس گوش برآواز ہین لیکن
گلشن کی صبا لیکے خبر آئی تو جانین

ای دیدۂ تر سوزِ غمِ ہجرِ بتان مین
آنسو کی عوض تمسی شرر آئی تو جانین

گر ماہ ہوا ہالہ نشین کیا ہی تکلف
آغوش مین وہ رشکِ قمر آئی تو جانین

آئے ہین مداوا کے لئے عیسیِٔ مریم
راس اونکی دوا دل کو اثر آئی تو جانین

رنج و راحت ہجر مین ای یار دونون ایک ہین
صحنِ گلشن وادیِ پرخار دونون ایک ہین

تنگدلی دونون کو یکسان کوچۂ دلبر مین ہی
چشمِ عاشق روزنِ دیوار دونون ایک ہین

جب حقیقت مین نہین اہلِ نظر کی آنکھ مین
ہی خراباتِ جہان مین کیفیت سبکی خراب
الحذر ای خرمنِ ہستی اعدا الحذر ؛
حضرتِ واعظ اگر اوجھے کسی میخوار سے
یہ ہی جنت کا طالب ہی تو وہ خواہانِ مے
فرق ہی زاہد فقط ہموار نا ہموار کا ؛
ایک پل مین ہر طرف جل تھل نظر آنی لگا
کام کیا انسانکا نکلے ہو نہ جبتک اتحاد

دیدۂ خوابیدہ و بیدار دونون ایک ہین
میکدہ مین غافل و ہوشیار دونون ایک ہین
برقِ سوزان آہ آتشبار دونون ایک ہین
ہاتھ اوسکا آپ کی دستار دونون ایک ہین
پیشِ حق مین زاہد و میخوار دونون ایک ہین
در حقیقت سبحہ و زنار دونون ایک ہین
چشمِ عاشق ابر دریا بار دونون ایک ہین
لب ہین دو لیکن دمِ گفتار دونون ایک ہین

حکم لچمی سی اپنا یہ عقیدہ ہے اثر
مصطفےٰ و حیدرِ کرار دونون ایک ہین

دل اپنا ایک مدت سی نہین ہی اپنی قابو مین
جو ہین ذی فیض محرومی سوا اونکو نہین حاصل
دلا یہ دشت ہی تفسیدگانِ سوزِ الفت کا
جو رستم تھی جوانی مین وہ ہین اب زال سی بدتر
نکمی ہو گئی شمشیر جسدم اوسمین بال آیا

مری جانِ حزین کیواسطے دشمن ہی پہلو مین
ثمر لاتی نہین فصلِ بہاری شاخِ آہو مین
بجای مشک انگاری بھری ہین نافِ آہو مین
نہ وہ طاقت ہی پنجہ مین نہ وہ قوت ہی بازو مین
مگر موجوہر عاشق کشی ہین تیغِ ابرو مین

بسانِ شانہ دل صد چاک غم سی ہونی لگتا ہی
اثرؔ شانی کو جب مین دیکھتا ہون اوسکی گیسو مین

زبانِ حال سی ہم شکوہ بیداد کرتے ہین
دہانِ زخم قاتل دمبدم فریاد کرتی ہین

سمجھکر کیا اسیرانِ قفس فریاد کرتی ہین
توجہ بھی کہین فریاد پر صیاد کرتے ہین

عذابِ قبر سی پاتی ہین راحت مجرمانِ عشق
پس مردن جفائین یار کی جب یاد کرتی ہین

نکہ بہر خدا تو بندگانِ عشق کو کا فر
بتو نکی یاد مین زاہد خدا کی یاد کرتی ہین

ذرا صیاد چلکر دیکھ تو کیا حال ہی اونکا
اسیرانِ قفس فریاد پر فریاد کرتی ہین

بتانِ سنگدل کی ہاتھ سی دل ہی نہین نالان
ہمہ دم دیر مین ناقوس بھی فریاد کرتے ہین

ہزارون زخم خندان خنجرِ غم سی بناتی ہین
دلِ ناشاد کو ہم اسطرح پر شاد کرتی ہین

ملی لذت جو ایذا مین تو باز آتی ہین ایذا سے
ستم ایجاد ہین طرزِ ستم ایجاد کرتے ہین

اثرؔ کو دیکھکر کیا روح کو صدمہ پہونچتا ہی
خدا سمجھے بتو نسے کسقدر بیداد کرتی ہین

گل تمھارے عذار ہین دونون
رنگ روی بہار ہین دونون

آنکھین اوس آفتِ زمانہ کی
فتنۂ روزگار ہین دونون

نغمۂ ومی کا ذکر مت چھیڑو
ہجر مین ناگوار ہین دونون

جگر و دل تری جدائی سے
لالہ رُو داغدار ہین دونون

دونون زلفین نہین ہین سینہ پر
دل کے ڈسنے کو مار ہین دونون

اونکی تیغ نگہہ کو مت پوچھو
جگر و دل فگار ہین دونون

تیرے ہاتھوں سے جامۂ دستار
ای جنون تار تار ہین دونون

لب و دندان پہ تیری ای دلبر
لعل و گوہر نثار ہین دونون

دیدہ و دل ہین جان کی دشمن
ورنہ آپس مین یار ہین دونون

دیکے دل ہم تو وہ اوسے لیکر
اے **اثر** بیقرار ہین دونون

اثرِ آہِ الم جب دلِ ناکام نہین
گوش دلہای بتان موردِ الزام نہین

رُو کشِ نار سہی تم طرحِ جفا کی ڈالو
در خورِ قہر و غضب یہ دلِ ناکام نہین

داغ مے دھوئی دی زمزم پہ مجھی ای زاہد
لایقِ طوفِ حرم جامۂ احرام نہین

ہی تقاضای جفا اہلِ محبت کیلئے
طلبِ گنج والم رسمِ رہِ عام نہین

رہرو راہ الم ہے دلِ خاصانِ خدا
کوچۂ زلفِ بتان رہگذرِ عام نہین

عادتِ لذتِ آزار بُرا ہو تیرا
بیسبب جور و جفا جانکو آرام نہین

اثرِ آہ کی ہر چند حقیقت معلوم
تو بھی محزونکو تری اسکے سوا کام نہین

دے ندے ہر کوئی مختار ہی مجبور نہین
طلب دل سے بتان قابل الزام نہین

دیکھ سرگشتگی چرخ بچشم حق بین
عادت رنج دہی صورت آرام نہین

طلب عفو نہین اہل ستم سی شایان
عذر تقصیر بجز خجلت الزام نہین

وہ ظرافت سی اثر ہمسے کہا کرتے ہین
لذت بوسہ بہ از لذت دشنام نہین

کیا تجھے کام بجز نالۂ و فریاد نہین
مشغلہ اور کوئی او دل ناشاد نہین

کوہ غم بر سر جانباز متاع رفعت
نازش عشق سبکدوشی فرہاد نہین

مدت عمر جنون عمر سی کچھ تھوڑی ہی
دشت سی پھر کی کہان جا بین کہ گھر یاد نہین

حکمت آموز نہین اہل جفا کی تعلیم
لطمۂ جور عدو سیلی استاد نہین

طوق آہن ہی نہ کچھ تو ہو تدبیر جنون
کوئی حداد سہی گر کوئی فصاد نہین

طلب درد سی غافل نہو ای دل دم بھر
واقف لذت غم وہ ستم ایجاد نہین

آتشین آہ سی جلتی ہی زبان سوزان
شعلۂ شمع سر رہگذر باد نہین

کیون الجھتا ہی تری زلف سی ای سرو روان
دل صد چاک مرا شانۂ شمشاد نہین

ہر گل اندام سی نفرت ہی تجھے کیون زاہد
قابل سیر مگر گلشن ایجاد نہین

دستگیری دگر تیشہ تجی عاشق
سر فرہاد تہ خنجر جلاد نہین

یہی فریاد سی مطلب ہی کہ ای ظلم سرشت ق
یاد آجای ستم تجھکو اگر یاد نہین

نالہ کرتا ہی تقاضای جفائے تازہ
اس سی مقصود دل شکوہ بیداد نہین

نہ ہی پروای ستایش نہ غم نفرین ہے
نغمہ سنجی سے خیال طلب داد نہین

شکوہ غربت کا اثر کرتی ہو غالب کیطرح
تمکو بھی یاران وطن یاد نہین

[illegible] لف یار ہو جام شراب مین
بال آئی رشک سی قدح آفتاب مین

افسوس [illegible] وہ برو مری آنکھونکو وہ نہین
پوشیدہ جسکا چہرہ ہی دلکی نقاب مین

ای نو رسیدگان جوانی ذرا سنو
ملتا تھا لطف زیست ہمین بھی شباب مین

اک دن وہ تھا کہ ساقی ہوش تھا اپنے پاس
پیتے تھے ہم شراب شب ماہتاب مین

وہ جام زرنگار و مطلا صراحیان
ہوا انفعال جن سی رخ آفتاب مین

وہ [illegible] کہ دلکو حلقہ دام بلا مین لائین
زلفین تھین جنکی تا بکمر پیچ و تاب مین

آنکھونکو سامنے سے الہی کدھر گئے
اب تو نظر بھی آتی نہین ہمکو خواب مین

احباب بزم جتنے تھے سب ہوگئی ہوا
گویا شراب پیتے تھے جام حباب مین

ہر لحظہ اونکی یاد مین روئیے نہ کیون اثر
تصویرین اونکی پھرتی ہین چشم پر آب مین

ن

سنا حال دل پر کہا کچھ نہین
مگر کان دھر کر سنا کچھ نہین

کیا خوب جو کچھ خدا نے کیا
بتو تم سے ہمکو گلا کچھ نہین

شب ہجر ہوتا چلا مین فنا
سحر ہوتے ہوتے رہا کچھ نہین

حسینو کہین گل سی خوشتر ہو تم
مگر تم مین بوے وفا کچھ نہین

نہ گل پر ہی جوبن نہ بلبل کو جوش
چمن کی وہ اگلی ہوا کچھ نہین

عبادت خدا کی بامید حور
مگر تجھکو زاہد حیا کچھ نہین

خدا اوسنے بندونکو اپنے بچاے
کہ نزدیک جنکے خدا کچھ نہین

حسینونکے انداز مت پوچھیے
جفا ہی جفا ہین وفا کچھ نہین

بتونکی پرستش کہان تک اثر
مگر تجھکو خوفِ خدا کچھ نہین

شام کو جب چراغ جلتے ہین
دل جلے سیر کو نکلتے ہین

ذکر حور و قصور کر واعظ
تیری باتو نسے ہم بہلتے ہین

مضطرب کیا ہو رہروانِ عدم
کچھ تو ٹھہرو کہ ہم بھی چلتے ہین

کھوکے دل اب یہی ہے کام ہمین
ہر گھڑی اپنے ہاتھ ملتے ہین

بل بے جوشِ سرشک طوفان خیز
یون بھی چشمے کہین اُبلتے ہین

کچھ نہین کم پہاڑ سے اغیار — سنگ سینہ ہین کب یہ ٹلتی ہین
دل بتونکے ہین کیا خدا جانے — آہن و سنگ تک پگھلتے ہین
شجرِ عشق کیا ثمر لائے — کہین ایسے درخت پھلتے ہین
بیٹھ جاتے ہین ضعف کے مارے — ق دو قدم بھی اگر ٹہلتے ہین
کوچہ گردی کا ذکر کیا ناصح — گھر سے بھی ہم نہین نکلتے ہین

کون اونکو اثر دہان پہونچائے
حضرتِ دل جہان بہلتے ہین

لوگ جب تیرا نام لیتے ہین — ہم کلیجے کو تھام لیتے ہین
راہبر کی نہین ہمین حاجت — خضر کا دل سے کام لیتے ہین
بادہ بھی مست ناز ہوتا ہے — جس ادا سے وہ جام لیتے ہین
شیخ صاحب مریدلوگونسے — آپ مالِ حرام لیتے ہین ؞
مفت بوسہ حسین نہین دیتے — دل جو لیتے ہین دام لیتے ہین
آدمی کیا ملک درود کیساتھ — نام خیر الانامؐ لیتے ہین ؞ ؞
اونکو ڈھونڈھی کہان کہان کوئی — ق ایک جا کب قیام لیتے ہین
نقشۂ روزگار جیسے ہین ؞ ؞ — گھر نیا صبح و شام لیتے ہین

ضعف بھی کیف سے نہین خالی
مجھکو گرتے وہ تھام لیتے ہین

جانکر اے اثر کلام میر
لوگ تیرا کلام لیتے ہین

مقدر تھا جو رہتا ہو حشیونکی ساتھ جنگل مین
پڑی تھی شیر کی ناخن مری طفلی کی ہیکل مین

جگر کی لخت آتی ہین نظر اشکِ مسلسل مین
مری آنکھونکی رنگینی نہین ساونکی بادل مین

ثمر جنت کی بھی ایسے نہ ہونگی خوشگواری مین
عجب لذت ہے اے قاتل تری شمشیر کی پھل مین

سوا تیری خبر ہے کون مجھسے رند بیزر کی
اب اے پیر مغان باقی نہین اک گھونٹ بوتل مین

گمانِ بیوفائی انکی جانب ہی نہین جاتا
بتونکو کیون رکھین برہمن دیرِ مقفل مین

تری چہرے سی آئینہ مقابل ہو تو کیونکر ہو
صفا دلخواہ ہو سکتی نہین محتاج صیقل مین

عدو کو بیحقیقت اپنی نادانی سی سمجھے تھے
نہ تھا معلوم ہے کوہ گران تنکی کی اوجھل مین

قدم باہر نکالی کیا ہوا جاتا ہے گل در گل
نکلنے کا نہین جو پھنس گیا دنیا کی دلدل مین

ہر اک جانباز کی جان جامہ تن سی ہوئی باہر
وہ جسدم پہونچے شمشیر برہنہ لیکے مقتل مین

نہ سمجھو آدمی ہوتا ہے پیوندِ زمین مر کر
امان پاتا ہے غم سی مادر گیتی کے آنچل مین

قیامت کی خوشی ہے مجھ دل شکستہ کو نہو کیونکر
تری جان بھی پڑیگی ای فلک اک روز ہلچل مین

گدڑی کی پیرہن مین ہمکو وہ راحت میسر ہے
کہ اربابِ دُوَل پاتی نہین کمخواب و مخمل مین

دل اہل ہوس کب شال سے آرام پاتا ہے — تن درویش آسودہ کو آسایش ہے کمبل مین

برابر طالب مولیٰ کے ہو کیا طالب دنیا — زمین و آسمان کا فرق ہے اعلیٰ و اسفل مین

درازی زلف کی المختصر باہر بیانسے ہے — یہ مضمون ہے کہ گنجایش نہین جسکو مطوّل مین

گوارا ہوتی ہے تلخی بھی انسانکو ضرورت مین — نہین ہے انگبین کی کوئی لذت ورنہ حنظل مین

شکوہ ظاہری کیا اہل معنی کو پسند آئے — نمایش کے سوا مطلب نہین کچھ خطّ جدول مین

نفاست جامۂ تن کی حسینونکی نرالی ہے — نہ وہ نرمی ہے مخمل مین نہ وہ سُبکی ہے ململ مین

نظر سے نور ہو جاتا ہے غایب وقت نظارہ — بلا کی ہے سیاہی یار کی آنکھونکی کاجل مین

چلا ہون دیدۂ پر آب لیکر کوے جانان کو — مسافر پانی بھر لیتے ہین چلتے وقت چھاگل مین

ہوا آخر کو زاہد بھی مرید پیر میخانہ — نہایت پارسائی کی لیا کرتا تھا اوّل مین

جو بیموقع ہو کالکھ ہے جو باموقع ہے کاجل ہے — سیاہی کا نہین کچھ فرق کالکھ اور کاجل مین

جوانی سے علحدہ ہے مزا اٹھتی جوانی کا — ملاحت وہ نہین پتّو مین جو ہوتی ہے کوپل مین

ہوئین جب عالم وحشت مین مایل اشکباری کے — مری آنکھون نے صحرا کو سمندر کر دیا پل مین

کدورت سے بری ہوتی ہے طینت پاکبازونکی — دھوان دیکھا نہین خس کے برابر مہ کی مشعل مین

سوا تیرے کوئی ہو دوسرا تب تو نظر آئے — دوئی کو دخل ہوتا ہے نگاہ چشم احول مین

گلستان بھی ہے خارستان اثر روز جدائی مین

اگر ہو یار جنگل مین تو پھر منگل ہی جنگل مین

کیا کیا نہ کہتے پھرتے ہین اغیار کیا کہین
کہنے مین شرم آتی ہی اسے یار کیا کہین

تجھسے ہم اپنا حالِ دلِ زار کیا کہین
کیا جان پہ آبنی ہی ستمگار کیا کہین

ہر بات پر وہ کرتے ہین تکرار کیا کہین
جھگڑا بڑھاتی رہتے ہین بیکار کیا کہین

ہر دم وہ دل کو دیتی ہین آزار کیا کہین
ہم زندگی سی رہتے ہین بیزار کیا کہین

وہ دل کا مول کرتی ہین چپ شرم سی ہین ہم
کھوٹا ہی مال مین خریدار کیا کہین

دیتے نہین سوال کا عیسیٰ کوئی جواب
اچھی نہین ہی حالت بیمار کیا کہین

جیتے ہین تا نہ غیر کو وہ لائین لاش پر
آسان بھی موت ہو گئی دشوار کیا کہین

ہم اوسنے عرضِ حال کرین بھی تو ہمدمو
خبرِ غیر کسکی سنتے ہین بیکار کیا کہین

میری بھلی بھی اونکو بُری لگتی ہی اثر
جیسے ہین وہ عدو کی طرفدار کیا کہین

کیون نہ ٹوٹین خود بخود میرے قفس کی تیلیان
ہون گرفتار کہن ہین سو برس کی تیلیان

عارضِ گلگون جو ہی صیاد کا پیشِ نظر
دیدِ گلشن کو نہین مانع قفس کی تیلیان

مرغِ جان تن کے قفس سی مایلِ پرواز ہو
ٹوٹ جاوین جس گھڑی تارِ نفس کی تیلیان

تا نہ ٹوٹی حرصِ دنیا ہو نہ آزادی نصیب
وہ قفس دنیا ہی جسمین ہین ہوس کی تیلیان

ہون مین صیدِ ناتوان مجھسے نہ ٹوٹینگی کبھی
گو قفس مین میری ہون پائے مگس کی تیلیان

گرمیِ ہجرِ چمن کی کچھ رعایت ہے ضرور
چاہیے بہرِ قفس صیاد خس کی تیلیان

بیبسی مین تجھپہ کیا ثابت کرون اپنی وفا
کاش ای صیاد ہوتین اپنی بس کی تیلیان

ہے تمنا کسقدر مجھکو اسیری کی اثر
چھیلتا ہون آپ ہی اپنی قفس کی تیلیان

ردیف واو

گر وقت سیر دیکھ لے اوس گلبدن کے پانو
بلبل نہ رکھے پھر کبھی اندر چمن کے پانو

کیونکر تجھے چمن نہ کہین ای بہارِ حُسن
گل کی اگر ہین گال تو ہین یاسمن کے پانو

دیوان مین میری عالمِ بالا کی سیر ہے
پہونچے کہان کہان مری فکرِ سخن کے پانو

کیونکر نہ خاک وادیِ غربت کی چھانیے
پامال دل کو کرتے ہین اہلِ وطن کے پانو

گمرہ جو پای شیخ کو پوجین عجب نہین
قومِ ہنود پوجتی ہے برہمن کے پانو

آئی وہ دن قریب الٰہی کہ شوق سے
آنکھونسے ہم لگائین امامِ زمن کے پانو

تا خاک پای یار رسائی محال ہے
جبتک نہ سر چلے رہِ الفت مین تنکے پانو

مدفن مین بھی ہی وحشتِ دل اپنی حال پہ
ہین اشتیاقِ دشت مین باہر کفن کے پانو

حلقے تمہارے گیسوی مشکین کے ہین وہ دام
جنسے نہ نکلین آہوی دشت ختن کے پانو

پاپوش سی جو قدر نہین پیش بے ہنر
جوہر شناس چومتی ہین اہل فن کے پانو

تا پاک اختیار کرین راہ پاک کیا
آلودگی مین رہتے ہین زاغ و زغن کے پانو

صحرا مین جست وخیز کا عالم نہ پوچھیے
وحشت نی میری پانو بنای ہرن کے پانو

کیونکر مزا نہ قند مکرر کا دے کلام
دھوکر پیے ہین غالب شیرین سخن کے پانو

جاکر تری گلی سے پھر آنا محال ہے
بوجھل سے ہین ایسے کہ ہین لاکھ من کے پانو

پانی لگن کا چشمہ خورشید ہوگیا
اوسنے رکھا جو دھونے کو اندر لگن کے پانو

تھوڑے ہی دن کی بعد لگا ہونی چل چلاو
کوئی برس جمے نہ بہار چمن کے پانو

ہے کچھ نہ کچھ بتو تمنے غرض ای اثر تمھین
یون دیر مین جو دابتے ہو برہمن کے پانو

ولہ

رات کیا کیا نہ بڑھا درد جگر مت پوچھو
کس خرابی سی کٹے چار پہر مت پوچھو

کچھ نہین جانتی کب اوسنی ہوئے ہم رخصت
اپنی حالت جو ہوی وقت سفر مت پوچھو

چھوڑ دینگے مری کوچہ سی وہ آنا جانا
غیر کے سامنی لوگو مرا گھر مت پوچھو

کیا خبر پوچھتے ہو آہی چلی اوسکی خبر
اپنی بیمار محبت کی خبر مت پوچھو

ہمدم سو کہہ تو چکے حال دلِ خون گشتہ
اب ہمین تاب نہین بار دگر مت پوچھو

محفلِ غیر مین مرے سے کئے چہرہ گلشن
رات جس رنگ سے وہ آئے نظر مت پوچھو

جان لو اہل ہنر کیلئے قسمت ہی شرط
مجھسے ای اہل جہان میری ہنر مت پوچھو

منزلِ عشق سے کوئی نہ سلامت نکلا
کتنے عشاق گئی جانسے گذر مت پوچھو

چہرہ غیر ہے آئینہ ہمارے غم کا
ہمپہ جیسی ہے عنایت کی نظر مت پوچھو

دور از دیر نہین اپنی گذر جائے مین
میرا کیا حال ہی تم وقت سفر مت پوچھو

کیون نہو تلخ مری زیست غمِ فرقت سے
جیسے وہ غیر سے ہین شیر و شکر مت پوچھو

ہر شب ہجر نے سو داغ دئے ہین دل پر
داغ دل میری تم ای رشک قمر مت پوچھو

حضرتِ نوح جو ہوتی تو بلا مین پڑتے
جیسے طوفان ہین مری دیدۂ تر مت پوچھو

دل ہی سو ٹکڑے تو مژگان ہین لہو سے دوبی
عمر کس رنگ سے ہوتی ہی بسر مت پوچھو

کچھ خدا جانتا ہی جیسی بسر ہوتی ہے
زندگی ہے کہ مصیبت ہی اثر مت پوچھو

وضع احباب جہان وجہ محن ہی ہمکو
شام غربت سے بتر صبح وطن ہی ہمکو

سیر گل باعث اندوہ و محن ہے ہمکو
غم فزا نغمۂ مرغان چمن ہے ہمکو

دست غم گشتۂ یاران زمان گرد گلو
تنگی حلقۂ دم بندِ رسن ہے ہمکو

کیون نہ ہو داغ کسی ماہ جبین کا دل پر — خصم دیرینہ بسر خرچ کہن ہے ہمکو

بستہ کرتی ہین یہ اخفای جفای قاتل — زخم ورتہ پئے فریاد دہن ہے ہمکو

پرتو گیسوی مشکین سے یہ آئینۂ دل — لطف دیدہ حلب و سیر ختن ہے ہمکو

شوق عریانی و بیچارگی ضعف سی آہ — پیرہن تن پہ جنون مثل کفن ہے ہمکو

اشک ریزی سی تری بزم مین ای غیرت ماہ — صورت شمع کہان تاب سخن ہی ہمکو

دشمن توبہ ہے ہر فصل بہاری واعظ — کرم غنچہ توبہ شکن ہے ہمکو۔

جور احباب و تمنای سیاحت سے اثر
قصد ترک وطن و سیر دکن ہے ہمکو

وہ جنس وفا ہم ملے یار کو — کہ ہو ناز جس پر خریدار کو

بھلا اب تو دل مین نظر آئی آپ — بہت ہم ترستے تھے دیدار کو

جو برعکس ہے آپکا قول و فعل — ہم اقرار سمجھینگے انکار کو

دوا کیا پلاتے ہو اے ہمدمو — اذیت نہ دو دل کے بیمار کو

بہت ابر روتا پھرا ملک ملک — نہ پہونچا مری چشم خونبار کو

چمن مین جو نالے ہمارے سُنے — غشی لگ گئی بلبل زار کو

بری ہین عداوت سے اہل طریق — جگہہ دیتے ہین پانو مین خار کو

ڈرانی سے واعظ کے ہم کیا ڈرین | خدا بخشتا ہے گنہگار کو

اثر بے زری مین کرو رہن مے
تم اپنی فضیلت کی دستار کو

جو کام دل کا آہ کی تاثیر سے نہو | ہے یہ یقین کہ پھر کسی تدبیر سے نہو
لازم ہے راز عشق جنونمین نہان رہے | باہر صدا بھی خانۂ زنجیر سے نہو
چاہے تو اک جہانکو کرے پل مین غرق خون | جو ہو تری نگاہ سے شمشیر سے نہو
مطرب دکھائے لطف مزامیر جسقدر | خوشتر صدا مین یار کی تقریر سے نہو
چشم مجاز دید حقیقت نکر سکے | بینش کا کام دیدۂ تصویر سے نہو
دیوانہ اوس پری کا مقید نہو سکے | جبتک کہ بستۂ زلف کی زنجیر سے نہو

پُرپیچ بسکہ عقدۂ تقدیر سے ہے اثر
وا کوی طرح ناخن تدبیر سے نہو

الجھی سلجھی رہنی دو کیون آفت سر پہ لاتی ہو | دلکی الجھن بڑھتی ہی جب زلفونکو سلجھاتی ہو
چھپ چھپ کر تم راتکو صاحب غیرونکی گھر جاتی ہو | کیسی ہی یہ بات کہو تو کیونکر منہ دکھلاتی ہو
سنتے ہو کب بات کسیکی اپنی ہٹ پر رہتی ہو | حضرت دل تم اپنی کیے سے آخر کو پچھتاتی ہو
مدت پر تو آئی ہو ہم دیکھ لین تمکو جی بھر کر | آئی ہو تو ٹھہرو صاحب کیون یہان کیا آتی ہو

کیسا آنا کیسا جانا میرے گھر کیا آؤگے
غیر ونکی گھر جانی سے تم فرصت کبکو پاتی ہو

آنکھین جھپکی جاتی ہین ہے تو الٹی کیسی صورت ہے
جاگی کسکی سنگھت مین جو نیند کی اتنی ماتی ہو

دل سے اثر کیا کہتے ہو ہے جان کا سودا عشق بتان
تم بھی تو دیوانی ہو دیوانی کو سمجھاتے ہو

اپنی عاشق پہ عنایت کی نظر رکھتے تو
کیا برائی تھی مری جان اگر رکھتے تو

تہ شمشیر جفا شوق سے سر رکھتے تو
لیکن اغیار ہمارا سا جگر رکھتے تو

کیا اسیران قفس سیر کی خواہان ہوتے
آمد فصل بہاری کی خبر رکھتے تو

تو ڈراتا ہی ہمین تیغ ستم سے قاتل
عشق کرتے ہی نہین موت کا ڈر رکھتے تو

مجرم عشق سہی دل تھا مگر مایہ ناز
آبرو اسکی تم اے دیدہ تر رکھتے تو

دیکھے دل ہو گئے بیدل یہ کیا کیا تمنی
مال کھوٹا ہی سہی تو بھی اثر رکھتے تو

ہر دم جو تیغ کھینچتے ہو امتحان کو
کیا دل لگی سمجھتے ہو عاشق کی جان کو

اللہ ری ساکنان در دوست کا دماغ
نیچی نظر سے دیکھتے ہین آسمان کو

زاہد بتون کی دید سے تو بدگمان نہو
ہم دیکھتے ہین صانع مطلق کی شانکو

وہ دل ہے بیفروغ جو ہو عشق سے تہی
زینت نہو بغیر مکین کے مکان کو

مضمون کو اوج ہے مری فکر بلند سے
پہونچی زمین شعر اثرؔ آسمان کو

ردیف ہائی ہوز

رکھتی ہین بسکہ حسرتِ دیدِ جمال آنکھ
موسیٰ کیطرح کرتی ہین ہر دم سوال آنکھ

کب تجھکو دیکھ سکتی ہین ای ذو الجلال آنکھ
لائین کہانسے طاقتِ دیدِ جمال آنکھ

سیر چمن کو آیا ہون گلچین نہین ہون مین
بیوجہ عندلیب نہ مجھپر نکال آنکھ

تو نی جنون وہ دشت دکھایا مجھی جہان
شبنم کی رنگ رکھتی ہین خونی شغال آنکھ

مشتاق کیون نہ خلق ہو ابروی یار کی
بی اختیار اوٹھتی ہین سوی ہلال آنکھ

لب ہی سی ای اثرؔ نہین اظہار غم کی شکل
چہرہ ہی عرض رنج و بیانِ ملال آنکھ

کیون رہی حیران نہ دستِ سیمبر مین آئینہ
قدرتِ حق دیکھتا ہی اپنی گھر مین آئینہ

محو حیرت کسقدر اپنا دلِ محزون ہوا
بنگیا آنسو کا قطرہ چشم تر مین آئینہ

روی جانان جس مکا مین ہو گیا پرتو فگن
آگیا ہر سو نظر دیوار و در مین آئینہ

اوسکی گھر مین ویسی ہی حیران کھڑی رہتی ہین ہم
جسطرح رہتا ہی حیران اپنی گھر مین آئینہ

دیکھ اے قاتل صفائی حسن کی تاثیر سے
صاف خنجر بن گیا تیری کمر مین آئینہ
جب سے دیکھا ہی تری روئے مصفا کو صنم
سنگ خاک آلود ہے اپنی نظر مین آئینہ

یون ہی گر اوسکی سیہ بختی ترقی پر رہی
کیون نہ بن جاوی توا دستِ اثر مین آئینہ

بلبل رہی قفس مین بلاؤ محن کیساتھ
گل آئے بھی گئے بھی بہار چمن کیساتھ
ہی دل کو ربط اک بتِ شیرین دہن کیساتھ
کیونکر نہ آئے ذکر مرا کوہکن کیساتھ
ہم کعبہ و کنشت کی جھگڑے سی پاک ہین
تیری طرف ہین شیخ نہ ہین برہمن کیساتھ
ہی آشیان بھی صورتِ آبادیِ چمن
کیون لاگ باغبان کو ہی مرغِ چمن کیساتھ
قاتل نہ آیا باز ترا خنجرِ مژا
دل پر ہین زخم تازہ بھی زخمِ کہن کیساتھ
واعظ نہ میری سامنے سرگرم وعظ ہو
نسبت نہین جحیم کو دل کی جلن کیساتھ
اکدن ضرور آہ کا عالم دکھائے گا
چشمک پرانی دل کو ہی چرخ کہن کیساتھ
جب تک چکٹ نبا ہی خطا ہی خطا ہی یا
تشبیہ تیری زلف کی مشکِ ختن کیساتھ
ٹھہرا ہی مین نہ قیس کی ہمدم بنے رہی
صحبت نباہی کوہ مین بھی کوہکن کیساتھ
اصل سی ربط اعلی کو ہوتا نہین مدام
دو روزہ روح کو ہے تعلق بدن کیساتھ
کھینچون جو گرم نالی ترے قد کی یاد مین
قمری بھی جلکے خاک ہو سرو چمن کیساتھ

بے تیغ قتل کرتا ہے برنا و پیر کو ٭ ہے اوسکا بانکپن بھی عجب سادہ پن کیساتھ
کرتا ہے اجتناب رذیلوں سے ہر شریف ٭ رہتا نہیں ہما کبھی زاغ و زغن کیساتھ
منصور تجھکو اپنے کلام فضول سے ٭ آخر پڑا معاملہ دار و رسن کے ساتھ
اللہ خیر کیجیو نازک بہت ہے دل ٭ رہتا ہے اسکو ایک بت دلشکن کیساتھ
گلگشت میں بھی چین نہیں اہل درد کو ٭ ہم نالہ کش چمن میں ہیں مرغ چمن کیساتھ
اہل وطن میں جب نہو مہر و وفا کا نام ٭ کیونکر ہو آدمی کو محبت وطن کیساتھ

دست جنون کو شغل ہے مرگ ای اثر
ہوگا کفن کیساتھ جو ہے پیرہن کیساتھ

دل سی کیا پوچھتا ہی زلف گرہگیر سی پوچھ ٭ اپنی سرشار کی احوال تو زنجیر سے پوچھ
میری جانبازی کی جوہر سی نہیں تو واقف ٭ کچھ کھلے ہیں تری شمشیر پہ شمشیر سی پوچھ
پرسش حال کو جاتی ہی کہاں ای لیلے ٭ قیس کا حال ہی کیا قیس کی تصویر سی پوچھ
واقف راز نہیں پیر مغان سا کوئی ٭ ہو دلا پوچھنا جو کچھ تجھے اس پیر سی پوچھ
واقف لذت آزار نہیں ہر کوئی ٭ کیا مزا ہی تری غم میں دل دلگیر سی پوچھ
گر نہیں گرمی الفت تو دہن میں ای شمع ٭ کسلئے تیری زبان لیتا ہی گلگیر سی پوچھ
الٹی کیون پڑتی ہی تدبیر بتادی کوئی ٭ ہم تو سب کام کیا کرتی ہیں تدبیر سی پوچھ

مجھسے ای داورِ محشر ہی یہ پرسش کیسی | پوچھنا ہی تجھے جو کچھ مری تقدیر سی پوچھ

یون تو اوستادِ فنِ شعر بہت سے گزرے
کسکو کہتے ہین غزل گوی اثرؔ میرؔ سے پوچھ

ہے جوشِ بہار اب کے برس اور زیادہ | بیتاب ہین مرغانِ قفس اور زیادہ
زر ہوتی یہ ہوتی ہے ہوس اور زیادہ | بڑھتی ہی نجاست سے مگس اور زیادہ
کر دیجیے بوسونکی عدد بیس مری جان | جب دی چکے دس دیجیے دس اور زیادہ
ہوشیار ہو مجنون کہ قریب آگئی لیلے | آنی لگی آواز جرس اور زیادہ
کیا ذکر عدو سی تھی غرض بوجھ گئے ہم | ارشاد کی حاجت نہین بس اور زیادہ
کیا جای مسرت ہی اگر عمر عدو سے | عمر اپنی ہوی چند نفس اور زیادہ
جای بھی وہ بت آج تو جایا نہین جاے | للہ تو اے ابر برس اور زیادہ
مین تیری نزاکت سی ڈرا جاتا ہون قاتل | تو اپنی کمر مجھپہ نہ کس اور زیادہ
جب اپنی ترسنے کو بیان کرتی ہین اوسنے | کہتے ہین وہ ہنسکر کہ ترس اور زیادہ
ترکان حسین دزدی دل کرتی ہین گھر گھر | لازم ہی کرے گشت عسس اور زیادہ
بڑھتی ہی سوا غم سے طبیعت کی روانی | مہمیز سے ہو تیز فرس اور زیادہ
ہر پیر و جوان کو بھی ہوتی ہے تمنا | دنیا مین رہین چند نفس اور زیادہ

پیری مین اثر شامت اعمال سی اکثر
ہوتی ہی جوانی کی ہوس اور زیادہ

یاے تحتانی

دولت نہین ملتی ہی کہ عزت نہین ملتی
جس چیز کی طالب ہی طبیعت نہین ملتی

زاہد کو کہا کسنے کہ جنت نہین ملتی
ہے کون سا دہ کام کہ اجرت نہین ملتی

چہرے سے تری چاند کیصورت نہین ملتی
زلفو نسے شب تار کی رنگت نہین ملتی

مدت سی جو دل ہی تری بیداد کا خوگر
بی رنج سہے جان کو راحت نہین ملتی

آتی ہے مگر اوس گل رعنا کی گلی سے
ای باد صبا تیری طبیعت نہین ملتی

ہے وار پیاپے جو تری تیغ جفا کا
ظالم مجھے دم لینے کی فرصت نہین ملتی

کیا غیر ہوا طالب آزار ستمگر
اب تیری جفا مین ہمین لذت نہین ملتی

ایذا کا طلبگار رہا کرتا ہے ای دل
کیا تجھکو اذیت مین اذیت نہین ملتی

رندونکو برا کہتے ہو چپ بھی رہو واعظ
اس سخت کلامی سی تو جنت نہین ملتی

کیا ظلم ہے صیاد اسیران قفس پر
بیچارونکو فریاد کی رخصت نہین ملتی

ثابت ہوا فرہاد تری کوہکنی سے
کچھ کیجیے مزدوری الفت نہین ملتی

سینہ تو مرا راز محبت سی بھرا ہے
اغیار سے خالی تری صحبت نہین ملتی

گلزار جہان سیر کی قابل تو ہی لیکن
کیا سیر کرین سیر کی فرصت نہین ملتی

کیا کوئی بتائی کہ مین آخر کو ہوا کیا
جب گم شدگی کو مری تربت نہین ملتی

اب بستر غم پر ترے بیمار جفا کو
پہلو کے بدلنے کی بھی طاقت نہین ملتی

دل کونسی ساعت مین دیا تھا تجھی ظالم
افسوس کہ اب مجھکو وہ ساعت نہین ملتی

دل کو کبھی ہوتا ہی نہین دل سی تعلق
جبتک کہ طبیعت سی طبیعت نہین ملتی

اکسیر سمجھ خاک در شاہ نجف کو
بے عشق علی فقر کی دولت نہین ملتی

ای فلسفی کچھ عقل لڑا ساتھ ہمارے
اثبات دہن پر ہمین حجت نہین ملتی

اس عہد مین کیا حال برا ہی شرفا کا
سرکار مین دو پیسہ کی خدمت نہین ملتی

تشبیہہ تو دین چاند کو چہری سی تمھارے
دلخواہ مگر کوئی بھی نسبت نہین ملتی

صحرائے محبت مین دل گم شدگان کو
کچھ آپ سی ای خضر ہدایت نہین ملتی

کیا حال دل زار اثر تجھکو سنائے
بیچارے کو گفتار کی طاقت نہین ملتی

سنبھلکے دل نہ مری یار کی جفا کیلئے
دہان زخم کھلے شور مرحبا کے لئے

تری سرشت ہی اے یار بیوفائی کی
وفا نہ تیرے لئے ہے نہ تو وفا کیلئے

جہان کی خبر نہین حال عاقبت معلوم
تو نے عشق کری کیون کوئی خدا کیلئے

جہیم کیا ہی گنہگار عشق کو واعظ
عذاب اور کوئی گڑھ مری سزا کیلئے

نکل کے جای جو سینہ سی پھر کہان جاے
یہ عرصہ اور کہان نالۂ رسا کے لئے

رقیب آیا ہے لیکر پیام دلبر کا
بہانہ چاہیے کچھ آمد قضا کے لئے

گئی نہ عشق حسینا نمین اپنی خودداری
ہلی زبان نہ کبھی عرض مدعا کے لئے

خبر جو لیگئی گلشن مین تیری آمد کی
بہار شوق مین گل نی قدم صبا کیلئے

مری طرف سی عدو کیطرف کیا منہ کو
نکالا آپنے یہ رخ نیا حیا کے لئے

طپان ہی محبس سینہ مین اپنا دل قاتل
بنا دی تیر سے روزن کوئی ہوا کیلئے

ادھین خبر نہین اکسیر خاکساری کی
جو خاک چھانتی پھرتی ہین کیمیا کیلئے

مدار عالم اعلیٰ نہین ہے اسفل پر
ضرور جسم نہین روح کی بقا کیلئے

نہ اپنی در سی اوٹھا مجھکو ای شہ خوبان
ستم روا نہین رکھتا کوئی گدا کیلئے

زبان کھلی ہی نہین اضطراب دل سی اثر
اوٹھائی رہگئے ہاتھونکو ہم دعا کیلئے

یارب ترے کرم کی موافق ہوا ملی
کشتی مری نجات کی ساحل سی جا ملے

روز ازل جو پوچھا گیا کسکو کیا ملے
چلائے ہم کہ ہمکو دل مبتلا ملے

حوروں نے دل کو لطف پس مرگ کیا ملے
خو گر ہی جسکے ناز کا وہ اسے خدا ملے

یارب یہی سزا ہمین روزِ جزا ملے
جنت مین دل دکھائیکو وہ بیوفا ملے

ملنا اسی کو کہتے ہین اے بخت نارسا
وہ غیر کی گلی مین ملے ہی تو کیا ملے

آیا خیال مین جو تیرا خنجرِ مژہ
آنسو مین لخت ہای دلِ زار آملے

جامہ کو تار تار کرون دشت مین پھرون
کیا ای جنون اسی کیلئے دستو پا ملے

بدمست جاؤن داورِ محشر کے سامنے
ایسی کوئی شراب ہمین ساقیا ملے

اس اتقا پہ شیخ جی حورونکا اشتیاق
حضرت مجھے تو آپ بڑے باخدا ملے

دشمن کی دل کو بھی نکرین پایمال ہم
آنکھو نمین رکھ لین خار اگر زیرِ پا ملے

ظالم تری جفا مین نہین عذر کچھ ہمین
تجھکو یہ عذر کیا ہے کہ عذرِ جفا ملے

عجلت سی رفتگان عدم کی ہم ای اثر
پیچھے تو رہ گئے تھے مگر اونسے جا ملے

وا حسرتا وہ بزم وہ صحبت نہین رہی
وہ دل نہین رہا وہ طبیعت نہین رہی

جب دوستونکو ہمسے محبت نہین رہی
ہمکو بھی اونسے جا کے شکایت نہین رہی

کارِ مسیح شدتِ آزار نے کیا
اچھا ہوا علاج کی حاجت نہین رہی

واعظ کا ہی بیان کہ آئیگی ایک روز
کس دن تری گلی مین قیامت نہین رہی

دل احتیاط وضع سے ای آہ تنگ تھا
اب شاد ہی کہ ضبط کی طاقت نہین رہی

دل کو غنی طلب سے کیا یاس نی اثر
واحسرتا کہ وصل کی حسرت نہین رہی

آواز صور کون سنیگا خمار سے
میکش تو اوٹھنے والی نہین ہین مزار سے

لپٹا یا اوسنے غیر کو اپنی کنار سے
یہ کم نہین ہی مجھکو عذاب فشار سے

امسال ڈر ہی جوشش فصل بہار سے
شاخین نہ پھٹ پڑین کہین پھولونکی بار سے

لی ہی شمیم گیسوے مشکین یار سے
یا انسیم آتی ہے دشت تتار سے

گلشن مین آمد آمد فصل بہار سے
دل بلبلون کی جاتی لگے اختیار سے

پیری مین دل کو ربط ہے اک گلعذار سے
اپنی خزان بھی کم نہین فصل بہار سے

ہی وہ مسیح دم مری لیلی جو قم کہے
مجنون کفن کو پھاڑ کی نکلے مزار سے

کیا ہی کیا ہی خشک مجھے تو نی ای جنون
ڈرتی ہین خار دشت مری جسم زار سے

پھیلا کی پانو چین سی لیٹے جہان بشر
ای دل کوئی مکان نہین بہتر مزار سے

ہم خاک ہو کی کوچۂ جانان مین رہ گئے
مرنیکے بعد بھی نہ ٹلی کوے یار سے

شرمندگی جرم دلیل نجات ہے
ہوتا ہی شرمسار خدا شرمسار سے

آزاد باغ دہر مین رہ سرو کیطرح
مطلب نہ کچھ خزان سی نہ حاجت بہار سے

ای دل تری مراد برآئیگی ایک روز | مایوس ہو نہ رحمت پروردگار سے

کرتا ہون ضبط آہ وگرنہ ابھی اثر
جلنے لگے جہان نفس شعلہ بار سے

راہ پر کب تو اے صبا آئی | کچھ نہ کچھ اوس سے جا لگا آئی
تیرے ہجور غم زدہ کو پھر | رات آئی کہ اک بلا آئی
موت کا اشتیاق جسکو ہو | نیند آئی اوسے تو کیا آئی
آپ سے اے مسیح کیا مطلب | میرے دکھ کی نہ جب دوا آئی
سخت جانی ہے زندگی کا سبب | ورنہ جان لب پہ بارہا آئی
نکہت زلف عنبرین پھیلی ؛ | کسکے کوچہ سے اے صبا آئی
یون ہی آنا جو تھا طبیعت کو | ہای کیون اوسپہ اے خدا آئی
صحبت حور مین کرینگے کیا | یاد جسدم تری ادا آئی

پانو پر اوسکے تھا اثر کا سر
کہ اسی حال مین قضا آئی

عنبر کے پہلو مین جسدم تو نظر آیا مجھے | بیدلی سے گور کا پہلو نظر آیا مجھے
یار کے قابو مین دیکر اوسکو بے قابو کیا | اپنے دل پر جب نہ کچھ قابو نظر آیا مجھے

گورے گوری گال پر صاحب نہین خال سیاہ
ملک انگلستان مین ہندو نظر آیا مجھے

رسوا جہان مین خلق مین بدنام کر چکے
تم اپنا کام دیدۂ ناکام کر چکے

مرنے پہ بھی رہا جو یہی اضطراب دل
ہم بیقرار قبر مین آرام کر چکے

بدنامیون کا خوف اگر یون لگا رہا
تب آپ عاشقی مین **اثر** نام کر چکے

دل کسیکو اگر دیے ہوتے
یون نہ بیکار ہم جیے ہوتے

کاش اے رحم داور محشر
ہم گنہ اور بھی کیے ہوتے

جب نہین آس زندگی کیسی
کس توقع پہ ہم جیے ہوتے

سوزن خار تمکو لازم تھا
جیب و دامان مری سیے ہوتے

مفت مال گدا نہ لیتے آپ
لیکے دل کچھ ہمین دیے ہوتے

کٹتے کیونکر **اثر** بہار کے دن
مے سے توبہ اگر کیے ہوتے

تمھین شرم ستم ہے کب کسی سے
یہ نیچی آنکھین ہین اوپر کے جی سے

کسی پر جب نہین مرتے ہوا ی خضر
ہین باز آیا تمھاری زندگی سے

تمھاری کیا سنین ای واعظ شہر
نہین رندون کو فرصت میکشی سے

ارم فردوس جنت ہین کہاوت | کوئی جاے کہان تیری گلی سے

خدا کی یاد سے غفلت کہان تک
اثر یا نہ آیتون کی بندگی سے

آنکھ والا تری جوبن کا تماشا دیکھے | دیدۂ کور کو کیا آئے نظر کیا دیکھے
روے رنگین جو ترا او گل رعنا دیکھے | پھر نہ گلشن کیطرف بلبل شیدا دیکھے
دل اگر دیدۂ وحدت سے تماشا دیکھے | جز نہین گل آی نظر قطری مین دریا دیکھے
چشمۂ لب کو تری دیکھتے ہین یون عاشق | جسطرح دور سے دریا کو پیاسا دیکھے
چٹکیان رشک سے لین دلمین ہمارے قاتل | ڈاب مین عاشق و معشوق جو یکجا دیکھے
چشم مجنون سی اگر پردۂ غفلت اوٹھ جاے | اپنے دل ہی مین جمال رخ لیلی دیکھے
کیا رکھین خضر سی ہم چشم ہدایت ای دل | کہ نہین دشت محبت کی وہ رستا دیکھے
مین ہون ای قیس وہ مجنون کہ بچشم حیرت | پھاڑ کر پردۂ محمل مجھے لیلی دیکھے
تجھسے ای ناصح نادان یہ سمجھنے کا نہین | اور کوئی دل بیتاب کو سمجھا دیکھے
کوئی فردا بھی نہ فردای قیامت نکلا | کتنے آتی ہوئی ان آنکھون سی فردا دیکھے
مجھکو ہنگامۂ محشر کا یقین ہی واعظ | اوسکے کوچہ مین یہ ہنگامہ کوئی جا دیکھے
انتظاری مین ہوئی دیدۂ گریان خصت | کب تک ای یار کسیکا کوئی رستا دیکھے

شہسواری سخن کا جسے دعوی ہو اثر
توسن طبع مری سامنے چمکا دیکھے

نہ صرف گل کی بدولت چمن مین آگ لگی
پلاس پھولتے ہی بنکے بن مین آگ لگی

فروغ لالہ و گل سے چمن مین آگ لگی
خبر ہے بلبل نادان وطن مین آگ لگی

پس فنا بھی رہی جسم مین حرارت عشق
کفن پہنتے ہی سارے کفن مین آگ لگی

ہوا بلند اگر نالہ شرر افشان
ملک پکارینگے چرخ کہن مین آگ لگی

بتو نکے شعلہ رخسار کی حرارت سے
روان شیخ و دل برہمن مین آگ لگی

نہین ہے رنگ فروزان ہی آتش غیرت
تری لبو نسے عقیق یمن مین آگ لگی

ہرا بھرا نہو کیون نخل عشرت خسرو
نہال آرزوی کوہکن مین آگ لگی

جو بوی زلف کی گرمی صبا نے پہونچائی
دماغ آہوی دشت ختن مین آگ لگی

مری کلام شرربار کے اثر سے اثر
عدو کے دعوی شعر و سخن مین آگ لگی

بیداد کر رہا ہے کوئی دادگر بھی ہے
روز جزا بھی ہے تجھے اسکی خبر بھی ہے

سامان عیش آج مہیا ہے میکشو
گلشن بھی ہے شراب بھی ہے ابر تر بھی ہے

گلشن مین آمد آمد فصل بہار ہے
ای بلبل اسیر تجھے کچھ خبر بھی ہے

راحت بغیر رنج میسر نہو کبھی ؛ ؛
دارو ی درد سر کہین ہی درد سر بھی ہے

کسکو کہون کہ ٹانکی لگا پہلے ای مسیح
زخمی کسیکے تیر کا دل بھی جگر بھی ہے

مشکور سنگ ریزۂ اطفال ہی نہین
سر زیر بارِ منت دیوار و در بھی ہے

مقتل مین مری لاش کو سفاک دیکھکر
کہنے لگا کہ کشتون مین ہی ہی اثر بھی ہے

کب بعد مرگ حاجت شمع مزار ہے
دل پر ہمارے داغ شب انتظار ہے

از بسکہ کاوشِ ستم گلعذار ہے
سیر چمن سے دل جو مرا خار خار ہے

برقِ فروغ حسن ہے ناکامیِ نگاہ
نظارہ سوز عارضِ تابانِ یار ہے

کمزوریِ بدن سے ہے بیکاریِ جنون
ورنہ قریب سر کے تو دیوار یار ہے

کھینچا ستم سی ہاتھ جو ادسنے تو غم نہین
ای دل یہ کیا ہی کم کہ وہ غفلت شعار ہے

کسبِ دلِ حزین نہین بیکار بعد مرگ
داغِ شب فراق چراغِ مزار ہے

خارِ خزان نی پای جگہہ روبروی گل
دندان نمایہ خندۂ صبح بہار ہے

ای رشک تجھسے خوب ملی مجھکو دادِ مرگ
وہ پوچھتے ہین غیر سے کسکا مزار ہے

بی مے ہی کیسا آتشِ حسرت کو التہاب
خورشید حشر سایۂ ابرِ بہار ہے

کس بیکسی مین ای مری مالک پڑی ہے جان
دل پر ہی اختیار نہ قابو مین یار ہے

گرمی مرے کلام مین کیونکر نہو اثر
سوز غم درون سی نفس شعلہ بار ہے

شرمندہ لبوں سے جو عقیق یمنی ہے
ہر دانت بھی غیرت دہ دُرِّ عدنی ہے

شیرین جو تری قدر کرے ناشدنی ہی
فرہاد یہ بیکار تری کوہکنی ہے

خستہ ہی جگر زخمی ہی دل جان پہ بنی ہے
ہی نوک مژہ یا کوئی برچھی کی انی ہے

ہی بستر گل پر بھی تجھے چین نہ آرام
اے رشک چمن کیا تری نازک بدنی ہی

ہی غرق خجالت گل تر گالوں کے آگے
دل غنچہ کا پرخون ہی وہ غنچہ دہنی ہی

گر کبک ہی وارفتہ رفتار عجب کیا
پامال تری چال کا سرو چمنی ہے

کیا دیکھ لیا ہی کہ جسے دیکھ کے ظالم
ہر آن تجھے مشغلۂ سینہ زنی ہے

لے جلد خبر اب تو برا حال ہے دل کا
بی تیری مری جان عجب جان پہ بنی ہے

پھرتا ہی او بھارے جو تجھے غیر سیہ رو
اک آفت جانکاہ وہ گردن زدنی ہی

ہم ترک کرین یا نہ کرین یار سی ملنا
ہوگا وہی جو ناصح نادان شدنی ہے

کام آئیگی اک روز غریب الوطنی مین
مرنے پہ کفن ہوگی جو تن پر کفنی ہے

اے بادشہ حسن تقاضا و طلب سے
دل تیرے گدایان محبت کا غنی ہے

دم بھر بھی نہ آرام سی رہنے دیا تمنے
اے اہل وطن ہمکو وطن بیوطنی ہے

اللہ کرے رحم ترے حال پہ ای دل | وہ بت جسے تو چاہتا ہے رام جنی ہے

باتو ہمین لگا لیتے ہین شیرین دہنون کو
حصہ ہین اثر آپکے شیرین سخنی ہے

فلک تجھسے بچکر کدھر جاے کوئی | تو سر پہ ہے ظالم جدھر جای کوئی
پھر اوٹھے نہ اشک چکیدہ کی صورت | تری آنکھ سے جو اوتر جاے کوئی
قیامت کا قد ہے بلا کی ہین آنکھین | بجا ہی اگر تجھپہ مرجاے کوئی
رہے خاک ہوکر اوسی سرزمین کی | تمھاری گلی ہین اگر جاے کوئی
کرم کا خدا کے یقین جب ہو واعظ | تمھارے ڈرانے سے ڈرجای کوئی
گلی ہین تو اغیار کرتے ہین جھگڑے | غضب ہو اگر اونکے گھر جاے کوئی
اگر کوے قاتل کا ہو شوق دل ہین | رکھے ہاتھ پر اپنا سر جاے کوئی
یہ کہدو کہ ہمکو بھی ہمراہ لے لے | عدم کی جو لانے خبر جاے کوئی
اوڑین اوسکے پرزے وہین خط کیصورت | اگر اونکے گھر نامہ بر جاے کوئی
خدا دیکھتا ہے خدا دیکھتا ہے | ستم زیر دستون پہ کر جاے کوئی

جسے کچھ تعلق نہو مال و زر سے
ستانے اوسی کیون اثر جاے کوئی

جام مے موںھ سے لگا دے ساقی
اپنے ہاتھوں سے پلا دے ساقی

غم مرے دل سے بھلا دے ساقی
مجھے بیہوش بنا دے ساقی

ساغر و جام اوٹھا دے ساقی
خم کا خم موںھ سے لگا دے ساقی

کر چکے خانہ خمار تہی ۔
میکشو اب تمھین کیا دے ساقی

رند بے زر کی خبر لیتا ہے
اور توفیق خدا دے ساقی

نشہ مین ذکر سنون حورونکا
کوئی واعظ کو بلا دے ساقی

مے پرستی مین ہے گلشن کی ہوس
زلف چہرے سے ہٹا دے ساقی

محتسب بندۂ میخانہ ہو
چشم میگون جو دکھا دے ساقی

ہوش آنے لگے جب دم مجھکو
تھوڑی مے موںھ مین چوا دے ساقی

کیا یہ مستانہ اثر کی ہے غزل
مے پرستونکو سُنا دے ساقی

سبب شور و شغف اہل جہانکا کیا ہے
عمر دو روزہ کو نافہمون نے سمجھا کیا ہے

عہد پیری مین طلبگاری دنیا کیا ہے
عمر آخر ہوئی جینے کا بھروسا کیا ہے

پوچھیے تارک دنیا سے بُرائی اسکی
کیا خبر طالب دنیا کو کہ دنیا کیا ہے

ہاے بن بنکے بگڑ جاتی ہین شکلین کیا کیا
مطلب اس عالم فانی کا خدایا کیا ہے

لذت ہستی و اندازۂ لذت معلوم ‌ ‌ ‌ اور کچھ روز جئین اسکی تمنا کیا ہے

دل گرفتہ نہو ناسازی دنیا سے اثر
ہے غلام شہ مردان تجھے پروا کیا ہے

شیخ کے حال پر تاسف ہے ‌ ‌ ‌ شکل روزی کی اک تصوف ہے
جسکی اوقات ہو تصوف پر ‌ ‌ ‌ اوسکے اس روزگار پر تف ہے
جنکو دعویٰ ہے حق شناسی کا ‌ ق ‌ اونسے بندے کو بھی تعرف ہے
نہ تو عرفان کے اونہین ہین انداز ‌ ‌ ‌ معرفت سے نہ کچھ تشرف ہے
کیسی حکم خدا کی تعمیل ‌ ‌ ‌ کیسا اسلام صد تاسف ہے
کون سے امر دین کو سمجھے ‌ ‌ ‌ دین کا دین ہی تصرف ہے
دین احمد سے ہو جو باہر بات ‌ ‌ ‌ وہی اس عہد مین تصوف ہے
مال جو کچھ ہے بیوقوفون کا ‌ ‌ ‌ شیخ کا مال بے تکلف ہے

اس تصرف سوا اثر کوئی
اور کوئی نہین تصرف ہے

پہلے تو نہ تھی شدت درد جگر ایسی ‌ ‌ ‌ رہتی تھی عشق مجھکو نہ دو دو پہر ایسی
اس گریہ ہر لحظہ سی ہول وٹھتا ہی دلمین ‌ ‌ ‌ آنکھین نہ رہا کرتی تھین اشکونسی تر ایسی

تا دیکھ سکے یار تری موے کمر کو
لای کوی باریک کہاں سے نظر ایسی

دنیا کی خرابی ہو نہ عقبی کی مضرت
پیدا کرے اوقات کی صورت بشر ایسی

شمشیر حوادث سی جو انسان کو بچاے
جز الفت حیدر نہیں ای دل سپر ایسی

جو کچھ کہیں شاعر انہیں ای یار بجا ہی
ایسا نہ دہن دیکھا نہ دیکھی کمر ایسی

کیا تاب کہ ہو یار کی دانتوں کے مقابل
پیدا تو کرے پہلے صفای گہر ایسی

ہے رنگ ترے چہرہ روشن کا نرالا
رکھتا ہی صباحت کہاں روے سحر ایسی

اغیار کی ہوں کان کھڑے سنتے ہی جسکو
کہنا نہ وہاں بات کوی نامہ بر ایسی

چل نکلے تجھے چھوڑ کے ہم قافلہ ترے
سوتا ہے کوی نیند بھی ای بیخبر ایسی

ہم خاک نشینوں پہ رکھے چشم توجہ
پای ہی فلک نے کہاں عالی نظر ایسی

ہی شان خدا اوس بت کجرو کی طبیعت
بیراہ تھی کس طرح ہوی راہ پر ایسی

مرغان قفس ہو گئے دم بھر مین پھڑک کر
کیا لای صبا جا کے چمن سے خبر ایسی

ہم تیری جفا دیدہ نہین دیکھ سکینگے
اغیار پہ ہے چشم عنایت اگر ایسی

اوس گل ہی لگا آئیگی یون میری طرف سے
امید نہ تھی تجھسے نسیم سحر ایسی

ہے میر کے انداز کو خستہ جگری شرط
لاے تو کوی پہلے طبیعت اثر ایسی

خانہ شرح آہ آتشبار سے
کم نہین منقار موسیقار سے

حسرت دید رخ دلدار سے
ہو گئے ہم نرگس بیمار سے

ابر آئے جھومتے کہسار سے
کون جائے خانۂ خمار سے

کام کیا تھا ہمکو کوے یار سے
آے ای دل یان تری اصرار سے

دیدۂ گریان تو یون رُکتے نہین
سی دی اے غم آنسوؤنکے تار سے

جوشش حیرت سے کوے یار مین
ہو گئے ہم نقش بر دیوار سے

سبزۂ نوخیز کا تختہ بنا
آئینہ عکس خط رخسار سے

بھر دے ہین گوش گلہاے چمن
تونے بلبل نالہ ہاے زار سے

تلخ باتین کین نہین بیدردنے
زہر ٹپکا لعل شکر بار سے

بنکے عنقا ہجر کی شب اوڑ گئی
نیند میرے دیدۂ بیدار سے

کانپتا ہے بید مجنون کیطرح
قیس میرے وادی پرخار سے

ذرہ ذرہ غیرت خورشید ہے
کسنے جھانکا روزن دیوار سے

دشت مین ہر شب سُنا کرتے ہین ہم
قصۂ مجنون زبان خار سے

تیرا بیمار محبت نزع مین
سر کو ٹکرایا کیا دیوار سے

اے بت نازک تری پتلی کمر
ہے مشابہ میرے جسم زار سے

ہون وہ بلبل ہڈیان میری جو کھائے | نغمے نکلے زاغ کی منقار سے

غم مین تنہائی ہے راحت اے اثر
کیون نہ بھاگون صحبت غمخوار سے

مر گئے ہین صدمۂ برق رخ پر نور سے | اے صنم بنوا ہماری قبر سنگ طور سے
ای کلیم اللہ اوس بت کے رخ پر نور سے | اپنے داغ دل ہوے روشن چراغ طور سے
اس سی پروانہ جلے اوس سی جلے انسان کا دل | شمع کو نسبت نہین تیرے رخ پر نور سے
مستی فصل بہاری کی اثر سے ہوگئے | سبحہ زاہد کے دانے دانۂ انگور سے
ای پری سایہ تری وحشی کو صحرا مین نہین | مثل مجنون بھاگتے ہین بید مجنون دور سے
کسکے دلمین ناصحا عشق حسین ہوتا نہین | دلکو بہلاتا ہی زاہد بھی خیال حور سے
برق سی کچھ کم نہین جلتے ہین ای سفاک آج | تو نے کیا شمشیر کی ہی تیز سنگ طور سے
کسقدر یارب ہوا ہی بادہ گوی کور داغ | ہین انا الحق کہنے والے سیکڑون منصور سے
بعد سی پیدا نہین ہوتی کرم مین اہل دل | راہ ملتی ہی مسافر کو چراغ دور سے
کیا فروغ ظاہری سی فائدہ باطن کو ہو | گور کی ظلمت نہین جاتی چراغ گور سے

عشق کا آزار ہوتا ہی سراسر جانگسل
ہاتھ اوٹھایا ای اثر ہمنے دل رنجور سے

طاقت ضبط فغان اب نہین صیاد مجھے
دم گھٹا جاتا ہی دے رخصت فریاد مجھے

ہوس سیر گلستان ہوئی صیاد مجھے
فصل گل آئی ہے کر قید سی آزاد مجھے

کر چکی جب مری پرواز کی طاقت پرواز
قید سی تب کیا صیاد نی آزاد مجھے

راہ عجلت کو ندی کام نکر بے سوچے
لئے جاتا ہے کہان او دل ناشاد مجھے

لیگئے مجھسے نہ سبقت کبھی قیس و فرہاد
مکتب عشق مین کہتی رہے اوستاد مجھے

نالہ کرتا ہی تقاضاے جفاے تازہ
اس سی مقصود نہین شکوۂ بیداد مجھے

کوئی جانان سی نہ لیجائی جنون صحرا کو
بیڑیان پانون مین درکار ہین حداد مجھے

داور حشر سے کیا داد جفا کی امید
ای ستمگر نہین جب عادت فریاد مجھے

خون بہا لیتا ہون جب جوش جنون ہوتا ہے
خار صحرا ہے اثر نشتر فصاد مجھے

اس رحیمی پہ وہ عذاب کرے
تجھکو واعظ خدا خراب کرے

سب ہی موقوف اوسکی مرضی پر
لطف فرمائے یا عتاب کرے

لاکھ تو ہو بنا جو وہ چاہے
بات کی بات مین خراب کرے

کچھ نہین دور اوسکی قدرت سے
ذرہ کو رشک آفتاب کرے

زور گر دے وہ ناتوانون کو
بحر سے ہمسری حباب کرے

بیخودی کا بھی ایک عالم ہے — ترک کیونکر کوئی شراب کرے
حسرتون کے ہجوم کا ہے وقت — کوئی کیون حسرت شباب کرے
دیدۂ ترین اور بابت سے ہے — مشق گریہ ابھی سحاب کرے
سب بتون کا ہے ایک ہی انداز — انمین کیا کوئی انتخاب کرے
مونھ نہ لگ اون لبون کے اے غنچہ — تیرا مونھ ہے کہ تو جواب کرے

اے اثر تیرے شور نالہ سے
کسطرح کوئی شب کو خواب کرے

دل اس باغ سے جو اُٹھا کر چلے — ہوا یان کی ناساز پا کر چلے
وہ مردون کو زندہ بنا کر چلے — ہمین خاک مین کیون ملا کر چلے
کسی ڈھب سے دلکو دُکھا کر چلے — وہ جب آئے ہمکو رولا کر چلے
موے پر بھی ہم سے ہے اونکو غبار — وہ مدفن سے دامن بچا کر چلے
گئے سیر گور غریبان کو جب — قیامت کا عالم بپا کر چلے
نہ دنیا کے قابل نہ دین کے رہے — ہمین آپ ایسا برا کر چلے
جو تھا خاک ہی ہم پہ یون ڈالنا — تو بیکار گھر سے نہا کر چلے
کئے جان و ایمان تجھ پر نثار — حق عاشقی ہم ادا کر چلے

نہ آیا اُو نہین کچھ بھی خوفِ خدا | ہمین اپنا بندہ بنا کر چلے
ملا اے مقدر سے اعمال کو | جو کرنا تھا ہم اے خدا کر چلے
ق ہم عاشق ہین موسیٰ نہین ہین جو آپ | ہمین لن ترانی سُنا کر چلے
پیمبر تھے بیچارے عاشق نہ تھے | جنھین آپ بالا بتا کر چلے
ق چلے کس لیئے آتے ہی جان من | جو وعدہ کیا تھا وفا کر چلے
جو ایسا ہی جانا ہی آئی تھے کیون | یہ کیا آئے تم اور آ کر چلے
ق افاقہ کیصورت نہ کوئی ہوئی | بہت درد دل کی دوا کر چلے
نہین وقت ابتو دوا کا کہ لوگ | اعادت کو آئے دعا کر چلے
ق ترے پاس ابتو چلے اے کریم | بھلا کر چلے یا بُرا کر چلے
سہارا ہے تیرے کرم کا ہمین | نہین اسکی پروا کہ کیا کر چلے

اثر باغ دنیا سے گل کی طرح
جو ہو زر بکف زر لٹا کر چلے

جیسا تھا حُسن یار باقی ہے | وہی اگلی بہار باقی ہے
روز کہتا ہون تجھپہ مرتا ہون | اپنا کیا اعتبار باقی ہے
دم نکلنے مین کوئی دیر نہین | اک ترا انتظار باقی ہے

اب بھی بلبل چمن مین اے صیاد
تھوڑی فصلِ بہار باقی ہے

کر چکا میری خاک تک برباد
اب تجھے کیا غبار باقی ہے

قبر مین بیٹھ کیون نہین لگتی
دل کو کیا انتظار باقی ہے

وہ عروج نشاط بزم کہان
میکشی کا خمار باقی ہے

اور کوئی نشان اثر کا نہین
کچھ نشانِ مزار باقی ہے

حُسن کی جنس خریدار لئے پھرتی ہے
ساتھ بازار کا بازار لئے پھرتی ہے

دربدر حسرت دلدار لئے پھرتی ہے
سر ہر کوچہ و بازار لئے پھرتی ہے

عدم آباد مین آنیکا سبب ہے ظاہر
جستجوئے کمر یار لئے پھرتی ہے

دیکھا ای جان جہان شمس و قمر کو ذرات
آج تک حسرت دیدار لئے پھرتی ہے

دلِ سوزان سی نہین کوئی نشانِ ظلمت
مشعلِ آہ شبِ تار لئے پھرتی ہے

آ دہی فصلِ خزان بلبلِ شیدا کہکی
چونچ مین گل کی جگہہ خار لئی پھرتی ہے

دیر و مسجد مین تمنائے زیارت کسکی
تمکو اے کافر دیندار لئے پھرتی ہے

دشت مین قیس کو کیا آئے نظر جب لیلی
ساتہہ مین گرد کی دیوار لئے پھرتی ہے

دَور ساغر مین نہین کف سر بادہ ساقی
دخترِ رز شیخ کی دستار لئے پھرتی ہی

خون فرہاد سے بیچین ہی روح شیرین
بیستون سے بھی گران بار لئی پھرتی ہی

گل سی کیون کہ نہین دیتی ہے پیام بلبل
اپنی سر باد صبا بار لئے پھرتی ہے

مانتا ہی نہین لیلی کی کرے کیا لیلی
ساتھ مین قیس کو ناچار لئے پھرتی ہی

صدمہ پہونچا کسی گل کو کہ چمن مین بلبل
خون مین ڈوبی ہوئی منقار لئی پھرتی ہے

کشتہ ناز کی تربت پہ ملیگی بلبل
برگ گل چونچ مین بیکار لئی پھرتی ہے

طایر دل کو ہوائے خم زلف صیاد
صورت مرغ گرفتار لئے پھرتی ہے

جنبش پا سی ہے اندر قیامت برپا
ساتھ محشر تری رفتار لئے پھرتی ہی

کوہکن خود تو سبکدوش ہوا پر شیرین
سر پہ الزام کا کہسار لئے پھرتی ہی

دشت غربت مین نہین پھرتا ہون خود آوارہ
گردش چرخ ستمگار لئے پھرتی ہے

ساتھ دنیا کا نہین طالب دنیا دیتے
اپنی کتون کو یہ مردار لئے پھرتی ہی

حسرت دید اثر حضرت آتش کیطرح
پیش روزن پس دیوار لئے پھرتی ہی

فسانہ مرا سنکے گھبرا گئے
ادھر اپنے اعمال یاد آگئے

وہ کل غیر کی دید کو کیا گئے
ہمین دیکھکر آج شرما گئے

عذاب شب ہجر زاہد نپوچھ
ہم اپنے کئے کی سزا پا گئے

ستم تونی مردے پہ جائز رکھا ۔ میری لاش کے ساتھ اعدا گئے
جنھین لوگ رہتی تھے گھیرے ہوئی ۔ وہ دنیا سے آخر کو تنہا گئے
بتو دشمن جان وایمان ہو تم ؛ ۔ خداجانی کیون دلکو یون بھا گئے
ہر اک سنگ مین جلوہ یار تھا ۔ سر طور بیکار موسے گئے
کبھی تم بھی کعبہ مین تھے اے بتو ۔ عجب کیا جو زاہد کو یاد آ گئے

اثر کو سمجھ لو کہ مہمان ہین اب
یہی ہے کہ امروز فردا گئے

اس جہان کی کیا تمنا چاہیے ۔ آدمی کو فکر عقبےٰ چاہیے
کچھ نہین درکار اسباب جہان ۔ ہے جسے مرنا اوسے کیا چاہیے
راہ حق دشوار ہی دشوار ہے ۔ ہر قدم پر فضل مولے چاہیے
ہے سمجھ ہی پر مدار عاقبت ۔ نیک و بد کو خوب سمجھا چاہیے
کیا ہوا مارے اگر شیر و نہنگ ۔ نفس امارہ کو مارا چاہیے
غرق ہی ہوتی گئے اسکے سوار ۔ کشتی مے سے کنارا چاہیے
ہین شنیدہ قول شیخ و برہمن ۔ مر کے کیا ہوتا ہے دیکھا چاہیے
غیر غمخوار ہے پہ آمادہ نہو ؛ ۔ لذت غم کو چھپایا چاہیے

صبر مین پورا ہمین پائینگے آپ
چاہیئے غیرون کو جتنا چاہیئے

کر چکے برباد میری خاک تک
اب وہ کیا کرتے ہین دیکھا چاہیئے

رونق ہنگامہ کو محشر کے دن
تجھ سا اک ہنگامہ آرا چاہیئے

اک خدائی کو لئے ہین ہاتھ مین
ان بتون کا زور دیکھا چاہیئے

زندگی بے عشق حکم موت ہے
خضر کے جینے پہ رویا چاہیئے

سر و بال و دش ہے تو بھی اثر
اوسکے ابرو کا اشارا چاہیئے

زاہد کیطرح زہد پہ تکیا نہین رکھتے
ہم رند خدا چھوڑ سہارا نہین رکھتے

آزاد غم دولت دنیا نہین رکھتے
قارون کی خزائن کی بھی پروا نہین رکھتے

عزت کی ہوس زر کی تمنا نہین رکھتے
ہم دل مین کوئی حسرت دنیا نہین رکھتے

دل گنج قناعت کی بدولت ہی تونگر
پروا کرین کس چیز کی ہم کیا نہین رکھتے

سنتو کوہ اگر لعل بدخشان سی بھری ہون
آگے مری اک کاہ کا رتبہ نہین رکھتے

جو طالب دنیای دنی ہین اونھین کہدو
دنیا کی طلب طالب مولی نہین رکھتے

دارین مین ای نائب سلطان دو عالم
ہم تیری سوا کوئی وسیلا نہین رکھتے

کیا نذر کرین دل کی سوا ای شہ خوبان
عاشق تری قارون کا خزانا نہین رکھتے

راضی برضا ہین ترے آزاد محبت — جینے کی ہوس موت کی پروا نہین رکھتے

پوشیدہ جو دل مین ہے اثر عشق کی دولت
ہم اسکے سوا اور دفینا نہین رکھتے

مجھسے نہ کہو پاس عدو کا نہین رکھتے — کیا مجھکو غرض رکھتے ہو تم یا نہین رکھتے

قسمت سی گلا بخت سے شکوا نہین رکھتے — صد شکر کہ ہم شیوۂ اعدا نہین رکھتے

شمشاد اگر چہرۂ زیبا نہین رکھتے — ای رشک چمن گل قد بالا نہین رکھتے

جب چاہین مجھے قتل کرین آپ خوشی سے — جینے کی ہوس عاشق شیدا نہین رکھتے

تم سی مرض عشق نہ جائیگا طبیبو — اس دکھ کی دوا حضرت عیسیٰ نہین رکھتے

جو داغ دئے ہین تری فرقت مین جنون نے — ای غیرت گل لالۂ صحرا نہین رکھتے

سر پھوڑنی دو چارہ گرو ہاتھ نہ روکو — بیکار کسی شخص کو بھلا نہین رکھتے

بیخوف نہ کیون عرصۂ محشر مین وہ آئین — واقف ہین کہ ہم خون کا دعویٰ نہین رکھتے

دل دیجیے سر پھوڑیے مرجائیے لیکن — یہ کام ہین ایسے کہ نتیجا نہین رکھتے

اغیار سے کیون رنج کرین تیری ستم کا — ہم ظلم کسی پر بھی گوارا نہین رکھتے

منکر ہین تری حسن دل افروز سی محروم — کیا دیکھین تجھے دیدۂ بینا نہین رکھتے

کافی ہی تری مست نگاہونکا تصور — ہم آرزوی نشۂ صہبا نہین رکھتے

لب اونکے ہین جان بخش نہین اسمین سخن کچھ
پر میری لئے حکم مسیحا نہین رکھتے

جلاد کی ہاتھون مری پرزی تو اڑینگے
افسوس کہ وہ قصد تماشا نہین رکھتے

دل چیر کے خون پنجۂ قاتل مین لگائین
اتنا تو کلیجا مرے اعدا نہین رکھتے

شکوون سے دل اونکا تو بھرا ہے دلی ہمدم
باتونسے دکھاتی ہین کہ گویا نہین رکھتے

افسردہ مزاجی نے بنایا ہمین بیکار
وہ دل نہین رکھتے وہ کلیجا نہین رکھتے

پہونچی ہے کہان اونکی عداوت کی ترقی
وہ میری محبت بھی گوارا نہین رکھتے

آنسو ہین کہ جاری ہین اثر دیدۂ تر سے
رونی کے سوا تم کوئی دھندا نہین رکھتے

اے شمع تو ہی بزم سے با چشم تر گئی
ہم شکل دود آہ نسیم سحر گئی

دل سے عدو کے تیر کیصورت گزر گئی
آہ شب فراق مری کام کر گئی

تیری نگاہ اور کدھر بد نظر گئی
دل کی طرف گئی کبھی سوی جگر گئی

کیا آے اے صبا مجھے پرواز کا خیال
مدت ہوئی کہ آرزوی بال و پر گئی

مشق جفا کے خوف سے رونے لگا عدو
جب اوس ستم شعار کو میری خبر گئی

دل میں ہوا ے عرض ہوئی عندلیب کو
جب گل کی کان باد سحر گاہ بھر گئی

تا عمر گر نشاط نصیب عدو رہا
اپنی بھی زندگی کوئی صورت گزر گئی

مرنے کے بعد کون مرا نوحہ گر ہوا — اک بیکسی تو روئے مری گور پر گئی

مین مر رہا ہون کب سے غم انتظار مین — کمبخت موت کیا شب ہجران مین گئی

لیکر عدو کو ساتھ وہ پرسش کو آے ہین — واحسرتا کہ لذتِ دردِ جگر گئی

کس موںھ سے ذکر کیجیے یاقوت و لعل کا — رنگت تری لبونکی اونھین نام دہر گئی

بل کر رہی ہے زلف اترنیکو دوش سے — اتری اگر تو جان لی ظالم کمر گئی

تنہائی طریق گوارا نہ کر سکی ؛ — حسرت ہماری ساتھ پس نامہ بر گئی

مین ہی نہ اوسکی بزم سے روتا اوٹھا
آنسو بہاتی شمع بھی وقت سحر گئی ؛

دو چار دن کی سیر چمن کو دکھا گئے — گل اے صبا بہار مین کیا آئی کیا گئے

گل اور عندلیب مین جھگڑا لگا گئے — سیر چمن مین تم یہ نیا گل کھلا گئے

کعبہ گئے مدینہ گئے کربلا گئے ؛ — جب ہم نہ تھے پسند کہین کے تو کیا گئی

تھی دیدنی بہار ہمارے غبار کی — اونکی گلی مین ہم سر دوش صبا گئے

بانگ جرس نہ غلغلہ کوس صبحدم — جو قافلے عدم کو گئے بے صدا گئے

مدت پہ دل مین آیا تھا اللہ کا خیال — کس وقت ای بتو مجھے تم یاد آگئے

دم بھر بھی بے جرس نہ رہا کاروان عمر — نالے ہمارے ساتھ بجاے درا گئے

مونہہ لیکے غیر رہگیا دورِ اخیر مین
جو کچھ رہی سہی تھی اوسی ہم چڑھا گئے

کیا تمکو اے کلیم بتاؤن کہ کیا بنی
وہ بے نقاب سامنے میرے جو آگئے

بزمِ عدو مین آکے وہ بیٹھے عدو کے پاس
چلنے کو جب ہوئے تو اوسے گھر بلا گئے

قسمین نہ کھائیے مجھے کوئی گلا نہین
کوئی عدو مین شب نہ گئے آپ یا گئے

ضد کی ہی اور بات وگرنہ پئے جفا
اغیار کیا بُرے تھے کہ ہم اونکو بھا گئے

مرتے ہین خضر سبزۂ رخسار یار پر
سُن لینا ایک روز کہ وہ زہر کھا گئے

اہلِ جہان کو دیدۂ عبرت سے دیکھیے
تھی جنسے چشمِ لطف وہ آنکھین چُرا گئے

ای آسمان نجان کہ مدفون ہوئے ہین ہم
تیری ستم کی ڈر سے زمین مین سما گئے

بے باک تم ہو ایسے تو محشر مین اے بتو
کیا جانین کیا کروگے جو پیشِ خدا گئے

ناحق کی ہم سے پرسشِ ایمان ہے ای خدا
تو اوسنے پوچھ جو ہمین کافر بنا گئے

جب کھو چکے تو سادگیِ طبع سے اثر
اونکی گلی مین ڈھونڈھنے دل بار ہا گئے

روتے ہین سُنکے کہانی میری
کاش وہ سُنتے زبانی میری

عمر بھر بات نہ مانی میری
گزری حسرت مین جوانی میری

خاک ہو جائینگے جلکر اعدا
آتشِ عشق ہے بانی میری

کٹ گیا غیر مری باتو نسے — واہ رے سیف زبانی میری
آئینہ دیکھ کے فرماتے ہین — کس غضب کی ہے جوانی میری
غیر سے میری حقیقت سُن لو — مین نہین کہتا زبانی میری
پھر تمھین نیند نہین آنیکی — کہین سُن لی جو کہانی میری
بار کیا پاؤن تری محفل مین — ہے سبک تجھ پہ گرانی میری
ہمہ تن گوش ہو سُنتے ہین — غیر کہتا ہے کہانی میری
یاد آوُنگا جفا کارون کو — بے نشانی ہے نشانی میری
التجا ایک مقدر دو تھے — غیر کی مانی منانی میری
حشر مین کچھ نہوا مجھسے سوال — واہ رے ہیچمدانی میری
اپنی تصویر سے فرماتے ہین — تو ہی عالم مین ہے ثانی میری
نوح کو اسکی خبر ہے کہ نہین — ہے بلا اشک فشانی میری
اب اوٹھینگے ترے در سے مرکر — کبھی اوٹھتی نہین ٹھانی میری
میرے اشعار فغانِ دل مین — قدر کرتا ہے فغانی میری
خسروِ ملک سخندانی ہون — داد ہے باج ستانی میری
دل مین پوشیدہ رہیگی کبتک — آتشِ شوق نہانی میری

تار گیسو سے نگہ جا اُلجھی — دیکھنا رشتہ ددانی میری

دل کی حالت سے خبر دیتی ہے
اثر آشفتہ بیانی میری

بو تری ای گل چمن مین کیا بہارِ نغمہ ہے
گوشِ دل زحمت کشی سی خارِ خارِ نغمہ ہے

کم نہین فصلِ بہاری سی بہارِ نغمہ ہے
تازگی بخشِ دلِ مردہ عذارِ نغمہ ہے

مطربانِ خوش نوا ہین سازگار اہلِ شوق
منزلِ مقصودِ بدحالان دیارِ نغمہ ہے

شرع ہی قانونِ عقلی واعظا برہم نہو
صرف چند اصواتِ موزون پر مدارِ نغمہ ہے

اوسکی آگی کیون نہ عاشق گوش بر آواز ہون
ہر سخن کو جسکے حاصل اعتبارِ نغمہ ہے

آشنای سازِ لذت ہی دلِ اربابِ شوق
طبعِ ناموزون زاہد شرمسارِ نغمہ ہے

کچھ لبِ شکر فشان سی ہو چمن مین نغمہ ریز
بلبلِ شیرین زبان امیدوارِ نغمہ ہے

بنکے جوگن کون دکھلانیکو ہے اپنا کمال
آج محفل مین سبھی کو انتظارِ نغمہ ہے

کوئی فصلِ گل مین واعظ کسطرح توبہ کرے
یہ تو وقتِ میکشی ہی روزگارِ نغمہ ہے

موعظت پابندیِ فطرت کو کیا باطل کرے
دل رہینِ جذبۂ بی اختیارِ نغمہ ہے

تیرے دل پر زاہدا ہوتا نہین کوئی اثر
موم کرنا ورنہ پتھر کو بھی کارِ نغمہ ہے

ہے صدا کے خوش دلِ محزونکو بیتابی کی شکل
لاکھ پردے مین بھی ظالم بیقرارِ نغمہ ہے

پہونچ جائینگے خدمت شاہ مین
جو تقدیر یاور اثر ہو گئی ؛

نالہ کس مونہہ سی تو دعوی اثر کرتا ہے
وہ تو ہنس ہنسکے سوی غیر نظر کرتا ہی

کوئی دنیا سی عدم کو جو سفر کرتا ہے
غافلو تمکو بھی چلنے کی خبر کرتا ہے

سور دلطف سہی غیر مگر اسپر بھی
ڈرتی ڈرتی تری چہرے پہ نظر کرتا ہے

دلشکن باز بھی آ فکر شکست دل سے
کسکا جلوہ دل عاشق مین گزر کرتا ہی

اپنی وحشت سی بڑھی رونق صحرا جنون
بید مجنون مری سایہ سی حذر کرتا ہے

عشق کو دل مین چھپا رکھنا بہت آسان ہے
کارِ غماز مگر دیدہ تر کرتا ہے ؛

طالب نذر ہوا روی مصفا کسکا
مشق آئینہ گری آئینہ گر کرتا ہے

غیر سے پوچھتے ہو کون ستم دیدہ ہے
میری کوچہ مین جو رورو کی سحر کرتا ہے

عشق کی خانہ خرابی ہی توقع کا سبب
کھتے ہین دل مین حسینونکی بھی گھر کرتا ہی

اپنے دامن کو شب تار بچائی رہنا
نالہ صدچاک گریبان سحر کرتا ہے

کسکا آزار کشیدہ ہی کہ راتون کو اثر
نالی کرتا ہے تو سو ٹکرے جگر کرتا ہے

شراب خونِ جگر ہے ہمکو شراب ہم لیکے کیا کرینگے

گزک کی جا ہے دلِ برشتہ کباب ہم لیکے کیا کرینگے

ہزار پردہ مین بھی چھپانے سی حسن چھپتا نہین مری جان

تمھارے عارض یہ کہ رہے ہین نقاب ہم لیکے کیا کرینگے

ہمارے نقدِ دل و جگر کو حساب کے بعد پھیر دینگے ؟

حساب لینے کا اونسے حاصل حساب ہم لیکے کیا کرینگے

ہمین جو بھیجا ہے تمنے مصحف پڑھی لکھے ہم نہین ہین اک حرف

دکھاؤ اپنا رخ کتابی کتاب ہم لیکے کیا کرینگے

تمھین مبارک ہو شیخ صاحب بڑھاپے مین یون جوان بننا

ہماری چہرے پہ جھریان ہین خضاب ہم لیکے کیا کرینگے

ازل مین موقع جو ہمکو ملتا تو اپنے خالق سی عرض کرتے

کہ حسرتوں کا ہے یہ زمانہ شباب ہم لیکے کیا کرینگے

خوشی سے لین آپ جان ہماری عزیز کب آپ سے ہی ہمکو

ہمارے کیا کام آئیگی یہ جناب ہم لیکے کیا کرینگے

جب ابتدا ہی سے شوقِ دید جمال اتنا ہی تجکو اے دل

خدا سے نادان کہا نہ پھر کیون حجاب ہم لیکے کیا کرینگے

دل پر آشوب وقت قسمت یہ عرض کرنا تھا تیری نسبت
ملے تو اچھا ملے الٰہی خراب ہم لیکے کیا کرینگے
بتون کی الفت سے باز آئین مگر جو دل اسکو مان جاے
پڑی ہے واعظ عذاب مین جان ثواب ہم لیکے کیا کرینگے
جو منع کرتا ہے دل نہ دینگے بتون کو ناصح مگر خدا را
بتا دے تو ہی کہ اس طرح کا عذاب ہم لیکے کیا کرینگے
نہین کچھ امید زیست باقی رہی ہی بات اب گھڑی پہر کی
جواب قاصد جو لائیگا بھی جواب ہم لیکے کیا کرینگے
خدا کی بخشی ہوئی ہے وقعت اثر نہین کوئی ایسی نعمت
ملی ہے جب عزت سیادت خطاب ہم لیکے کیا کرینگے

یہ کہتے حشر مین زاہد گناہ گار آئے
تری کرم کے الٰہی امیدوار آئے
قفس مین بلبل نالان کو کیا قرار آئے
چمن مین دھوم سی جب موسم بہار آئے
غم فراق مین کیونکر مجھے قرار آئے
ترا خیال جو یون دل مین بار بار آئے
لحد مین کیا دل بیتاب کو قرار آئے
عدو کو ساتھ لیے وہ سر مزار آئے
بہار عمر خزان ہو گئی تو پھر اے دل
چمن مین موسم گل جوش پر ہزار آئے

ہم اپنی فعل کی کیونکر ہین ای خدا مختار
یہان جو آئی تو کیا لیکے اختیار آئے

برنگ شمع ہمین پیش غیر جلنا تھا
اسی لئے تری محفل مین اشکبار آئے

کسیکی زلف معنبر کی بو صبا لائی
کہ مشک نافی لئے آہوی تتار آئے

ہمین تو مرگ نی بے اعتبار کر ڈالا
کہین جو مرتی ہین کیا اونکو اعتبار آئی

گلہ بجاہی سہی اونکی سرگرانی کا
مگر نہ خاطر نازک پہ اونکے بار آئے

پکارہی رحمت حق واعظو کہان ہو تم
حضور داور محشر گناہ گار آئے

خدا نی جب تمھین دی اس طرح کی پیاری شکل
تمھین بتاؤ کہ کیونکر نہ دل کو پیار آئے

نکال لینگے شب وصل حسرتین دل کی
خدا کرے کبھی تو وہ دن کہ اپنا یار آئے

جو دن بہار کی ہین گل سی مل لے اے بلبل
یہ انتظار کہان کا کہ پھر بہار آئے

اونھین سنائین ہم افسانہ بیقراری کا
مگر تجھے تو دل مضطرب قرار آئے

شمار ہو نہین سکتا مری گناہون کا
کرین شمار فرشتے اگر شمار آئے

نہ اپنی گرم کلامی سی دل جلونکو چھیڑ
سر زبان نہ کہین آہ شعلہ بار آئے

کھنچی بھی ساتھ مین کیا میری کوہکن کی روح
یہ ابر آئی ہین ساقی کہ کوہسار آئے

عدو کو خاک بنادی کہ تیری کوچہ سے
غبار رنج لئے تیرے خاکسار آئے

ہماری داغ جگر سوز کا وہ عالم ہے
کہ جسکو دیکھ کی خورشید کو بخار آئے

عدو کو کیون نہین سمجھاتی حضرت ناصح
کہان کی آپ مری ایسے دوستدار آئی

رہا جو وہم عدو شب تو اونکے کوچہ مین
ہزار بار گئے ہم ہزار بار آئے

ہزار شکر بھروسا رکھا نہ طاعت پر
جو تیرے سامنے آئے تو شرمسار آئے

عدو کی مرگ سی کیونکر نہو ملال ہمین
ہماری پاس وہ آئی تو اشکبار آئے

اثر پہاڑ کی جانب گئے تھی بہر شکار
بہادری سے کئی شیر جا کے مار آئے

یاد کرا دو نکو جو تیری عشق کی مارو نمین تھے
ذکر کیا فرہاد و مجنون کا کہ آوارو نمین تھے

محفل اغیار مین شب تھی جو وہ رونق فروز
تا سحر ہم آتش غیرت سی انگارو نمین تھے

گل چڑھا ای بلبل شیدا ہماری قبر پر
ہم بھی اک رشک چمن کی ناز بردارو نمین تھے

جرم الفت پر کیا قاتل ہمین تو نی ہلاک
قابل تعزیر کیا ہم ہی گنہگارو نمین تھے

تھے چمن مین بھی ترے دام محبت کی اسیر
وان بھی ای صیاد ہم تیری گرفتارو نمین تھے

غیر کے کہنے سی ہون ای بانی بیداد بند
ہائی وہ روزن جو تیری گھر کی دیوارو نمین تھے

صوفی صافی بنے ہین کچھ تو کہیے خیر ہے
ای اثر کے دن ہوئی ہین آپ میخوارو نمین تھے

کیا کہین ہمدم کہ کیا نقشہ دل بسمل کا ہی
آ بنی ہی جان پر عالم بڑی مشکل کا ہے

خون کا دعوی کرون مجھسے ہو یہ سکتا نہین — سر پہ احسان اور محشر مری قاتل کا ہے

خوابگاہ دہر مین کیسی ہین یہ سرمستیان — کچھ خیال ای اہل غفلت گور کی منزل کا ہے

ہمقرین یاس رباب وفا کیونکر نہون — اب قرینہ اور ہی اوس شوخ کی محفل کا ہے

تشنہ کامان ازل ای خضر کیا سیراب ہون — لب بلب دریا ہی تو بھی خشک لب ساحل کا ہے

رحم کھاکر یار کی در سے ہٹا دیتے نہین — مجھ پر اوسکی پاسبانونکو یقین سائل کا ہے

آج وہ خورشید رو کیا جلوہ گر ہی بام پر — شام سی اترا ہوا چہرہ مہ کامل کا ہے

پایمال یاس ہی ہوتی رہی کشت وفا
ای اثر حاصل یہ تیری سعی لاحاصل کا ہے

کیا کیا نہ رنج پیری مین سہتا ہے آدمی — اس سن مین آدمی نہین رہتا ہے آدمی

جو مقدر کا لکھا ہوتا ہے — وہی اے مرد خدا ہوتا ہے

آگے تقدیر کے ای دشمن عقل — تیری تدبیر سے کیا ہوتا ہے

گر نہ قسمت کا گلا اے نادان — اسمین خالق کا گلا ہوتا ہے

رباعی

مومن ہون رکھون کیون نہ ولای حیدر — کیونکر نکرون مدح وثنای حیدر

کیا غم جو عدو مدح سے انکار کرے — حیدر کا ہے مداح خدای حیدر

رباعی

خالق کی رضا جان رضای حیدرؑ
سو جان سی ہو جا تو فدائے حیدرؑ
مومن کو نہین عشق علیؑ سے چارہ
ایمان کی دلالت ہی ولائے حیدرؑ

ایضاً

حیدرؑ کی صفت کیا کوئی انسان لکھے
کیا تاب کوئی دوسرا قرآن لکھے
ممکن نہین انسان سے مدح حیدر
ہان لکھے تو پھر ایزد سبحان لکھے

قطعہ

حارب جو ہی علی کا وہ حارب نبی کا ہے
حارب نبی کا دشمن اللہ پاک ہے
پس حارب علی و نبی و خدا جو ہو
وہ عاقبت خراب جہنم کی خاک ہے

ایضاً

کعبہ ہی مین نہین ای شیخ ہزارون بندے
نام اللہ کا ہر آن لیا کرتے ہین
دیر مین پیش بتان ہاتھ مین لیکر سمرن
برہمن شوق سی ہر نام جپا کرتی ہین
دیر تو دیر علی گرجے مین بھی اہل صدق
لفظ نیچر سے اوسے یاد کیا کرتی ہین

قصیدہ

درمولد سید و مولانا حضرت امیر المومنین علیہ السلام الی یوم القیام

مژدہ بادا شہسوارِ لافتیٰ پیدا ہوا — راکب دوشِ جنابِ مصطفےٰ پیدا ہوا
ہی رجب کی تیرہوین بشاش ہوا ای اہل دین — ابن عم پادشاہ انبیا پیدا ہوا
مسندِ پیغمبری کو اور بھی زینت ہوئی — جانشین حضرتِ خیرالوریٰ پیدا ہوا
فرق اقدس پر ہی زیبا جسکے تاج انما — کشور ملت کا وہ فرمار وا پیدا ہوا
لحمک لحمی ہی جسکی شان مین ای مومنو — وہ جگر بند جناب مصطفےٰ پیدا ہوا
لافتیٰ الا علی لاسیف الا ذوالفقار — شان مین جسکی ہی وہ شیر خدا پیدا ہوا
ضیغم دشت فتوت شیر میدان وغا — حیدر لشکر شکن خیبر کشا پیدا ہوا
جب کھچی مرحب پہ شاہ انس وجان کی ذوالفقار — عالم بالا مین شور مرحبا پیدا ہوا
دشت مین جسنے بچایا شیر سے سلمان کو — وہ زبردست جناب کبریا پیدا ہوا
شان مین جسکی خدا نی ہل اتیٰ نازل کیا — مومنو وہ آج ممدوح خدا پیدا ہوا
مثل شاہِ انبیا وہ بادشاہ اولیا — اولین و آخرین کا پیشوا پیدا ہوا
خرقۂ معراج بخشا حق نی مولیٰ کو مری — بہر ستاری وہ شاہ دوسرا پیدا ہوا
دیدۂ حق بین سی دیکھو جلوۂ روی علی — مظہر ذات جناب کبریا پیدا ہوا
پہلے کعبہ بتکدہ تھا ہو گیا بیت خدا — جب علی مرتضیٰ سا باخدا پیدا ہوا
مومنو باقی نہین اب خوف طوفان نفاق — کشتی دینِ خدا کا ناخدا پیدا ہوا

ہر نبی کی مشکلون کو جسنے آسان کر دیا | آج وہ عقدہ کشا مشکلکشا پیدا ہوا
شکل آدمؑ مین ہوا مسجود جو مقصود حق | وہ معین اولیا و انبیا پیدا ہوا
دشمن موسیٰؑ کو جسنے کر دیا اکدم مین غرق | بحر وحدت کا وہ دُرِّ بے بہا پیدا ہوا
جسنے یوسفؑ کو ملایا غمزدہ یعقوبؑ سے | مژدہ ای اہلِ حزن وہ غمزدا پیدا ہوا
خضر و الیاس و مسیحا کو ہدایت جسنے کی | وہ رہِ دینِ نبیؐ کا رہنما پیدا ہوا
جتنے ہین بیدست اونکا ہی یداللہ دستگیر | اہلِ حاجت کیلیے حاجت روا پیدا ہوا
مرتبہ مین منزلت مین بعد محبوبِ خدا | کون مولیٰ کے برابر دوسرا پیدا ہوا
ذات مین ہمذات حق ہی وہ شہِ دنیا و دین | نام مین نام خدا نام خدا پیدا ہوا
رجعت خورشید سی عالم پہ روشن ہو گیا | مثل پیغمبرؐ علیؑ معجز نما پیدا ہوا
قایل قول سلونی واقف اسرار غیب | عالم علم لدنّ مصطفےٰ پیدا ہوا

اپنی مشکل کیلیے پڑھ ای اثر نادِ علی
ساری مشکل کا علیؑ مشکلکشا پیدا ہوا

قصیدہ منقبت

کیون کعبہ دل مین نرکھین تجھسے صنم کو | جلوہ نی تری ایک کیا دیر و حرم کو
ہم نی وہ صنمخانہ بنایا ہے کہ جس مین | ہو دخل نہ زاہد تری تقوی کی صنم کو

دل ہی جو گزر گاہ خدا کعبہ یہی ہے | اے شیخ ترا کعبہ نہیں چاہیئے ہم کو
ہے وحشت دل سمجھے ہوئے سیر و تماشا | صحرای حدوث اور بیابان قدم کو
محتاج دلائل نہیں اثبات الٰہی | ای فلسفی رکھ چھوڑ براہین حکم کو
ابطال جز لایتجزیٰ سے جو تو نے | چاہا کرے اثبات ہیولی کے قدم کو
ثابت ہوئی جسوقت ہیولی کی قدیمی | مذہب میں ہوا دخل تدہّر کے قدم کو
شے کوئی ہیولی نہیں ای شکل ہیولی | صورت لی بدعت سی تری کفر و ظلم کو
ہر چند قوی فعل میں ہے قوت بخشش | چاہی تو کرے اوس سی قوی قوت شم کو
پیراہن یوسفؑ کی شمیم آئے ہوا پر | کنعان میں اک پیر پر از درد و الم کو
اضداد د موافق ید قدرت میں ہیں اوسکی | معدن بنی نیم چاہی جو معدن کریم کو
احسن ہی مگر نہج وہی جسپہ ہے عالم | اس نہج میں کچھ دخل نہیں لا و نعم کو
فطرت کا تقاضا ہی کہ ہو عدل کرم میں | اس عدل نی بے زور کیا دست ستم کو
بخشش ہو تلی اس لئی قسام ازل نے | خالی نرکھا عدل سی میزان کرم کو
ادنی کی جو اطوار ہیں اعلی کی نہیں ہیں | آثار رم آہو نہیں شیران اجم کو
انداز جو ہیں داخل طینت نہیں جاتے | آہو نہ کبھی ترک کری عادت رم کو
کر شکر کہ ہی شکر ہی سرمایۂ طاعت | ہی شکر ہی جو دفع کری کفر و ظلم کو

جب سی کہ کھلی ہستی عالم کی حقیقت ہم ایک سمجھنی لگے ہستی و عدم کو
اس عالم فانی مین اثر دل نہ لگانا رونا نہ پڑی تجھکو کہین بخت دژم کو
مغرور نہ ہو ثروت دنیای دنی پر بازیچۂ اطفال سمجھ جاہ و حشم کو
کیا مال سمجھتے ہین جو ہین صاحب دانش ملک و زر و اسپ و شتر و طبل و علم کو
نادان ہی منقش جو کری صفحۂ دل پر نقش ہوس و رغبت دینار و درم کو
گر عقل ہی کر ملک قناعت کو مسخر یہ ملک نہ حاصل ہوا شاہان عجم کو
اس راہ طلب مین تو بنا پیشوا اپنا شاہنشہِ دین نایب سلطان امم کو
یعنی کہ علی جسمین کرمی ہے خدا کی امید کرم جس سی ہے ارباب کرم کو
وہ شاہ گدا جسکے سمجھتے ہین مذلت جاہ و حشم و شوکتِ اسکندر و جم کو
وہ غازی حق تیغ نے جسکی کیا معدوم ہر دشمن دین شہ بطحی و حرم کو
وہ ضیغم دین جسنے کیا زیر وغا مین شیران عرب اور ہزبران عجم کو
ای سرور دین شاہ نجف مالک کونین ہی فخر تری ذات سی بطحی و حرم کو
وہ رہبر حق تو ہے کہ ارباب بصارت آنکھونسے لگاتی ہین تری نقش قدم کو
شاہا تری مدحت نہین انسان سی ممکن طاقت نہ زبان کو ہی نہ یارا ہی قلم کو
باہر ہین بیان سی تری اوصاف گرامی کوزہ مین جگہہ دی کوئی کس طرح سے یم کو

سلام

سلامی رخصت شبیر ہی آج
لہو غم سے دل دلگیر ہے آج

محبو وہ حسین ابن علی ہے
کہ جسکے قتل کی تدبیر ہے آج

نہ کیونکر خلد مین حیدر رہون مضطر
کہ خنجر سر شبیر ہے آج

پئے دست و گلو و پاے عابد
رسن ہی طوق ہی زنجیر ہے آج

حسین ابن علی جانی نہ پاوین
یہی کفار کی تقریر ہے آج

پئے قتل جگر بند پیمبر
کمر بستہ ہر اک بے پیر ہے آج

ہوی ہی شکل زینب شکل ماتم
سکینہ غم کی اک تصویر ہی آج

گلے مین اصغر تشنہ دہن کے
بجاے شیر آب تیر ہی آج

اثر آنسو کا ٹوٹی تار کیونکر
غم شبیر دامن گیر ہے آج

اشعار فارسی

تا دل به تظلم ندهد اذن زبان را / پیدا نه شود هیچ اثر آه و فغان را

جان نیز دهد عاشق دل داده ولیکن / دردا که وفا نیست حسینان جهان را

آسیب رسد از رخ تابان تو بر دل / صد چاک کند جلوهٔ مهتاب کتان را

ایجاد کمند از خم زلف تو طرح بست / ابروے تو آموخت کجی تیغ و کمان را

کوه غم عشق تو نهادند سر ما / حامل نتوان شد فلک این بار گران را

ای روی ابد رنگ گرفته ز بهارت / در گلشن حسن تو گذر نیست خزان را

از کیفیت خویش بر یار چه گوئی ؛
در کار بیان نیست اثر حال عیان را

برق حسن تو نه تنها جگر و جانم سوخت / آتشی زد بدل و خرمن ایمانم سوخت

شوق نظارهٔ حسنت سر طورم نکشید / آتش جلوهٔ رخسار تو آسانم سوخت

خلق آگاه نشد از طپش سوز دلم / آتش عشق تو در پردهٔ پنهانم سوخت

شعله در دلم افگند و جگر کرد کباب / گرمیٔ نالهٔ بلبل بگلستانم سوخت

آتش عشق بتان بود چو آتش در سنگ / ماند پوشیده درون دل و پنهانم سوخت

داغ پنهان بدل و نالهٔ سوزان بنیان / سوخت عشق تو مگر با سر و سامانم سوخت

گرم پهلو نه شد از مهر دل افروز کسے
اے اثر آتش هجرش بز ستانم سوخت

هر سحر گه که ز کوئے تو صبا می آید
تازه جانے به تن خسته ما می آید

شکوه غیر بروئیت نتوانم کردن
شرم از شوخی چشم تو مرا می آید

رونق جامه رندان چو دهد بوی شراب
شیخ از خرقهٔ تو بوئے ریا می آید

کرمت اجر نجوید چه کریمی یارب
کز گنهگار خطا وز تو عطا می آید

کارفرمائی شوق است پر از بوالعجبی
بوئے یوسف ز کجا تا بکجا می آید

صوفی ار نعره زند نیست خلاف فطرت
آری خالی چو بود ظرف صدا می آید

کبک و درّاج اگر صید نشد رنج مبر
صبر کن صبر که در دام هما می آید

از خدا می طلبی حور ببیر اے زاهد
هیچت از سرکشی نفس حیا می آید

مطمئن نیست ز اغیار جفا کار دلش
که بکوے تو اثر او بقضا می آید

نازش ببین چو روی نیازم نظر کند
چشم نیاز جانب روئی دگر کند

کے یار سوی من بعنایت نظر کند
اندیدمن بغیر کرم بیشتر کند

صد غم اکتفا نکند شرح وردرا
گر شکوه دلم ز جفائے تو سر کند

ترسم زمرگ خویش که او بهر فاتحه
همراه غیر بر سر قبرم گذر کند

شکوه مبر ز حال بدت پیش آسمان
زین بدسگال ترس که بد را بتر کند

دل را بشوق زلف کسی تنگ بختگی ست
سودای خام نیست که از سر بدر کند

گردد هزار بار فراموش از دلش
نامم هزار بار اگر او زبر کند

گو قاصدی که همچو صبا در حریم یار
بی خوف از درشتی دربان گذر کند

گو پیک باجزکه ز راه کرم دلی
او را خبر ز حال من بیخبر کند

آن طالعش کجاست که ناصح بگوی تو
فارغ ز غم نشنید و خاکی بسر کند

این زهره هم رقیب ندارد که پیش دل
ذکر از خرابی من خسته جگر کند

در بزم غیر راند هد جای در بغل
از یار دور نیست اگر اینقدر کند

از تیر آه گوشه نشینان پناه نیست
باید که مدعی ز تواضع سپر کند

وقت ست عندلیب زند شیون بهار
وقت ست ابر بر سر گل چشم تر کند

دارد دلم چه سوز که شمع حریم دوست
شب را برنگ من نتواند سحر کند

از جذب عشق دور مپندار ای اثر
لیلی اگر بوادی مجنون گذر کند

خوش مرا پیروی باده پرستان آمد
رفتم از مدرسه و کار من آسان آمد

هر که شد تاجور کشور عرفان ویقین | بر در شاه نجف بندهٔ احسان آمد
چشم عالم سرپایست که زفیض قدمت | کارم از دست شده باز بسامان آمد
مدعی انچه بصد شوق تمنا میکرد | بغلامان ز نوال شه مردان آمد
واعظ شهر برزاق جهان تکیه نکرد | سوی مسجد بتلاش نمک نان آمد
رخ هر سنگ تجلای جمالش وارد | بر سر طور چرا موسیٔ عمران آمد
از خرابی خزان داشت خبر ورنه چرا | سر گل اشک فشان ابر بهاران آمد

اثر از زلف درازش سخنت طول کشید
قصه کوتاه کنی عمر بپایان آمد

مبتلاے عشق باش وشاد باش | وز غم هر دو جهان آزاد باش
عاشقان دلدادهٔ خوے تو اند | تا توانی مایل بیداد باش
لذت بیحد نصیب جان ماست | حی وقایم اے ستم ایجاد باش
سرومتاب از عشق و سر نه در رهش | عاشق جانباز چون فرهاد باش

تا توانی اے اثر غافل مشو
از خداے دو جهان در یاد باش

سرور کون ومکان شاه سلام علیک | قاسم نار وجنان شاه سلام علیک

مالک ملک کرم نایب شاه امم | بادشه انس و جان شاه سلام علیک
ضیغم دین خدا حیدر خیبر کشا | داغ نه سرکشان شاه سلام علیک
شافع روز جزا هادی هر دو سرا | چارهٔ بیچارگان شاه سلام علیک
واقف اسرار غیب دافع هر شبه و ریب | عالم راز نهان شاه سلام علیک
حیدر صفدر لقب سرور عالی نسب | فخر شهان جهان شاه سلام علیک
دافع داغ الم داروی هر درد و غم | مرهم خسته دلان شاه سلام علیک
مفتی دین خدا حاکم ملک رضا | حق ز کلامت عیان شاه سلام علیک
زینت بزم نبی فخر نبی و ولی | شمع شبستان جان شاه سلام علیک
مقصد و مقصود ما شاهد و مشهود ما | نام تو ورد زبان شاه سلام علیک
ذات تو در هر زمان بود چو گنج نهان | از تو قدم را نشان شاه سلام علیک
لحمک لحمی نبی گفت ترا یا علی | هستی مرا جان جان شاه سلام علیک
صاحب منبر توی مالک قنبر توی | سرور هر دو جهان شاه سلام علیک
مظهر ذات خدا جلوه ده انبیا | فخر شه مرسلان شاه سلام علیک
خالق کون و مکان کرد ثنایت بیان | چون نه شوم مدح خوان شاه سلام علیک

بخش ز عشق خدا این اثر مرده را

زندگی جاودان شاه سلام علیک

در بتان جلوهٔ انوار خدا می بینم
زاهدا بین زنگا هم که چها می بینم

کیست آن خسرو خوبی که درش را یاز
مرجع شاه و گزرگاه گدا می بینم

نیست جز صبر رهِ خاک نشینان ور نه
چرخ را زیر زمین وقت دعا می بینم

از نگاه غلط انداز که چشمش دارد
آنچه بر جان شدنی هست دلا می بینم

عجب از پیر خرابات که یارب اورا
واقف راز حقیقت ز کجا می بینم

گو ز رندان خرابات مگردان زاهد
که چو آئینه دل شان بصفا می بینم

شرف سایه میفگن بد یارت که اثر
کمتر از بوم بشهر تو هما می بینم

غیر را مشق کرم ساختهٔ یعنی چه
جور را طرح نو انداختهٔ یعنی چه

بادل ساده و آزاده که من می دارم
اے فلک نرد دغا باختهٔ یعنی چه

کشور دل که از انت شده در روز ازل
لشکر ظلم بر آن تاختهٔ یعنی چه

من که با گیسوے تو خط غلامی دارم
بر سرم تیغ جفا آختهٔ یعنی چه

سرکشی چون نمی زیبد برخ یار ترا
گردن ای شمع برافراختهٔ یعنی چه

تو و دنیای دنی اے اثر پاک سرشت

بر سر جیفه پرداخته یعنی چه

ناصح تو جلوهٔ رخ جانان ندیده / زلف سیاه و کاکل پیچان ندیده
واعظ حدیث خوبی طوبی براه شوق / زان سیکنی که سرو خرامان ندیده
بر کفر من زبیخردی طعنه مزن / چشمش که هست دشمن ایمان ندیده
پیشم مگو ز سختی روز جزا سخن / رنج و مصیبت شب هجران ندیده
طوفان نوح شمهٔ طوفان اشک ماست / ای ابر جوش دیده گریان ندیده

غره مشو بمهر و عطایش که ای اثر
جور و جفای آن شه خوبان ندیده

ای عندلیب از چه فغان ها کشیده / ای گل چه دیده که گریبان دریده
دارم دلی که صید کمند هوای تست / از من چرا چو آهوی صحرا رمیده
ای جان جان مرو ز بر من که در الم / شکل صبوری دل آزار دیده
زان طایر دلم بهوای تو می پرد / صد مرغ جان بدام هلاکت کشیده
رنگ بهار راز عذار تو تازگی / در گلشن جمال گل نو دمیده
پیوسته بدشمن دلی از دوست همچو من / در حیرتم که رشتهٔ الفت بریده
تاب فروغ بزم حسینان دلت نداشت / زاهد از آن تو گوشهٔ عزلت گزیده

دعوی بندگی مکن ای سرو بوستان
که در رکاب آن قد بالا دویده

دیگر مدار چشم توجه ز چشم او
ای دل ترا چه قدر که اشک چکیده

طبع تو رحم بر من مسکین نمی کند
حالم مگر ز دشمن بدگو شنیده

محتاج شرح حال دلت نیست ای اثر
اندوی تو عیان است که آفت رسیده

چشم شهلا رخ رنگین قد رعنا داری
چه شمایل بخدا ای بت زیبا داری

حرفی از لطف بفرما سر جان داده خویش
که در انفاس صد اعجاز مسیحا داری

با تو ای زاهد بعقل مرا کاری نیست
فکر امروز ندارم غم فردا داری

مایهٔ عقل و خرد از دل عالم بردی
چه بلا هوش ربا نرگس شهلا داری

جز تلون صنما نیست بذاتت عیبی
آفتابی و لے خاصیت حربا داری

ایکه حیثیم بکان بهر تو شایان باشد
در حریم دل عشاق چسان جا داری

ما که ای بادشه حسن دعاگوی توایم
هیچ در دل ز گدایان سر پروا داری

کافرم کرد و سویدای غمت لا افزود
خال مشکین که ته زلف چلیپا داری

شکر ایزد که ز جام کرم پیر مغان
دل من پاک شد از رغبت دنیا داری

رو اے زاهد خود بین وز خالم بگذر
تو که در مغفرتم چون و چرا ها داری

اے اثر گریۂ شب را اثری نیست کہ
چشم تر دار کہ در غیب عطا ہا داری

تا کی بشوق وصل تو شبہا گریستن
تنہا نشستن و بہ تمنا گریستن

تو برق حسن ہستی و ماییم ابر عشق
خندیدن از تو آید و از ما گریستن

منعم مکن ز گریہ کہ در ہجر ناصحا
تسکین دل نمی کند الا گریستن

زاہد بشوق سرو قدی اشک من روانست
ناید ز من بحسرت طوبی گریستن

از گریہ چون نہ آب شود زہرۂ عدو
یکسان بود گریستن و نا گریستن

باید اثر بیاد لب تشنۂ حسین
از چشم اشکبار چو دریا گریستن

سجدۂ حق ز سر ز در رو یا جایز نیست
آنچہ تو میکنی زاہد بخدا جایز نیست

چون مے و حور بود عاقبت کار جہان
در جہان بادہ و معشوق چرا جایز نیست

چون جہان گشت و چرا گشت نباید پرسید
کار بیچون ست درین چون و چرا جایز نیست

اللہ اللہ چہ ستم میکنی بر اہل وفا
این جفا ہا کہ روا داری بما جایز نیست

اثر از درد کشان ست میازار دلش
ای شہ حسن ستم با فقرا جایز نیست

ببر کشتی ز چهرهٔ تابان نقاب را
از جلوه در حجاب کنی آفتاب را

بیخوابیم مپرس که چون از وفور غم
افسانه ام ربود ز چشم تو خواب را

رباعی

در د غم هجر تو بیان می خواهد
هر موے تن نزار زبان می خواهد

ای جان چه تمنائے وصالت گویم
دل در پے آن ست و همان می خواهد

مثنوی

چون نه نالم در غم عشق علی
افتخار هر نبی و هر ولی

الفت حیدر بود اسلام ما
نام پاک شاه زیب کام ما

درد ها دارد دل شیدای من
زین سبب این گریهٔ شب هاے من

عاشقی پیدا ست از زاری دل
نیست بیماری چو بیماری دل

عین ایمان ست عشق مرتضیٰ
نور بخش دیدهٔ مرد خدا

دشمن مولا ست کور و بے بصر
همچو اعمیٰ میرود سوے سقر

از مذاق عشق بازی بیخبر
تا ز دارد تیره دل بر مال و زر

رتبهٔ حیدر برون از فهم ما ست
رتبه دان او جناب کبریا ست

از زبانت کم نگردد شان او
سجده گاه اولیا ایوان او

انبیارا ذات پاکش افتخار — هر نبی از وی اعانت خواستگار

دشمنان را نام مولی جان گزاست — دوستان را نام مولی جان فزاست

ننگرد حاسد بسوی بوتراب — شپره بیند نه روی آفتاب

این شقاوت شیوهٔ اسلام نیست — بر چنین فهم و ذکا باید گریست

کفر بهتر از چنین دین خراب — کاندران رکنی ست بغض بوتراب

همچنین اسلام را از من سلام — بر چنین اسلامیان شامت مدام

رحمت حق بر محبان علیؑ — رحمت حق بر ثناخوان علیؑ

رحمت حق بر محبان حسنؑ — رحمت حق بر ثناخوان حسنؑ

رحمت حق بر محبان حسینؑ — رحمت حق بر ثناخوان حسینؑ

فرقهٔ هستند از اسلامیان — بدتر از اهل دمشق و شامیان

از علی این فرقه را بغض و عناد — وز عدوش ربط و عشق و اتحاد

ابن ملجم شرم دارد زین گروه — پیش بی‌عنوانی ایشان س

کی شود راضی خدای ذوالجلال — چون از ایشان مرتضی دا

نیز از ابن علی دارند خار — در ولای دشمنانش استو

ای که هستی صاحب علم و هنر — وز ره دین پیمبر باخبر